امامیہ جنتری (رجسٹرڈ)

2010

Imamia Jantri®

افتخار بک ڈپو (رجسٹرڈ) اسلام پورہ لاہور پوسٹ کوڈ 54000

Registration # 9573
Main Bazar, Islampura, Lahore
Tel: 92 42 3722 3686 e-mail: ibdtrade@gmail.com
www.ibdtrade.com

Iftikhar®
BOOK DEPOT
ESTB 1955

Scanned with CamScanner

عظیم نورانی نقش

علیؑ علیؑ

محمّد صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم

فاطمہ سلام اللہ علیہا

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَاَنۡتَ الۡمَحۡمُوۡدُ وَبِحَقِّ عَلِیٍّ وَاَنۡتَ الۡاَعۡلٰی وَبِحَقِّ فَاطِمَۃَ وَاَنۡتَ فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ

وَبِحَقِّ الۡحَسَنِ وَاَنۡتَ الۡمُحۡسِنُ وَبِحَقِّ الۡحُسَیۡنِ وَاَنۡتَ قَدِیۡمُ الۡاِحۡسَانِ اَنۡ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنۡ تَفۡعَلَ بِیۡ

۱۰۷	۱۱۴	۱۰۹
۱۱۲	علیؑ	۱۰۸
۱۱۱	۱۰۶	۱۱۳

یَا قَاھِرَ الۡعَدُوِّ وَیَا وَالِیَ الۡوَلِیِّ

یَا مُظۡھِرَ الۡعَجَائِبِ یَا مُرۡتَضٰی عَلِیّ

بِبَرَکَۃِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ یَا اَبَا الۡغَیۡثِ اَغِثۡنِیۡ نَادِ عَلِیًّا مَظۡھَرَ الۡعَجَائِبِ تَجِدۡہُ عَوۡنًا لَّکَ فِی النَّوَائِبِ کُلُّ ھَمٍّ وَّغَمٍّ سَیَنۡجَلِیۡ بِوِلَایَتِکَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ

حسن علیہ السّلام

حسین علیہ السّلام

علیؑ علیؑ

افتخار بک ڈپو (رجسٹرڈ) مین بازار اسلام پورہ لاہور فون: 37223686

Scanned with CamScanner



اسمائے باری تعالیٰ جل جلالہ

خدا کا نام اَللّٰہُ ۶۶	جمالی اَلرَّحْمٰنُ ۲۹۸	جمالی اَلرَّحِیْمُ ۲۵۸	مشترک اَلْمَلِکُ ۹۰		
جمالی اَلْقُدُّوْسُ ۱۷۰	جمالی اَلسَّلَامُ ۱۳۱	جمالی اَلْمُؤْمِنُ ۱۳۶	جمالی اَلْمُهَیْمِنُ ۱۴۵	جلالی اَلْعَزِیْزُ ۹۴	جلالی اَلْجَبَّارُ ۲۰۶
جلالی اَلْمُتَکَبِّرُ ۶۶۲	جمالی اَلْخَالِقُ ۷۳۱	مشترک اَلْبَارِئُ ۲۱۳	جمالی اَلْمُصَوِّرُ ۳۳۶	جمالی اَلْغَفَّارُ ۱۲۸۱	جلالی اَلْقَهَّارُ ۳۰۶
جمالی اَلْوَهَّابُ ۱۴	جمالی اَلرَّزَّاقُ ۳۰۸	جمالی اَلْفَتَّاحُ ۴۸۹	جمالی اَلْعَلِیْمُ ۱۵۰	جمالی اَلْقَابِضُ ۹۰۳	جمالی اَلْبَاسِطُ ۷۲
جمالی اَلْخَافِضُ ۱۴۸۱	جمالی اَلرَّافِعُ ۳۵۱	جمالی اَلْمُعِزُّ ۱۱۷	جلالی اَلْمُذِلُّ ۷۷	جمالی اَلسَّمِیْعُ ۱۸۰	جمالی اَلْبَصِیْرُ ۳۰۲
جمالی اَلْحَکَمُ ۶۸	مشترک اَلْعَدْلُ ۱۰۴	جمالی اَللَّطِیْفُ ۱۲۹	جمالی اَلْخَبِیْرُ ۸۱۲	جمالی اَلْحَلِیْمُ ۸۸	جمالی اَلْعَظِیْمُ ۱۰۲۰
جمالی اَلْغَفُوْرُ ۱۲۸۶	جمالی اَلشَّکُوْرُ ۵۲۶	جمالی اَلْعَلِیُّ ۱۱۰	جمالی اَلْکَبِیْرُ ۲۳۲	جمالی اَلْحَفِیْظُ ۹۹۸	جلالی اَلْمُقِیْتُ ۵۵۰
مشترک اَلْحَسِیْبُ ۸۰	جمالی اَلْجَلِیْلُ ۷۳	جمالی اَلْکَرِیْمُ ۲۷۰	جمالی اَلرَّقِیْبُ ۳۱۲	جمالی اَلْمُجِیْبُ ۵۵	جمالی اَلْوَاسِعُ ۱۳۷
جمالی اَلْحَکِیْمُ ۷۸	جمالی اَلْوَدُوْدُ ۲۰	جمالی اَلْمَجِیْدُ ۵۷	مشترک اَلْبَاعِثُ ۵۷۳	جمالی اَلشَّهِیْدُ ۳۱۹	مشترک اَلْحَقُّ ۱۰۸
جمالی اَلْوَکِیْلُ ۶۶	جلالی اَلْقَوِیُّ ۱۱۶	جمالی اَلْمَتِیْنُ ۵۰۰	مشترک اَلْوَلِیُّ ۴۶	جمالی اَلْحَمِیْدُ ۶۲	جلالی اَلْمُحْصِیْ ۱۴۸
جلالی اَلْمُبْدِئُ ۵۶	جلالی اَلْمُعِیْدُ ۱۲۴	جمالی اَلْمُحْیِیْ ۶۸	جلالی اَلْمُمِیْتُ ۴۹۰	جلالی اَلْحَیُّ ۱۸	جلالی اَلْقَیُّوْمُ ۱۵۶
جلالی اَلْوَاجِدُ ۱۴	جلالی اَلْمَاجِدُ ۴۸	مشترک اَلْوَاحِدُ ۱۹	جلالی اَلْاَحَدُ ۱۳	جلالی اَلصَّمَدُ ۱۳۴	جلالی اَلْقَادِرُ ۳۰۵
جلالی اَلْمُقْتَدِرُ ۷۴۴	مشترک اَلْمُقَدِّمُ ۱۸۴	مشترک اَلْمُؤَخِّرُ ۸۴۶	مشترک اَلْاَوَّلُ ۳۷	مشترک اَلْآخِرُ ۸۰۱	مشترک اَلظَّاهِرُ ۱۱۰۶
مشترک اَلْبَاطِنُ ۶۲	جمالی اَلْوَالِیُ ۴۷	مشترک اَلْمُتَعَالِیْ ۵۵۱	جمالی اَلْبَرُّ ۲۰۲	جمالی اَلتَّوَّابُ ۴۰۹	جلالی اَلْمُنْتَقِمُ ۶۳۰
جمالی اَلْعَفُوُّ ۱۵۶	جمالی اَلرَّءُوْفُ ۲۸۶	جلالی مَالِکُ الْمُلْکِ ۲۱۲	جلالی ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ۱۱۰۰		جلالی اَلْمُقْسِطُ ۲۰۹
مشترک اَلْجَامِعُ ۱۱۴	مشترک اَلْغَنِیُّ ۱۰۶۰	جمالی اَلْمُغْنِیُ ۱۱۰۰	جلالی اَلْمَانِعُ ۱۶۱	جلالی اَلضَّآرُّ ۱۰۰۱	جمالی اَلنَّافِعُ ۲۰۱
مشترک اَلنُّوْرُ ۲۵۶	جمالی اَلْهَادِیْ ۲۰	جمالی اَلْبَاقِیْ ۱۱۳	جلالی اَلْوَارِثُ ۷۰۷	مشترک اَلرَّشِیْدُ ۵۱۴	جلالی اَلصَّبُوْرُ ۲۹۸



دُعائے حاجات

جو شخص ہر نماز کے بعد اس دُعا کو ہمیشہ پڑھے گا خصوصاً جمعہ کی نماز کے بعد تو اللہ تعالیٰ ہر خوف کی چیز سے اس کی حفاظت کریگا اُس کے دشمنوں پر اسکی مدد کریگا اور اسکو غنی کردیگا اور اس کو ایسی جگہ سے رزق پہنچائے گا جہاں اس کا خیال بھی نہ جائے اور اُس کی زندگی اُس پر آسان کردیگا اور اس کا قرض ادا کردیگا اگر چہ وہ پہاڑ کے برابر ہو۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا وَاحِدُ یَا مَوْجُوْدُ یَا جَوَّادُ یَا بَاسِطُ یَا کَرِیْمُ یَا وَھَّابُ

اے اللہ اے یکتا اے یگانہ اے موجود اے بہت سخی اے پھیلانے والے اے کرم کرنے والے اے بہت دینے والے

یَا ذَا الطَّوْلِ یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیُ یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ یَا عَلِیْمُ یَا حَکِیْمُ یَا حَیُّ

اے بخشش کرنے والے اے بے پرواہ کرنے والے اے بے پرواہ اے بہت کھولنے والے اے بہت روزی دینے والے اے تمام چیزوں کو جاننے والے اے حقیقت کو جاننے والے اے زندہ

یَا قَیُّوْمُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ

اے قائم بالذات اے بہت رحم کرنیوالے اے بے انتہا مہربان اے آسمانوں اور زمین کو بلا نمونہ پیدا کرنے والے اے بزرگی اور عظمت والے

وَالْاِکْرَامِ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ نَفِّحْنِیْ مِنْکَ بِنَفْحَةٍ خَیْرٍ تُغْنِیْنِیْ بِھَا

اے بہت زیادہ مہربان اے بہت زیادہ احسان کرنے والے مجھے اپنی طرف سے ایسی خوشبو عطا کر جو تیرے سوا تمام سے

عَمَّنْ سِوَاکَ اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَکُمُ الْفَتْحُ اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا

بے پرواہ کردے اگر تم کامیابی چاہتے ہو تو یہ (جان لو) کہ کامیابی آچکی ہے بے شک ہم نے آپ کو کھلی ہوئی کامیابی عطا

مُّبِیْنًا نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ اَللّٰھُمَّ یَا غَنِیُّ یَا حَمِیْدُ یَا مُبْدِئُ

کی ہے۔ اللہ کی طرف سے مدد اور قریبی فتح (کی اُمید ہے) اے اللہ اے بے پرواہ اے قابل تعریف اے پیدا کرنیوالے

یَا مُعِیْدُ یَا وَدُوْدُ یَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِیْدِ یَا فَعَّالًا لِّمَا یُرِیْدُ اِکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ

اے دوبارہ زندہ کرنیوالے اے بہت زیادہ محبت کرنیوالے اے عظمت والے عرش کے مالک اے جو چاہے وہ کر گزرنے والے اپنی حلال کی ہوئی باتوں کے ذریعے

عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ وَاحْفَظْنِیْ بِمَا حَفِظْتَ

حرام باتوں سے مجھے بے پرواہ کردے اور اپنے فضل کے ذریعے اپنی ذات کے سوا تمام سے بے پرواہ کردے اور جس ذریعے تونے اپنے کلام

بِهِ الذِّکْرَ وَانْصُرْنِیْ بِمَا نَصَرْتَ بِهِ الرُّسُلَ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○

کی حفاظت کی اسی سے میری بھی حفاظت فرما اور جن ذرائع سے تونے اپنے رسولوں کی مدد فرمائی انہی ذرائع سے میری مدد فرما تو ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔

Scanned with CamScanner

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دُعا

حضرت امام رضا علیہ السّلام سے منقول ہے کہ حضرت رسولؐ خدا ہر نئے سال کی پہلی شب میں دو رکعت نماز ادا فرماتے تھے اور دونوں ہاتھ اُٹھا کر یہ دُعا پڑھتے تھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اِلٰهُ الْقَدِيْمُ وَهٰذِهٖ سَنَةٌ جَدِيْدَةٌ
فَاَسْئَلُكَ فِيْهَا الْعِصْمَةَ مِنَ الشَّيْطٰنِ وَالْقُوَّةَ
عَلٰى هٰذِهِ النَّفْسِ الْاَمَّارَةِ بِالسُّوْءِ وَالْاِشْتِغَالَ
بِمَا يُقَرِّبُنِيْ اِلَيْكَ يَا كَرِيْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ
وَالْاِكْرَامِ يَا عِمَادَ مَنْ لَّا عِمَادَ لَهٗ يَا ذُخْرَ مَنْ لَّا
ذُخْرَ لَهٗ يَا حِرْزَ مَنْ لَّا حِرْزَ لَهٗ يَا كَنْزَ مَنْ لَّا
كَنْزَ لَهٗ يَا حَسَنَ الْبَلَاۤءِ يَا عَظِيْمَ الرَّجَاۤءِ يَا عِزَّ
الضُّعَفَاۤءِ يَا مُنْقِذَ الْغَرْقٰى يَا مُنْجِيَ الْهَلْكٰى
يَا مُنْعِمُ يَا مُجْمِلُ يَا مُفْضِلُ يَا مُحْسِنُ اَنْتَ الَّذِيْ
سَجَدَ لَكَ سَوَادُ الَّيْلِ وَنُوْرُ النَّهَارِ وَضَوْءُ
الْقَمَرِ وَشُعَاعُ الشَّمْسِ وَدَوِيُّ الْمَاۤءِ وَحَفِيْفُ
الشَّجَرِ يَا اَللّٰهُ لَا شَرِيْكَ لَكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا
خَيْرًا مِّمَّا يَظُنُّوْنَ وَاغْفِرْ لَنَا مَا لَا يَعْلَمُوْنَ وَلَا
تُؤَاخِذْنَا بِمَا يَقُوْلُوْنَ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اٰمَنَّا بِهٖ
كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّا اُولُوا الْاَلْبَابِ ط
رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا
مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ط

حضرت علیؑ کی ایک مخصوص دُعا

منقول ہے کہ جب حضرت علیؑ کو کوئی نہایت پریشان کن اور اضطراب آگیں مہم درپیش ہوتی تو آپ دو رکعت نماز ادا کر کے (۱۰۰) سو مرتبہ " اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ " پڑھنے کے بعد دُعائے ذیل کو پڑھتے۔ اس کے بعد اپنے کام کو شروع فرماتے تھے۔ جس کی وجہ سے آپ کو کسی کام میں نقصان نہیں پہنچتا تھا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ قَدْ هَمَمْتُ بِاَمْرٍ قَدْ عَلِمْتَهٗ فَاِنْ
خدایا! میں نے جو ارادہ کر رکھا ہے تو اُس سے ضرور واقف ہے
كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّهٗ خَيْرٌ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَ
دیکھ! اگر وہ دینی، دنیاوی و اُخروی حیثیت سے میرے لئے
دُنْيَايَ وَاٰخِرَتِيْ فَيَسِّرْ لِيْ وَاِنْ كُنْتَ
بہتر ہے تو سہل و آسان فرما دے اور اگر تیری حقیقت میں نظر
تَعْلَمُ اَنَّهٗ شَرٌّ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَدُنْيَايَ وَاٰخِرَتِيْ
سے دینی، دنیاوی اور اخروی حیثیت سے میرے لئے بُرا ہے
فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ كَرِهْتُ ذٰلِكَ اَوْ اَحْبَبْتُ
تو رد فرما دے چاہے مجھے بُرا لگے یا وہ مجھے اچھا لگے کیونکہ تو سب کچھ جانتا ہے
فَاِنَّكَ تَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ
اور میں کچھ نہیں جانتا اور تو ہی ذاتی طور پر غیب کا جاننے والا ہے۔

حضرت علیؑ کی تعلیم کردہ دُعا برائے امراض قلب

ہر واجب نماز کے بعد دل پر ہاتھ رکھ کر پہلے دُرود پڑھے۔ پھر گیارہ مرتبہ (يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ) کہے۔ اور بارہویں مرتبہ یوں کہے۔

(يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ اَسْئَلُكَ اَنْ تُحْيِيَ قَلْبِيْ)

ترجمہ: اے زندہ! اے قائم رہنے والے، اے نہیں ہے کوئی معبود مگر، تو میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو زندہ کر دے میرے دل کو۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نقش سورۃ الحمد

سورۃ فاتحہ قرآن پاک کی سب سے افضل سورۃ ہے۔اس کے فضائل اور برکات کا کوئی شمار نہیں ہے۔اسی لحاظ سے احادیث میں اس سورۃ مبارکہ کے کئی نام ہیں۔جن میں سے ایک نام شافیہ بھی ہے۔جس کے معنی ہیں شفا دینے والی سورۃ۔ایک حدیث میں ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا۔کہ یہ سورت ہر بیماری کا علاج ہے اور جس کو سورۃ فاتحہ سے شفاء نہ ملی اسے کسی چیز سے شفاء نہیں مل سکتی۔لہٰذا اس کے بے شمار فوائد ہیں۔ خصوصاً کینسر، السر، بلڈ پریشر اور دیگر لاعلاج امراض کیلئے۔

ترکیب استعمال: بیماری کیلئے اس طرح کہ نقش 41 سے 90 دن پہنے ہیں اور رات کو یا نماز فجر کے بعد الحمد مغربی کی تلاوت کریں اور گلے میں ڈالنے کیلئے نقش کو موم جامہ کر کے پھر عشاء یا فجر کی نماز کے بعد دو رکعت نماز پڑھیں سلام کے بعد اوّل و آخر درود شریف 11-11 بار کے ساتھ الحمد شریف 11 بار 33 بار **یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام** 33 بار بسم اللہ پڑھ کر نقش گلے میں ڈالیں اور پھر نماز فجر فرض اور سنت کے درمیان یہی کلام پڑھنی ہے۔11 دن تک ہر مقصد پریشانی بیماری خیر و برکت کیلئے اس طرح پڑھیں۔گونگے بہرے کے لئے نقش کے ساتھ الحمد شریف 11 بار پڑھنی ہے۔اس طرح کہ مغرب کی نماز کے بعد بچہ یا بچی کو بیٹھا کر دونوں ہاتھوں کی شہادت والی انگلیاں دونوں کانوں میں ڈال کر الحمد پڑھنی ہے ایک بار پھر انگلیاں نکال کر 3 بار **یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام** 3 بار **بسم اللہ** اس طرح الحمد شریف پڑھنی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا مَعْشَرَ الْاَرْوَاحِ الرُّوْحَانِيَّةِ وَالْمُوَكَّلِيْنَ بِهٰذِهٖ يَا اَمْلَاكُ الْمُوَكَّلُوْنَ بِهٰذِهِ الْاَسْمَاءِ الْعِظَامِ بِحَقِّ اِسْرَافِيْلَ وَحَمَلَةِ الْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ

الحمد	لله	رب	العلمين	الرحمن	الرحيم	ملک	يوم	الدين	اياک	نعبد	واياک	نستعين
لله	رب	العلمين	الرحمن	الرحيم	ملک	يوم	الدين	اياک	نعبد	واياک	نستعين	اهدنا
رب	العلمين	الرحمن	الرحيم	ملک	يوم	الدين	اياک	نعبد	واياک	نستعين	اهدنا	الصراط
العلمين	الرحمن	الرحيم	ملک	يوم	الدين	اياک	نعبد	واياک	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم
الرحمن	الرحيم	ملک	يوم	الدين	اياک	نعبد	واياک	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم	صراط
الرحيم	ملک	يوم	الدين	اياک	نعبد	واياک	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم	صراط	الذين
ملک	يوم	الدين	اياک	نعبد	واياک	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم	صراط	الذين	انعمت
يوم	الدين	اياک	نعبد	واياک	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم	صراط	الذين	انعمت	عليهم
الدين	اياک	نعبد	واياک	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم	صراط	الذين	انعمت	عليهم	غير
اياک	نعبد	واياک	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم	صراط	الذين	انعمت	عليهم	غير	المغضوب
نعبد	واياک	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم	صراط	الذين	انعمت	عليهم	غير	المغضوب	عليهم
واياک	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم	صراط	الذين	انعمت	عليهم	غير	المغضوب	عليهم	ولا
نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم	صراط	الذين	انعمت	عليهم	غير	المغضوب	عليهم	ولا	الضالين

عَلَيْهِمْ يَا [illegible] بِحَقِّ مِيْكَائِيْلَ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّيْنَ

[illegible] قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ [illegible] الْعَظِيْمِ

[illegible] الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ [illegible]

[illegible] بِحَقِّ عَزْرَائِيْلَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ [illegible]

اَجِيْبُوْنِيْ وَاحْضُرُوْنِيْ يَا اَمْلَاكُ الْمُوَكَّلُوْنَ بِهٰذِهِ الْاَسْمَاءِ الْعِظَامِ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الشَّرِيْفَةِ الْمُصْطَفٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ اِقْضِ حَاجَتِيْ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ.

نورانی محفل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۃ بقرہ ۱ بار سورۃ الحمد 70 بار آیۃ الکرسی 70 بار چاروں قل 70،70 بار اور دعائے توسل یہ نورانی محفل سات شب جمعہ گھر میں سجائی جائے تو ہر مشکل کا حل ہے ہر مقصد میں کامیابی جادو کا توڑ ہے گھر میں خیر و برکت کیلئے وسعتِ رزق کیلئے اگربتی لگا کر کوئی بھی میٹھی چیز پکا کر دودھ و پانی اور فروٹ وغیرہ رکھ کر پڑھیں یہ عمل گھر کے سب لوگ مل کر کریں اور اس کلام کو اور اس نیاز کو انبیاءؑ ائمہ طاہرینؑ اور تمام مومنین و مسلمان کو ہدیہ کر دیں اور اپنے مقصد کیلئے دُعا کریں بالخصوص اس امامیہ جنتری (افتخار بک ڈپو، کے بانی و مالکان کیلئے دُعا مانگیں کہ خدا اس ادارے اور اس کے مالکان کو تا قیامت شاد آباد رکھے اور کامیابی و کامرانی عطا فرمائے۔آمین۔

محتاجِ دُعا: سیّد محمد اجتبیٰ ہمدانی۔۔تلہ گنگ چکوال۔فون: 0300-5783877 , 0333-5927422۔۔۔

تمام مقاصد کے لئے: درج ذیل اسمائے حُسنیٰ کو گیارہ مرتبہ اوّل و آخر دُرود کے ساتھ روزانہ 100 مرتبہ اکتالیس دن تک پڑھے۔تو ہر مقصد میں کامیابی ہوگی۔انشاءاللہ

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام

کی پُر اثر دُعا

اوّل و آخر ۱۵ مرتبہ دُرود پڑھیں۔ پھر حاجت طلب کریں۔ شیخ کفعمی نے مقاتل بن سلیمان سے نقل کیا۔ امامؑ نے فرمایا! سو مرتبہ اِس دُعا کو پڑھیں۔ اِنشاءاللہ تعالیٰ دُعا مستجاب ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِلٰهِیْ كَيْفَ اَدْعُوْكَ وَاَنَا اَنَا وَكَيْفَ اَقْطَعُ رَجَآئِیْ مِنْكَ وَاَنْتَ اَنْتَ

اے میرے معبود کیسے تجھے پکاروں اِس حال میں کہ میں میں ہوں اور کیسے اپنی اُمید تجھ سے منقطع کر لوں حالانکہ تو تو ہے

اِلٰهِیْ اِذَا لَمْ اَسْئَلْكَ فَتُعْطِيْنِیْ فَمَنْ ذَاالَّذِیْ اَسْئَلُهٗ فَيُعْطِيْنِیْ

اے میرے معبود جب میں تجھ سے نہیں مانگتا تب بھی تو مجھے عطا کرتا ہے تو وہ کون ہے کہ اُس سے مانگوں اور وہ مجھے عطا کرے

اِلٰهِیْ اِذَا لَمْ اَدْعُكَ فَتَسْتَجِيْبُ لِیْ فَمَنْ ذَاالَّذِیْ اَدْعُوْهُ فَيَسْتَجِيْبُ لِیْ

اے میرے معبود جب میں تجھے نہیں پکارتا تب بھی تو میری دُعا قبول کرتا ہے تو وہ کونسی ذات ہے کہ میں اُسے پکاروں اور وہ میری دُعا قبول کرے

اِلٰهِیْ اِذَا لَمْ اَتَضَرَّعْ اِلَيْكَ فَتَرْحَمُنِیْ فَمَنْ ذَاالَّذِیْ اَتَضَرَّعُ اِلَيْهِ فَيَرْحَمُنِیْ

اے میرے معبود جب میں تیرے حضور میں نہیں گڑگڑاتا تو تو مجھ پر رحم کرتا ہے تو وہ کون ہستی ہے کہ اُس کے سامنے گڑگڑاؤں اور وہ مجھ پر رحم کرے

اِلٰهِیْ فَكَمَا فَلَقْتَ الْبَحْرَ لِمُوْسٰی علیہ السلام وَنَجَّيْتَهٗ اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ

اے میرے معبود جس طرح تو نے موسیٰ علیہ السلام کے لئے دریا کو شگافتہ کیا اور اُن کو نجات دی میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

وَّاٰلِهٖ وَاَنْ تُنَجِّيَنِیْ مِمَّا اَنَا فِيْهِ وَتُفَرِّجَ عَنِّیْ فَرَجاً عَاجِلاً غَيْرَ اٰجِلٍ

اور اُن کی آل پر رحمت نازل فرما اور مجھ کو اس چیز سے جس میں میں مبتلا ہوں نجات دے اور میری تمام پریشانیوں کو جلد از جلد بلا تاخیر (فوری)

بِفَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اپنے فضل اور اپنی رحمت سے دُور فرما۔ اے سب سے بڑے رحم کرنے والے

عمل برائے حاجات

شب جمعہ میں بعد نماز عشاء بارہ سو مرتبہ پڑھے
" يَااَللّٰهُ ، يَا رَبَّاهُ ، يَا سَيِّدَاهُ "
اِنشاءاللہ حاجت پوری ہوگی۔

گھر سے نکلتے وقت کی دعا

حضرت امام زین العابدینؑ نے فرمایا کہ گھر سے نکلتے وقت یہ پڑھو " بِسْمِ اللّٰهِ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَتَوَكَّلْتُ عَلَی اللّٰهِ "

دُعا

لعل و گہر ، نہ آبِ بقا چاہتا ہوں
مولا تیرے کرم کی نگاہ چاہتا ہوں میں
شیطانی وسوسوں سے بھٹکنے نہ پاؤں میں
تیری پناہ، میرے خدا چاہتا ہوں میں
چوکھٹ پہ پنجتنؑ کی جبیں خم رہے سدا
دِل میں ولائے آلِ عباؑ چاہتا ہوں میں
نغمے غدیر والے ہی گاتی رہے زُباں
کیف و سُرورِ جامِ وِلاء چاہتا ہوں میں
روتا رہوں میں چادرِ زینبؑ کو عمر بھر
دل میں غمِ حسینؑ سدا چاہتا ہوں میں
اذنِ سفر عطا ہو سوئے شام اور نجف
خوشبوئے خاکِ کرب و بلا چاہتا ہوں میں
عیش و طرب جہاں کے نہیں چاہئیں مجھے
خُلدِ بریں کی آب و ہوا چاہتا ہوں میں
تاریکیٔ لحد سے نہ گھبرانے پاؤں میں
بس نورِ پنجتنؑ کی ضیاء چاہتا ہوں میں
منکر نکیر آ کے کریں مجھ سے جب سوال
اپنے سرہانے شیرِ خدا چاہتا ہوں میں
محشور ہونے پاؤں میں حق کے ولی کیساتھ
دامنِ علیؑ کا روزِ جزا چاہتا ہوں میں
منظورؔ بھی کہلائے مدح خوانِ پنجتنؑ
اپنے قلم کو ایسی عطا چاہتا ہوں میں

☆نتیجۂ فکر منظورؔ مجتبےٰ حسین 0300-8505522

☆☆☆☆☆

زباں پہ حمد ہے اور دل میں اقرار رحیمی ہے
میرے اللہ کی سرکار سرکار قدیمی ہے
تہی دامن چلا ہوں اس لئے دنیا سے میں خاکی
کہ جس دربار میں جانا ہے دربار کریمی ہے

روضہ علیؑ کا ہے

بجتا ہے چار سمت جو ڈنکا علیؑ کا ہے
رائج ہے ہر زمانے میں سکّہ علیؑ کا ہے
اک سمت ہے یزید تو اک سمت ہے حسینؑ
وہ ہے معاویہ کا یہ بیٹا علیؑ کا ہے
وہ خوش نصیب ہے کہ نجف جس کا ہے دیار
جنت ہے وہ جگہ جہاں روضہ علیؑ کا ہے
اک قطرہ بھی ملے تو سمندر سے کم نہیں
جو موجزن ہے علم کا دریا علیؑ کا ہے
دیکھی سُنی جو خطبۂ زینبؑ میں تمکنت
سب نے کہا کہ یہ لب و لہجہ علیؑ کا ہے۔
دنیا نے کی ہیں طے جو ترقی کی منزلیں
جو کچھ اُسے ملا ہے وہ صدقہ علیؑ کا ہے
جس کی طرف خدا کی عبادت ہے دیکھنا
وہ صرف کائنات میں چہرہ علیؑ کا ہے
مولاؑ نے کی ہے خود جو ہنرمندیوں کی حد
جو صاحبِ ہنر ہے وہ شیدا علیؑ کا ہے
طاہرؔ کسی صحابی کا نعرہ کوئی نہیں
مشہور کائنات میں نعرہ علیؑ کا ہے

☆شاعرِ اہلبیتؑ سید طاہر ناصر علی 0333-4221017

☆☆☆☆☆

جب انسان کو جکڑ لیتی ہیں ناکامی کی زنجیریں
نہ دولت کام آتی ہے نہ کام آتی ہیں تدبیریں
اگر ایسی گھڑی آئے تو گھبرانا نہیں خاکی
علیؑ کا نام لینے سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

التماس سورۂ فاتحہ برائے آغا مسعود رضا خاکی مرحوم و مغفور

مولائے کائنات حضرت علی علیہ السلام کی

آخری وصیت

ضربت کے بعد انتقال سے قبل

مولائے کائنات حضرت امیر المومنین علیؑ ابنِ ابی طالب کا حضرات امام حسن و امام حسین علیہما السّلام اور تمام محبان جناب امیرؑ کے نام ضربت کے بعد انتقال سے قبل وصیت نامہ جو لوحِ دل پر نقش کرنے کے قابل، مکمل ضابطۂ حیات، آئینِ زندگی اور صراطِ مستقیم ہے۔ اس کی تازگی اس کی ضرورت جتنی اس روز تھی۔ اتنی ہی آج ہے۔ اتنی ہی کل ہوگی۔ اور اتنی ہی قیامت تک رہے گی۔ یہ وہ صدا بہار گلدستۂ ہدایت ہے۔ جو قیامت تک اسی طرح تر و تازہ رہے گا۔ یہ وہ مشعل راہ ہے۔ جو صراطِ مستقیم پر قیامت تک ضوفشاں رہے گی۔

وَمِنْ وَصِيَّةٍ لَهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ لِلْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ لَمَّا ضَرَبَهُ ابْنُ مُلْجَمٍ لَعَنَهُ اللّٰهُ.	ترجمہ: جب آپ کو ابنِ ملجم لعنت اللہ علیہ ضربت لگا چکا تو آپ نے حسنؑ اور حسین علیہما السّلام سے فرمایا
أُوصِيكُمَا بِتَقْوَى اللّٰهِ وَأَنْ لَا تَبْغِيَا الدُّنْيَا وَإِنْ بَغَتْكُمَا وَلَا تَأْسَفَا عَلَى شَيْءٍ مِنْهَا زُوِيَ عَنْكُمَا وَقُولَا بِالْحَقِّ وَاعْمَلَا لِلْأَجْرِ. وَكُونَا لِلظَّالِمِ خَصْماً وَلِلْمَظْلُومِ عَوْناً.	میں تم دونوں کو وصیت کرتا ہوں کہ اللہ سے ڈرتے رہنا۔ تم دنیا کے پیچھے نہ لگنا۔ چاہے وہ تمہارے پیچھے لگی رہے۔ اور دنیا کی کوئی چیز اگر تم سے چھن جائے تو اس کا غم ہی نہ کرنا صرف اللہ سے اس کا اجر طلب کرنا اور ظالم کے دشمن اور مظلوم کے مددگار رہنا۔
أُوصِيكُمَا وَجَمِيعَ وَلَدِي وَأَهْلِي وَمَنْ بَلَغَهُ كِتَابِي بِتَقْوَى اللّٰهِ وَنَظْمِ أَمْرِكُمْ، وَصَلَاحِ ذَاتِ بَيْنِكُمْ، فَإِنِّي سَمِعْتُ جَدَّكُمَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ "صَلَاحُ ذَاتِ الْبَيْنِ أَفْضَلُ مِنْ عَامَّةِ الصَّلٰوةِ وَالصِّيَامِ"	میں تم کو، اپنی تمام اولاد کو، اپنے کنبہ کو اور ہر اس شخص کو جس تک میرا یہ مکتوب پہنچے۔ سب کو وصیت کرتا ہوں۔ کہ اللہ سے ڈرتے رہنا۔ اپنے معاملات درست اور آپس کے تعلقات سلجھائے رکھنا۔ کیونکہ میں نے تمہارے جدِ امجد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو فرماتے سنا ہے کہ آپس کی کشیدگیوں کو مٹانا۔ عام نماز روزے سے افضل ہے۔
وَاللّٰهَ اللّٰهَ فِي الْأَيْتَامِ فَلَا تُغِبُّوا أَفْوَاهَهُمْ وَلَا يَضِيعُوا بِحَضْرَتِكُمْ.	دیکھو یتیموں کے بارے میں اللہ سے ڈرتے رہنا۔ کہ وہ کہیں بھوکے نہ رہ جائیں۔ اور تمہارے دیکھتے ہی دیکھتے وہ برباد نہ ہو جائیں۔
وَاللّٰهَ اللّٰهَ فِي جِيرَانِكُمْ فَإِنَّهُمْ وَصِيَّةُ نَبِيِّكُمْ مَازَالَ يُوصِي بِهِمْ حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيُوَرِّثُهُمْ.	اور اپنے ہمسایوں کے بارے میں اللہ سے ڈرتے رہنا۔ کیونکہ انکے بارے میں تمہارے پیغمبرؐ نے برابر ہدایت کی ہے۔ اور آپ اس حد تک ان کے لئے سفارش فرماتے رہے۔ کہ ہم لوگوں کو گمان ہونے لگا۔ کہ آپ انہیں بھی ورثہ دلائیں گے۔
وَاللّٰهَ اللّٰهَ فِي الْقُرْآنِ لَا يَسْبِقُكُمْ بِالْعَمَلِ بِهِ غَيْرُكُمْ.	قرآن کے بارے میں اللہ سے ڈرتے رہنا۔ ایسا نہ ہو کہ دوسرے اس پر عمل کرنے میں تم پر سبقت لے جائیں۔

وَاللّٰهَ اللّٰهَ فِي بَيْتِ رَبِّكُمْ لَاتُخْلُوْهُ مَابَقِيْتُمْ فَإِنَّهُ إِنْ تُرِكَ لَمْ تُنَاظَرُوْا.	اپنے پروردگار کے گھر کے بارے میں اللہ سے ڈرنا اُسے جیتے جی خالی نہ چھوڑنا۔ کیونکہ اگر یہ گھر خالی چھوڑ دیا گیا تو پھر (عذاب سے) مہلت نہ پاؤ گے۔
وَاللّٰهَ اللّٰهَ فِي الْجِهَادِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ وَاَلْسِنَتِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ.	جان، مال اور زبان سے راہِ خدا میں جہاد کرنے کے بارے میں اللہ کو نہ بھولنا۔
وَعَلَيْكُمْ بِالتَّوَاصُلِ وَالتَّبَاذُلِ وَاِيَّاكُمْ وَالتَّدَابُرَ وَالتَّقَاطُعَ.	اور تم پر لازم ہے کہ آپس میں میل ملاپ رکھنا۔ اور ایک دوسرے کی اعانت کرنا۔ اور خبردار ایک دوسرے کی طرف سے پیٹھ پھیرنے اور تعلقات توڑنے سے پرہیز کرنا۔
لَاتَتْرُكُوا الْاَمْرَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْيَ عَنِ الْمُنْكَرِ فَيُوَلّٰى عَلَيْكُمْ شِرَارُكُمْ ثُمَّ تَدْعُوْنَ فَلَا يُسْتَجَابُ لَكُمْ.	نیکی کا حکم دینے اور بُرائی سے منع کرنے سے کبھی ہاتھ نہ اُٹھانا۔ ورنہ بدکردار تم پر مسلط ہو جائیں گے۔ پھر دعا مانگو گے تو قبول نہ ہوگی۔
يَابَنِيْ عَبْدِالْمُطَّلِبِ لَا اُلْفِيَنَّكُمْ تَخُوْضُوْنَ دِمَآءَ الْمُسْلِمِيْنَ خَوْضًا تَقُوْلُوْنَ قُتِلَ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ اَلَا لَا تَقْتُلُنَّ بِيْ اِلَّاقَاتِلِيْ.	(پھر ارشاد فرمایا) اے عبدالمطلبؑ کے بیٹو! ایسا نہ ہونے پائے کہ تم، امیرالمومنینؑ قتل ہوگئے، امیرالمومنینؑ قتل ہوگئے، کے نعرے لگاتے ہوئے مسلمانوں کے خون سے ہولی کھیلنا شروع کرو۔
اُنْظُرُوْا إِذَا اَنَامُتُّ مِنْ ضَرْبَتِهٖ هٰذِهٖ فَاضْرِبُوْهُ ضَرْبَةً بِضَرْبَةٍ وَلَا يُمَثَّلْ بِالرَّجُلِ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ يَقُوْلُ. اِيَّاكُمْ وَالْمُثْلَةَ وَلَوْ بِالْكَلْبِ الْعَقُوْرِ.	دیکھو! میرے بدلے میں صرف میرا قاتل ہی قتل کیا جائے دیکھو! جب میں اس ضرب سے مرجاؤں تو اس کو ایک ضرب کے بدلے میں ایک ہی ضرب لگانا۔ اور اس شخص کے ہاتھ پیر نہ کاٹنا، کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سُنا ہے کہ خبردار کسی کے بھی ہاتھ پیر نہ کاٹو، اگرچہ وہ کاٹنے والا کتا ہی ہو۔

آقازادی حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کے حضور ۱۴ اسلام برائے حلِ مشکلات

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَاعَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ مَكَّةَ وَمِنٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ زَمْزَمَةَ وَالصَّفَا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى زَيْنَبَ التَّقِيَّةِ وَكُلْثُوْمَ الرَّضِيَّةِ وَعَلٰى سَكِيْنَةَ الْمُبَيَّنَةِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَفَاطِمَةَ وَرُقَيَّةَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَاتِقَةَ وَصَفِيَّةَ اَلسَّلَامُ عَلٰى نِسَآءِ الْمَخْفِيَّةِ اَلسَّلَامُ عَلٰى بَنَاتِ الْهَاشِمِيَّةِ اَلسَّلَامُ عَلٰى سَادَاتِ الْعَلَوِيَّةِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ جَمِيْعًا وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ.

کسی بھی پریشانی کے حل کے لئے حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کے حضور نماز کے بعد ۱۴ اسلام پیش کریں۔ اور بی بیؑ کے توسّل سے اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگیں۔ جب آپ گھر سے باہر نکلیں جناب سیدہ فاطمۃ الزہراؑ کی ذاتِ اقدس پر سلام پڑھیں۔ آپ اللہ کی حفظ وامان میں ہو جائیں گے۔ دن رات کثرت سے درود شریف جناب سیدہ طاہرہ کے حضور ہدیہ کریں۔ اس محبت اور عقیدت سے پڑھیں کہ آنسو جاری ہو جائیں اور آپ کی روحانیت اس قدر بلند ہو کہ آپ اپنے کانوں سے سلام کا جواب سن سکیں۔

نوٹ:۔ مذکورہ ۱۴ اسلام سفرنامہ تفضل حسن انبالوی سے ماخوذ ہے۔ موصوف کی تحریر کے مطابق آج سے ٹھیک 29 سال قبل یعنی 1302ھ میں یہ زیارت خیمہ گاہ ٹیلۂ زینبیہ پر آویزاں تھی۔ تصحیح: مولانا سیدذوالفقار حسین نقوی صاحب۔ 0301-4285737 (مرسلہ): سیدعطاحسین عابدی مرشدآبادی مکان 1327 سیکٹر C-33 کورنگی کراچی۔

کلید مشکلات

بیماریوں سے شفاء، مشکلات اور پریشانیوں کا حل بذریعہ قرآنی مجرب اور آزمودہ دُعائیں

سید مبارک حسین کاظمی
(شاہ صاحب)
R-31؛ یکس گارڈن، نیو ۱۱، کراچی

اس پر خطر دور میں انسان کی کوئی قدر و قیمت نہیں، ہر شخص مسائل کی فراوانی سے مضطرو پریشان اور ناکامیابیوں کا شکار ہے، مشکل و پریشانی کیسی ہی کیوں نہ ہو نا اُمید اور مایوس نہ ہوں۔ دعاؤں پر یقین اور اعتقاد کے ساتھ عمل کریں۔ وہ ہم سب کی سنتا ہے اور شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے، انشاء اللہ دلی مقاصد اور حاجتیں ضرور پوری ہوں گی۔

امامیہ جنتری کے قارئین گرامی قدر ان مجرب اور آزمودہ دعاؤں سے استفادہ فرمائیں اور مجھ حقیر کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔ نیز بانی ادارہ (امامیہ جنتری) الحاج آغا نثار احمد (مرحوم واہلیہ مرحومہ) کیلئے سورۂ فاتحہ تلاوت فرمائیں۔

☆ آئمہ علیہم السلام سے روایت ہے جب کوئی شخص کسی مریض کی عیادت کو جائے تو اُس کے پاس بیٹھ کر سات مرتبہ درج ذیل دُعا پڑھ لیا کرے۔ شاید عیادت کرنے والے لوگوں میں سے کسی کی دُعا سے مریض شفا یاب ہو جائے اور عیادت کرنے والوں کو بھی چاہیے وہ مریض سے کہیں کہ وہ اپنی شفایابی کی دُعا کرے کیونکہ مریض کی دُعا مثل فرشتوں کی دعا ہوتی ہے۔

"اُعِیْذُکَ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ مِنْ شَرِّ کُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ○"

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام علیل ہو گئے تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انکو دیکھنے گئے اور اُن سے فرمایا کہ کہو:

"اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ تَعْجِیْلَ عَافِیَتِکَ وَصَبْرًا عَلٰی بَلِیَّتِکَ وَخُرُوْجًا اِلٰی رَحْمَتِکَ"

☆ (سورۂ طٰہٰ پ۱۶ آیت ۶۹) درج ذیل آیت کو ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ بعد نماز عشاء اکیس یوم (۲۱) تک گھر یا دوکان میں پڑھ کر پھونکیں ہر قسم کی بندش، سحر، جادو جاتا رہیگا۔ انشاء اللہ

دیگر اگر کسی لڑکی پر شادی کی بندش کردی گئی ہو تو وہ خود پڑھے یا دوسرا شخص اسی آیت کو مندرجہ بالا طریقے سے پڑھ کر لڑکی پر دم کرے تو انشاء اللہ بندش، سحر، جادو جاتا رہیگا اور جلد ہی بخت کشائی ہوگی۔

"فَاُلْقِیَ السَّحَرَۃُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ ھٰرُوْنَ وَمُوْسٰی"

☆ **بحالی عہدہ یا ملازمت:** اگر کوئی شخص عہدے سے معطل یا معزول ہوگیا ہو تو اس کو چاہیئے کہ اکیس (۲۱) یوم بلا ناغہ دو رکعت نماز ہدیہ امام رضا علیہ السلام پڑھے اور سات سو مرتبہ (۷۰۰) "یَا بَدِیْعُ" اوّل اور آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پڑھے۔ انشاء اللہ جلد ہی کامیابی ہوگی۔

☆ نمازِ فجر کے بعد اگر کوئی شخص ایک ہزار مرتبہ (۱۰۰۰) پابندی کے ساتھ درج ذیل کو پڑھ لیا کرے تو بلا مبالغہ روزی/رزق میں حیرت انگیز اور غیب سے اضافہ ہوگا: "اَللّٰہُ الصَّمَدُ"

☆ **لا علاج مرض کے لئے:** (سورۂ نمل ۲۶) یہ آیت سات (۷) مرتبہ اوّل اور آخر ایک مرتبہ درود نمازِ فجر کے بعد اکیس (۲۱) دن تک روزانہ پڑھ کر مریض پر پھونکیں اور پانی پر دم کرکے پلائیں۔ انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے شفاء عطا فرمائیگا دُعا یہ ہے:-

"بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ"

☆ **بدنظری کی دوری:** یہ ذیل کی دُعا سات مرتبہ (۷) اوّل و آخر ایک مرتبہ درود پڑھ کر مریض پر پھونکیں بدنظری انشاء اللہ دور ہو جائیگی:-

"بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ حَرَّھَا وَبَرْدَھَا وَوَصَبَھَا"

☆ جو شخص کسی بھی قسم کی سواری پر سوار ہونے سے پہلے تین (۳) مرتبہ درج ذیل دُعا کو پڑھے گا۔ انشاء اللہ کوئی اذیت و تکلیف نہ ہوگی۔ بخیریت گھر واپسی ہوگی (پ۱۲ سورۂ ہود آیت ۴۰)

حسینی تبرکات سنٹر مرکزی امام بارگاہ جعفر طیار سوسائٹی، کراچی

عابدی کیسٹ لائبریری و کتب خانہ عزا خانہ صغریٰ، "M" ایریا، کورنگی نمبر 4، کراچی

بِسْمِ اللّٰہِ مَجْرٖھَا وَمُرْسٰھَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝

☆ اگر راستے میں کوئی درندہ، شیر یا چیتے وغیرہ حملہ کریں یا شور مچائیں تو مندرجہ ذیل آیت کریمہ کو اس جانور کیطرف پڑھ کر چند بار پھونکیں تو وہ بھاگ جائیگا اور ڈر کر خاموش ہو جائیگا اور نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ (پ ۱۵ آیت ۱۸ سورۃ کہف)

کَلْبُھُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَیْہِ بِالْوَصِیْدِ ۝

☆ دفع نحوست، خطرات، حادثات، طوفان، دشمنوں سے تحفظ و حفظ سفر اور امان میں رہنے کیلئے سات مرتبہ (۷) صبح اُٹھتے ہی اور سات (۷) مرتبہ ہی رات کو سوتے وقت پڑھ لیا کریں:۔

اَصْبَحْتُ اَللّٰھُمَّ مُعْتَصِمًا لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝

☆ اگر کسی شخص کو بچھو کاٹ لے تو ذیل کی دُعا صرف ایک مرتبہ پڑھ کر تھوڑے سے پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں اور پھونکیں۔ بچھو کا زہر زائل ہو جائیگا اور کوئی تکلیف نہ ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

☆ جو شخص درج ذیل دُعا کو ہر نماز میں پچاس (۵۰) مرتبہ پڑھے گا روزانہ حق تعالیٰ اُس کو اِس قدر روزی عطا فرمائیگا کہ اُس کے گمان میں بھی نہ ہوگا۔ اَلْکَرِیْمُ اَلْوَھَّابُ ذُوالطَّوْلِ

☆ **مقدمہ میں کامیابی کے لئے:۔** اگر کوئی شخص کسی مقدمہ میں پھنس جائے اور اس سلسلہ میں عدالت میں جانا پڑے تو درج ذیل کا ورد جاری رکھیں۔ انشاءاللہ کامیاب و کامران لوٹیں گے۔

یَاھُوَ یَامَنْ لَاھُوَ اِلَّا ھُوَ ۝

☆ درج ذیل دُعا کو بعد از نماز عشاء روزانہ چھیاسٹھ (۶۶) مرتبہ اوّل و آخر ایک مرتبہ درود مع بِسْمِ اللّٰہِ پڑھ لیا کریں۔ رزق میں اضافہ و برکت ہوگی۔ (آیت سورۃ انعام ۱۴)

وَھُوَ یُطْعِمُ وَلَا یُطْعَمُ ؕ ترجمہ وہی روزی دیتا ہے کسی سے روزی نہیں چھینتا۔

منگنی و نکاح کے لئے **امام ضامن** دستیاب ہیں۔

ملنے کا پتہ: انتخاب بک ڈپو جسٹرڈ، اسلام پورہ، لاہور۔
042-37223686

دل کی شریانیں کھولنے کا اکسیر نسخہ

2008ء کی امامیہ جنتری میں عارضہ قلب کیلئے یہ نسخہ شائع ہوا تھا۔ مختلف مریضوں نے اس کو استعمال کیا اور اللہ کے فضل سے بائی پاس آپریشن سے محفوظ رہے۔ لہٰذا وضاحت کے ساتھ دوبارہ شائع کر رہے ہیں۔ تاکہ زیادہ سے زیادہ افراد اس نعمت خداوندی سے فائدہ حاصل کر سکیں۔

نسخہ: ☆ لیموں کا عرق ایک کپ ☆ ادرک کا رس ایک کپ
☆ لہسن کا رس ایک کپ ☆ سیب کا سرکہ ایک کپ
(چاروں رس ہم مقدار لینے ہیں)

چاروں رس کو ایک برتن میں ڈال کر دھیمی آنچ پر اتنا پکائیں کہ ایک حصہ رس کم ہو جائے یعنی تین کپ باقی رہ جائیں۔ تو محلول کو آگ سے اُتار کر ٹھنڈا ہونے پر تین پیالی شہد (محلول کے وزن کے برابر) ملا کر اچھی طرح مکس کریں اور شیشے کی بوتل میں محفوظ کر لیں۔

طریقہ استعمال: روزانہ نہار منہ تین چمچ ایک گلاس تازہ پانی میں ملا کر پئیں۔ پیتے وقت یا سلام، یا شافی پڑھتے رہیں اور خوراک ہمیشہ باوضو لیں۔ جان کا صدقہ گندم وزن برابر مستحق کو دیں۔ پرندوں کو دانہ ڈالیں۔ روزانہ تھوڑی تھوڑی سورہ بقرہ پڑھیں۔

احتیاطی تدابیر: (۱)۔ محلول پکانے کیلئے سٹیل یا سلور کا برتن استعمال نہ کیا جائے۔ قلعی والا برتن استعمال کریں۔ (۲) افادیت کے اعتبار سے نیم گرم پانی میں استعمال انتہائی مفید ہے۔ ٹھنڈا پانی استعمال نہ کیا جائے۔ انشاءاللہ دل کی بند شریانیں کھلنے کے ساتھ ہائی بلڈ پریشر میں بھی زبردست نتائج کا حامل ہے۔

لیڈی ڈاکٹر مسز میجر کاظمی۔ ہاؤس نمبر 33، لین نمبر 7، کہکشاں کالونی اڈیالہ روڈ، راولپنڈی۔ فون: 0333-6213612 ,0333-5234125

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

صلوات کاملہ: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَارَبَّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَجِّلْ فَرَجَ اٰلِ مُحَمَّدٍ

جو شخص روزانہ اس صلوات کو ۳۱۳ مرتبہ پڑھے گا اسے امام زمانہؑ کی زیارت ہوگی۔ یہ صلوات حضرت جبرائیلؑ نے حضرت یوسفؑ کو زندان میں تعلیم دی۔ حضرت یوسفؑ اس کا ورد کرتے تھے

کنز الاسرار

علامہ زاہد نقوی
احمد پور شرقیہ

آیت الکرسی کا مجرب عمل

دعا مومن کی ڈھال ہے جب بار بار دروازہ کھٹکھٹایا جائیگا تو تمہارے لئے ضرور کھول دیا جائیگا۔

قارئین میری دعا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ آغا افتخار بھائی اور امامیہ جنتری کے جملہ ارکین کی توفیقات میں اضافہ فرمائے پہلی بار شرکت کر رہا ہوں امید ہے ضرور شکریہ کا موقع دیں گے۔ قارئین محترم کوئی بھی عمل ہو کسی بھی عمل سے فیض حاصل کرنا چاہیں تو اس کے لئے طہارت پابندیٔ صوم وصلوٰۃ صدق دل سے اعتقاد کامل رجوعِ قلب خضوع وخشوع اور یقین کامل ہونا ضروری ہے جب اللہ تعالیٰ سے استعانت چاہتے ہیں تو پھر اس کے ہو جائیں آپ کسی کے محتاج نہ رہیں گے بلکہ دنیا آپ کی محتاج ہوگی آیۃ الکرسی کا جو عمل درج کر رہا ہوں اس میں اسم اعظم ہے میرا ذاتی مجرب ہے اور اگر کوئی چاہتا ہو کہ جلد کام ہو جائے تو ایسی جگہ تلاش کرے جہاں پر کوئی آدمی نہ ہو اور اپنے گرد بطور حصار ایک خط کھینچے۔ خط کھینچنے کا طریقہ اس طرح ہے کہ سامنے سے پیچھے کی طرف دونوں ہاتھوں سے گول خط کھینچے اور رو بقبلہ ہو کر عاجزی وانکساری کے ساتھ بیٹھے۔ (70) مرتبہ آیۃ الکرسی **هُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْم** تک پڑھے تو انشاء اللہ اسی روز اثر ظاہر ہوگا اور اگر آیۃ الکرسی کو اس کے اعداد کے مطابق پڑھے تو نہایت قوی اور کامل اثر ہوگا حفاظت کے لئے حاجت روائی کیلئے اسکا پڑھنا بہت زیادہ اجر وثواب کا باعث ہے ہر نماز فریضہ کے بعد اسکا پڑھنا فراخیٔ رزق کا باعث ہے اگر روزانہ رات کو سونے سے قبل تلاوت کریں تو موذی جانور اور دشمن کے حملوں اور ہر قسم کے شر وضرر سے محفوظ رہیں گے۔ آیۃ الکرسی کے بہت زیادہ فوائد ہیں جن میں سے چند ایک کا ذکر کر رہا ہوں:۔

❶ صبح کی نماز کے بعد (۷) سات بار پڑھنے سے ہر قسم کے نقصان وضرر سے محفوظ رہیں گے اور روزی کے دروازے دن بھر کھلے رہینگے۔ ❷ اولاد کی سلامتی اور ہر بلا سے محفوظ رہنے کیلئے آیۃ الکرسی چالیس مرتبہ لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ اسکی عمر دراز ہوگی۔ ❸ محبت شرعی کے لئے طالب و مطلوب کے ناموں کے اعداد کے مطابق پڑھیں تو عجیب اثر ظاہر ہوگا۔ ❹ وسعت رزق کے لئے اپنے نام کے اعداد کے مطابق آیۃ الکرسی پڑھیں تو انشاء اللہ فتوحات کے دروازے کھل جائیں گے۔ ❺ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے منقول ہے جو شخص ہر نماز فریضہ کے بعد آیۃ الکرسی پڑھے گا اس کو کوئی گزند نہ پہنچائے گا اور رزق میں فراوانی کا باعث ہے۔ ❻ ہر روز آیۃ الکرسی صبح وشام پڑھنا چور۔ ڈاکو۔ اور آتش زدگی سے تحفظ کا ذریعہ ہے۔ ❼ ہر روز بعد نماز فریضہ پڑھنا سانپ بچھو سے بچاؤ کا تعویذ ہے اور جن وانس کے ضرر سے بچاؤ کا سبب ہے۔ ❽ اگر آیۃ الکرسی کو لکھ کر کھیت میں دفن کیا جائے تو وہ کھیت چوری اور نقصان سے محفوظ رہے گا اور اس میں برکت ہوگی۔ ❾ اگر آیۃ الکرسی کو لکھ کر دکان میں رکھی جائے تو اس میں خیر وبرکت کا ذریعہ ہے۔ ❿ ہر روز سوتے وقت اس کا پڑھنا فالج سے حفاظت کا باعث ہے۔

ایک معتبر حدیث میں جناب رسولِ خدا سے منقول ہے آپ نے جناب امیر علیہ السلام کو فرمایا اے علی ہر نماز کے بعد آیۃ الکرسی کا پڑھنا تم پر واجب ہے کیونکہ اس کو پابندی کے ساتھ صدیق یا شہید کے سوا کوئی نہیں پڑھ سکتا ایک اور روایت میں ہے جو شخص ہر نماز فریضہ کے بعد آیۃ الکرسی پڑھتا ہے اس کی نماز قبول ہوتی ہے وہ خدا کی حفاظت میں ہوتا ہے اور وہ گناہوں اور بلاؤں سے محفوظ رہتا ہے بعض کتب معتبرہ امامیہ اور تفاسیر میں وارد ہے کہ آیۃ الکرسی میں دس وقف ہیں جو شخص تلاوت کے وقت ہر وقف کو عمل میں لائے گا اسکی دعا جلد مستجاب ہوگی۔

ضروری نوٹ: یہ وقف کرنے کا طریقہ کتب اعمال کے اعتبار سے ہے نہ کہ علم فقہ اور تجوید کے اعتبار سے۔ کتب اعمال کے اعتبار سے دس وقف اس طرح ہیں۔

① اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ② اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ③ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ④ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ

مَنْ ذَالَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗۤ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ⑥ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ ⑦ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖۤ
اِلَّا بِمَا شَآءَ ⑦ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ⑨ وَلَا یَؤُدُہٗ حِفْظُھُمَا ⑩ وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○

پڑھنے کا طریقہ یہ ہے:۔ جب آیۃ الکرسی پڑھنی شروع کریں تو پہلے وقف پر داہنے ہاتھ کی سب سے چھوٹی انگلی بند کریں اسی طرح ہر وقف پر بالترتیب ایک ایک انگلی بند کرتے جائیں اور بائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر ختم کریں **یَشْفَعُ عِنْدَہٗ** کے دونوں عین کے درمیان اپنی حاجت طلب کریں اور اگر دفع شر دشمن مقصود ہو تو **یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ** کے دونوں میم کے درمیان اس کا نام مع والدہ ذکر کریں جب دس وقف پورے ہو جائیں تو تین مرتبہ الم نشرح اور تین مرتبہ سورۃ قل ھو اللہ احد اور تین مرتبہ درود پڑھ کر سر آسمان کی طرف اُٹھائے اور دُعا مانگے اس کے بعد دس مرتبہ سورۃ الحمد پڑھے اور ہر دفعہ سورۃ الحمد پڑھنے کے بعد ایک انگلی کھول دے ابتداء بائیں ہاتھ کے انگوٹھے سے کرے اور دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی پر ختم کرے تمام انگلیاں کھولنے کے بعد آسمان کی طرف نظر کرے اور اپنی حاجت طلب کرے، بہت مجرب ہے علامہ سید مقدم تقی علیہ رحمہ فرماتے ہیں کہ اگر آیۃ الکرسی کو طلب حاجت کے لئے درج ذیل طریقہ سے پڑھیں تو آپکی ہر حاجت پوری ہوگی اور یہ طریقہ میرا مجرب ہے۔ نوچندی جمعرات کو پہلے دن آیت الکرسی کی ایک مرتبہ تلاوت کریں پھر دوسرے دن دو مرتبہ تلاوت کریں تیسرے دن تین بار تلاوت کریں۔ اسی طرح ہر روز ایک مرتبہ کا اضافہ کرتے جائیں یہاں تک کہ مہینے کے آخر تک ہر روز کا عمل اس دن کی تعداد کے مطابق ختم کرتا رہے ہر روز عمل کرنے سے پہلے غسل کر کے نئے کپڑے پہن کر باوضو ہو کر دو رکعت نماز حاجت پڑھ کر یہ عمل کیا کریں۔ انشاء اللہ مہینہ پورا ہونے سے پہلے حاجت پوری ہوگی۔ علامہ زاہد نقوی روحانی عامل

نکاح رجسٹرار۔ ایم اے اسلامیات۔ فاضل قم ایران، ناصر شہید روڈ نزد پرانا بکر خانہ محلہ بخاری، احمد پور شرقیہ ضلع بھاولپور
0301-7776838,0331-7559391,068-5036733

عورت کے درد زِہ کیلئے۔ بند پیشاب کھولنے کے لئے، سخت قید سے رہائی کیلئے

۷۸۶

٦ و	١ ا	٨ ح
٧ ز	٥ ہ	٣ ج
٢ ب	٩ ط	٤ د

یہ نقش عورت کے درد کے لئے نہایت مجرب ہے اور اگر کسی عورت کو درد اٹھا ہے۔ اور کسی طرح بچہ پیدا نہیں ہوتا تو چاہیے یہ نقش لکھ کر اُس کی بائیں ران پر باندھ دے۔ فوراً اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بچہ پیدا ہو جائے گا۔ لیکن وضع حمل کے بعد نقش کو فوراً کھول دے۔ اور دریا میں ڈال دے۔ اگر کسی کا پیشاب بند ہو گیا ہو تو یہ نقش لکھ کر اُس کی بائیں ران پر باندھ دے اللہ کے فضل و کرم سے اُسکا پیشاب کھل جائے گا۔ یہ نقش نہایت حفاظت سے رکھے۔ اگر۔ اگر کوئی قیدی سخت قید میں گرفتار ہے تو یہ نقش لکھ کر اُس کے دائیں بازو پر باندھ دے تو فوراً جلد رہائی پا جائیگا نقش مکرم یہ ہے۔

چوری شدہ مال کی واپسی

۷۸۶

٨	٣	٤
١	٥	٩
٦	٧	٢

اِس نقش کو سوموار کے روز زحل کی ساعت میں لکھ کر پانی میں دفن کر دیں انشاء اللہ بہت جلد مال مسروقہ کا سُراغ لگے گا۔ نقش سامنے ہے۔ نقش کے نیچے چوری ہونے والے نام اور مال کی تفصیل لکھیے۔ تمام قارئین امامیہ جنتری کو نقوش لکھنے کی اجازت ہے۔ اگر کسی بات کی سمجھ نہ آئے تو اس پتہ پر اور نیچے دیئے ہوئے موبائل نمبر پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ خط لکھیں تو جوابی لفافہ ہمراہ ہونا ضروری ہے۔ حاجی عامل عابد حسین جاڑا

بمقام وڈاک خانہ جاڑا، تحصیل، پہاڑپور، ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خان (صوبہ سرحد)۔ 0308-5691283

دُعائے ردِّ بلا

اس دُعا کو بعد نماز پنجگانہ ۷۰ مرتبہ پڑھیں۔ مجرب ہے۔

یَا اَللّٰہُ یَا مُحَمَّدُ یَا عَلِیُّ یَا فَاطِمَۃُ یَا حَسَنُ یَا حُسَیْنُ یَا صَاحِبَ الزَّمَانِ اَدْرِکْنِیْ وَلَا تُھْلِکْنِیْ۔
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ

مُجرّب اور آزمودہ وظائف

علامہ سید سلیم عباس جعفری
لاہور

برائے وسعت رزق

ا۔ جو شخص اِن تین اسموں کو بار بار پڑھنے میں مداومت کرے تو اس کی تنگیٔ معاش وسعت رزق میں تبدیل ہوگی اور ایسی جگہ سے اُس کی روزی آئے گی جس کا اُس کو گمان بھی نہ ہوگا۔

اَلْکَرِیْمُ وَالْوَھَّابُ وَذُوالطَّوْلِ کم از کم روزانہ 50 مرتبہ یا پھر (۱۱۲۸) مرتبہ اوّل و آخر 7 مرتبہ درود پڑھے یہ عمل آزمودہ ہے۔

۲۔ روزانہ 15 مرتبہ سورۃ القدر پڑھنے سے روزی میں وسعت ہوگی روزی کے اسباب پیدا ہونگے 340/360 مرتبہ پڑھ کر اس کا ختم پورا کے تو رزق میں وسعت اور تونگری حاصل ہوگی اور ادائیگی قرض کیلئے یہ عمل مجرّب ہے۔ امام جعفر صادق علیہ السلام کی ایک حدیث منقول ہے کہ اگر کوئی شخص اس سورۃ مبارکہ (قدر) کو پڑھنے میں مداومت کرے تو تنگی معیشت کی صورت میں خداوند کریم اُسے وہاں سے روزی دے گا جہاں کا اُسے گمان بھی نہ ہوگا۔

۳۔ سورۃ العادیات کو حضرت علی علیہ السلام کے نام کے اعداد کے برابر 110 دفعہ روز پڑھے۔ کیونکہ یہ سورۃ آپ کی شان میں نازل ہوا ہے۔ تو اس کا قرض ادا ہو جائیگا اور روزی میں اضافہ ہوگا۔

۴۔ روزانہ ۷۸۶ مرتبہ بسم اللہ پڑھ کر دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر دم کرلیا کرے اور اوّل و آخر ۷ مرتبہ دُرود۔ اس عمل کو دستِ غیب عمل کہا گیا ہے۔

۵۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کو سوالاکھ مرتبہ ایک نشست میں یا پھر 14 دِن میں ختم کیا جائے تو روزی میں بھی اضافہ ہوگا اور ہر مشکل کیلئے یہ عمل کیا جاسکتا ہے۔ مومنین و مومنات مل کر بھی اس عمل کو کرسکتے ہیں۔

ردِ سحر کے لئے

ا۔ 11 مرتبہ سورہ مزمل 14 دن تک پڑھنی ہے ساتھ پانی رکھ کر اُس کو دم کرنے کے بعد تمام لوگ پئیں اور گھر میں پانی چھڑکے۔ ۲۔ ایک ہی نشست میں سورہ مزمل سورہ الملک اور دعا جوشن کبیر پڑھ کر متاثر شخص کو دم کردے اور پانی پر دم کر کے پلائے۔ انشاء اللہ کلام الٰہی کی برکت سے سحر باطل ہوگا۔

۳۔ **تمام اُمور اور مشکلات کے حل کیلئے عمل** یہ عمل استغاثہ امام زمانہ ہے۔ بدھ سے عمل کرکے جمعہ کو ختم کرنا ہے۔ بدھ کو زوال سے قبل دو رکعت نماز پڑھنی ہے۔ پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ قدر اور دوسری رکعت میں الحمد کے بعد سورہ توحید، جب تشہد میں بیٹھے تو تشہد کے ذکر سے پہلے آیت الکرسی پڑھے۔ پھر تشہد کا ذکر اور سلام پڑھے۔ بغیر کسی کلام کیے کھڑے ہو کر ۱۸۴ مرتبہ یاحُجۃ القائم علیہ السلام پڑھنے کے بعد اپنی دعائیں اور مشکلات امام معصوم کے توسط بارگاہ خدا میں پہنچائے انشاء اللہ عمل کے دوران یا چوتھے روز مشکل آسان ہوگی۔ دعا قبول ہوگی۔ بشرط واجبات کی ادائگی ہو۔ اور حرام سے پرہیز کیا جائے۔

۴۔ **اولاد لائق ہونے کیلئے وظیفے**

ایک بار پڑھنا ہے۔ وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْکَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ. اور دس مرتبہ پڑھیں الٓمّٓ انشاء اللہ اولاد صالح گھر کی نیک کردار نیک گفتار ہوگی۔

۵۔ **کلام اللہ کا اثر** سورہ حشر کی آخری چار آیات باوضو شفائے مرض کی نیت سے پڑھیں اور مریض پر دم کریں انشاء اللہ مرض دور ہوگا۔

۶۔ نظر بد کیلئے سورہ الھمزۃ پڑھ کر دم کریں نظر بد دور ہو جائے گی۔

پریشانی اور مشکل دور کرنے کیلئے خاص ورد

یَارَؤُفُ یَارَحِیْمُ اوّل و آخر دُرود پڑھیں اور 1000 ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھیں انشاء اللہ پریشانی مشکل دور ہوگی۔ (آزمودہ ہے)

۲۔ **جائز مقدمہ میں کامیابی کیلئے ورد**

یَاھُوَ یَامَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ۔ بغیر تعداد عدالت میں وِرد کرتے رہیں۔

۳۔ **برائے کشادگی رزق** صرف سات دن پڑھیں فائدہ مستقل رہتا ہے۔ جمعرات کو شروع کر کے بدھ کے روز ختم کریں اوّل ماہ یعنی یکم سے چودہ تاریخ تک اوّل و آخر درود اور پھر اَلْحَسِیْبُ 1000 ایک ہزار مرتبہ، ستر 70 مرتبہ حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَسِیْبُ

نوٹ:۔ طہارت اور پنجگانہ نماز کا پابند ہو روزانہ وقت مقررہ پر پڑھے۔

۴۔ **نحوست بدحالی اور جادو ٹونے کے اثرات کو دور کرنے کے لئے**

صدقات۔ مندرجہ ذیل طریقے پر صدقہ ادا کرے انشاء اللہ نحوست و بدحالی جادو کے اثرات دور ہو جائیں گے۔ طریقہ اگلے صفحے پر درج ہے۔

معصومین علیہم السلام کا ارشاد ہے کہ "صدقہ رَدِّ بلا ہے"

ا۔ اوّل ماہ چاند دیکھ کر صدقہ نکال دے۔ حسب توفیق پہلے امام زمانہ کا صدقہ نکالیں اور پھر اپنا اور اہل خانہ کا صدقہ نکال کر کسی مستحق کو دے دیں۔ (ہر ماہ)

۲۔ گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے پرندوں کو ڈال دیں۔ ۳۔ چنے کی دال پکا کر روٹیوں پر رکھ کر غریبوں کو کھلا دے۔ ۴۔ سوا کلو ماش ثابت۔ سوا کلو دال چنا۔ سوا کلو ثابت مسور۔ سوا کلو چینی یا گڑ۔ سوا گز یا سوا میٹر کپڑا سیاہ رنگ کا ان تمام چیزوں کو دونوں ہاتھ لگا کر کسی مستحق کو دے دیں۔

برص کا کامیاب علاج

محمد وصی خان (مرحوم)

اس موذی مرض کے لئے یہ کہا جاتا ہے کہ یہ لاعلاج مرض ہے لیکن یہ بات بالکل غلط ہے کیونکہ سرکار رسالت مآبؐ کا ارشاد ہے کہ "حق سبحانہ' وتعالیٰ نے جتنی بیماریاں پیدا کی ہیں ساتھ ہی ان کی دوا بھی پیدا کی ہے۔ (بحوالہ طب نبویؐ از مولانا حافظ اکرام الدین واعظ صفحہ ۱۳) مسلمانوں کو چاہیئے کہ اپنے مرض کا علاج دوا اور دُعا دونوں سے کریں۔ اس موذی مرض برص کا علاج دو طرح سے کیجئے:۔

علاج: بازار سے ایک سرخ رنگ کی بوتل خرید کر پہلے اُسے ٹھنڈے پانی سے اور پھر گرم پانی سے خوب اچھی طرح برش کے ذریعہ صاف کرلیں تاکہ بوتل کے اندر کی سطح پر کسی قسم کا میل باقی نہ رہے۔ اگر اس رنگ کی بوتل نہ ملے تو سفید شربت والی بوتل کو لے کر اسی طرح صاف کر کے اس کے چاروں طرف سُرخ رنگ کا ٹرانسپیرنٹ کاغذ اس طرح چپکا دیا جائے کہ بوتل اُوپر نیچے اور اطراف میں کاغذ کے اندر آجائے۔ اب اسی بوتل میں پکا ہوا پانی ٹھنڈا کر کے اس طرح بھریں کہ بوتل کا ایک چوتھائی اُوپر والا حصہ خالی رہے۔ اب بوتل کو کارک کے ساتھ مضبوطی سے بند کریں۔ اس کے بعد اس بوتل کو صحن یا چھت پر کسی ایسی جگہ رکھ دیں جہاں اس پر صبح 9,10 بجے سے شام 5,6 بجے تک خوب اچھی طرح سورج کی شعاعیں پڑتی رہیں۔ بوتل پر وقتاً فوقتاً نظر ڈالتے رہیں تاکہ اگر دھوپ کا رُخ مُڑ جائے تو بوتل کو بھی اُلٹا کر اسی طرف رکھ دیں۔ شام کو بوتل اُٹھا لیں۔ اب آپ کے پاس سُرخ شعاعوں کا پانی تیار ہے۔ کھانے میں استعمال ہونے والا سُرخ رنگ اندازاً ایک ماشہ ایک پیالی میں ڈال کر ذرا سا سُرخ رنگ کا بوتل والا پانی ملا کر روشنائی تیار کرلیں۔ اس روشنائی سے چینی کی پاک صاف تین عدد سفید پلیٹوں پر مندرجہ ذیل نقش باوضو اگر بتی جلا کر جائے نماز پر بیٹھ کر لکھیں۔

یاعلیؑ ادرکنی یا شافی بسم اللہ الرحمن الرحیم یا شافی یاعلیؑ ادرکنی

قُلْ هُوَ الْمُعِيْنُ يَا مَعْرُوْفُ الْمَنَّانُ وَالْحَكِيْمُ

يَاسَلَامُ يَاسَلَامُ يَاسَلَامُ يَاسَلَامُ يَاسَلَامُ

ایک پلیٹ صبح نہار منہ ایک عصر کے وقت اور ایک رات کو سونے سے قبل سُرخ بوتل والے پانی سے دھو کر تقریباً ایک چائے کے کپ کے برابر پی لیں۔ اس علاج کو تقویت پہنچانے کے لئے مندرجہ ذیل کام اور کرنا چاہیئے:۔

ا۔ مریض پانی پینے کے بعد ایک کمرے میں کچھ دیر کے لئے لیٹ جائے اور اپنے جسم کے اوپر ایک 60 واٹ کا سُرخ رنگ کا بلب جلا کر اس کی شعاعیں اپنے جسم میں جذب کرے۔ ۲۔ سُرخ کپڑے پہنے۔ ۳۔ چقندر کچا اور پکا خوب کھائے۔ ۴۔ بھینس کے گوشت میں چقندر پکا کر بغیر روٹی کے پیٹ بھر کر کھائے۔ ۵۔ پان میں کتھہ زیادہ کھائے۔ ۶۔ تھوڑے ہی دنوں میں فائدہ ہوجائے گا۔ مگر علاج تقریباً چھ ماہ تک کرے۔ ایک بات کا خیال رکھنا چاہیئے کہ سُرخ بوتل کا پانی صرف تین دن تک کارآمد رہتا ہے۔ اس کے بعد دوسرا پانی اسی طرح تیار کریں۔ بوتل کا باقی پانی پھینک دیں نیا پانی استعمال کریں۔ علاج کے تسلسل کو قائم رکھنے کے لئے ضروری ہے کہ دو عدد بوتلیں لی جائیں تاکہ ہر دوسرے دن نیا پانی ملے۔

نوٹ: دوران علاج دہی، انڈا، مچھلی سے پرہیز کریں۔ سفید کپڑا بھی استعمال نہ کریں۔ مثلاً قمیص، دوپٹہ، شلوار پاجامہ بستر کی چادر وغیرہ۔ اس نسخہ سے کافی لوگ صحت یاب ہوچکے ہیں۔ بڑا کامیاب نسخہ ہے۔

برص سے شفایابی کے لئے دُعا مریض کو باوضو حالت میں یہ آیت مبارکہ 300 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو سارا دن پلائیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاُبْرِئُ الْاَبْرَصَ

اور میں شفا دیتا ہوں مادرزاد، اندھے اور سفید داغ والے کو (تحفۂ مشکل کشاء)

عرق النساء (رانگن) کے درد کا علاج

بعض مردوں کو گردوں کی کمزوری اور دائمی قبض کے باعث اور اکثر عورتوں کو رحم کی خرابیوں کے باعث ہوا کرتا ہے۔ سیدھی طرف کم اور اُلٹی جانب زیادہ دیکھنے میں آیا ہے۔ کولہے سے شروع ہوتا ہے اور پوری ٹانگ میں ہوتا ہے اور اکثر رینگتا ہے اس لئے اسے رانگن کا درد کہتے ہیں۔ (از شمع شبستان رضا)

نسخہ: اسگندر، ستاور، سنبل کی موصلہ، سونٹھ، بدھارا سب ایک ایک تولہ ملا کر باریک کوٹ چھان کر مثل میدہ کے سفوف بنالیں اور ہم وزن کچی شکر ملا کر پاؤ بھر گائے کے دودھ کے ساتھ نہار منہ ایک تولہ کھالیا کریں اور سوتے وقت معجون سورنجان ایک تولہ گرم پانی سے کھائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ میں اس موذی مرض سے نجات ہوگی۔ غذا میں شوربا، چپاتی یا صرف گیہوں کا دلیہ دودھ میں پکا کر استعمال کریں تاوقت استعمال دوا جماع سے بچیں۔

کوثر اینڈ کو طیبہ لیبارٹری (رجسٹرڈ)

مکان نمبر ۱۱، گلی نمبر ۱۱، رام نگر اسلامپورہ، لاہور۔ فون: 042-37115275

تحفہ امامیہ جمیع حاجات

برائے خاص امامیہ جنتری 2010ء

عامل زاہد حسین جعفری
0321-5360455
0302-7462642

گلی نمبر 10 سی رحمان کالونی
عقب آرسی کولا فیکٹری
بالمقابل واپڈا کالونی خانیوال روڈ، ملتان

پچھلے سال میرے مضمون مجموعہ اسم اعظم عمل مصطفائیؐ سے جو پذیرائی حاصل ہوئی وہ تحریر میں نہیں لا سکتا میری تحریر کردہ دعائیں وظائف اسم اعظم اور محمدؐ وآلِ محمدؐ کے وسیلہ سے مومنین کو جو کامیابیاں حاصل ہوئیں اندرون و بیرون ملک سے ٹیلی فون اور شکریہ کے خطوط موصول ہوئے۔ ان سب کا کریڈٹ بانیان امامیہ جنتری کو جاتا ہے۔ اللہ بے نیاز خالق ان کو جزائے خیر دے جو لوگوں کی مشکل اور ضروریات کیلئے اہتمام کرتے ہیں۔ خلاقِ عالم نے قلبِ مومن کو اپنا گھر کہا ہے یہ بھی فرمایا ہے کہ عرض و سما میں نہیں سماتا بلکہ قلبِ مومن میں اپنی تجلی دکھاتا ہوں وہ قلب جو کہ محلِ تجلیات الٰہی ہے۔ اللہ ربُ العزت کا کلام برحق ہے قرآن پاک ایک معجزہ ہے اور اسم اعظم ہے اللہ پاک کے کلام اور اسم اعظم سے انسان کے اندر ایک غیبی طاقت آجاتی ہے۔ کلامِ الٰہی سے امداد روحانی کا حصول یا آیات کی عددی قوتوں کو متحرک کر کے نقش یا لوح کی صورت میں استعمال کرنا بھی اللہ تعالیٰ سے امداد روحانی یا دُعا کا ایک ذریعہ ہے۔ سارے کام غیب اور محمدؐ و آلِ محمدؐ کے وسیلہ سے انجام پاتے ہیں۔ جیسے غریب طوس غریب الغرباء امام رضا علیہ السّلام کا فرمان ہے کہ اللہ کی قسم ہم ہی اللہ تعالیٰ کے اسماءُ الحسنیٰ ہیں۔ اللہ بے نیاز خالق ہماری معرفت اور وسیلہ کے بغیر کسی کا کوئی عمل قبول نہیں فرماتا۔

اسمِ اعظم دستِ غیب رازِ رزق

کسی چیز کو پانے کے لئے کچھ کھونا پڑتا ہے۔ جیسے خزانہ بغیر تکلیف اور گل بغیر خار کے حاصل نہیں ہوتا اللہ پاک کے جلالی نام پڑھنے سے مشکل حل ہو اُسے اسم اعظم کہتے ہیں۔ دستِ غیب اُسے کہتے ہیں جو کہ انسان کو اپنی ضروریات کے مطابق غیب سے اِس قدر ملتا رہے کہ وہ اپنے جائز اخراجات کو پورا کرتا رہے۔ اس دفعہ میں نے دست غیب کے اعمال لکھے ہیں۔

عمل دستِ غیب

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

وَعِنۡدَهٗ مَفَاتِحُ الۡغَيۡبِ لَا يَعۡلَمُهَاۤ اِلَّا هُوَ ؕ وَيَعۡلَمُ مَا فِى الۡبَرِّ وَالۡبَحۡرِ ؕ وَمَا تَسۡقُطُ مِنۡ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعۡلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِىۡ ظُلُمٰتِ الۡاَرۡضِ وَلَا رَطۡبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِىۡ كِتٰبٍ مُّبِيۡنٍ ۝

یہ آیت مبارکہ قرآن مجید کے ساتویں پارہ سورہ انعام جو کہ چھٹا سورہ ہے اور تیرھواں رکوع اور آیت نمبر ۵۹ ہے۔ سب سے پہلے آپ سات روزے رکھیں جھوٹ ہرگز نہ بولیں اور ہر شب بعد از نماز عشاء پہلے چہل کاف ننانوے مرتبہ بمعہ بسم اللہ شریف پڑھیں اور بعد میں یہ آیت مبارکہ ایک ہزار مرتبہ پڑھیں اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ یَا حَیُّ ایک ہزار بار اور یَا قَیُّوْمُ ایک سو پچاس مرتبہ پڑھیں سات دن۔ اللہ تعالیٰ غیب سے فرمائے گا یا کوئی صورت پیدا فرمائے آپ رزق یا اور جو بھی آپ کی دلی مراد ہوگی واھب العطایا پورا فرمائے گا۔ یہ عمل زندگی بھر کام دیگا باقی جو اس کا حکم ہے وہ مختار ہے۔ قبول کرے یا نہ کرے اِسکے اختیار میں ہے مگر وہ سَریع رضا کسی کی محنت برباد نہیں کرتا وہ سب سے اچھی مزدوری دینے والا ہے۔

عمل دستِ غیب

سورۃ الطلاق پارہ ۲۸ میں یہ آیۃ شریفہ ہے۔ مکمل آیت نمبر ۲ و ۳ یوں ہے۔

﴿وَمَنۡ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجۡعَلۡ لَّهٗ مَخۡرَجًا ۝ وَّيَرۡزُقۡهُ مِنۡ حَيۡثُ لَا يَحۡتَسِبُ ؕ وَمَنۡ يَّتَوَكَّلۡ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسۡبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمۡرِهٖ ؕ قَدۡ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَىۡءٍ قَدۡرًا ۝﴾

اکثر بزرگانِ دین عاملین کاملین حضرات نے اس آیت شریفہ کو اکسیر قرآن کا نام دیا ہے۔ اس کے بہت عظیم فوائد ہیں۔ اس مجرب عمل کو تین مختلف واسطوں اور سندوں سے علامہ محمد باقر مجلسی علیہ الرحمہ نے امیر کائنات ابو الائمہ حضرت علی علیہ السلام سے روایت کی ہے یہ آیت سورہ الطلاق کی ہے۔ وہاں سے رزق ملے گا کہ جہاں وہم و گماں بھی نہ ہو کہاں سے رزق کی فراوانی ہو رہی ہے۔ اوّل دُرودِ ابراہیمی اور چہل کاف مع بسم اللہ شریف چھیاسٹھ 66 بار پڑھیئے اور بعد ازاں یہ آیت کریمہ ایک ہزار 1000 مرتبہ پڑھے پھر ایک بار درود ابراہیمی پڑھے۔ اسی طرح 40 روز وقتِ مقررہ پر پڑھے خواہ صبح ہو یا شام مگر بعد از نماز عشاء بہتر ہے۔ انشاء اللہ اِس کا اثر پانچویں یا چھٹے

دن ظاہر ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ غیب سے ایک چیز پہنچے گی مگر لانے والے سے کسی قسم کی معلومات نہ کرے نہ دریافت کریں کہ تم کون ہو اور یہ کیا چیز ہے۔ بس وہ خاموشی سے چیز لے لیں اور حفاظت سے رکھ لیں جب چالیس دن ختم ہوں تو چاہیے کہ ہر روز بعد از نماز فجر اوّل و آخر 10 بار درود شریف اور سورہ الطلاق کی اس آیت کا ورد جاری رکھیں تا کہ یہ عمل آپکے قبضے میں رہے اور اس کا اثر باقی رہے۔ عمل ضائع نہ ہو۔ اگر ہر نماز کے بعد ناممکن ہو تو صرف بعد نماز فجر وظیفہ پڑھ لیا کریں اس سورہ اطلاق کے میرے پاس پندرہ وظیفے موجود ہیں ضرورت مند جوابی لفافہ لکھ کر آسان وظیفہ منگوا سکتے ہیں۔

عامل کیلئے ضروری ہدایات

عامل عمل کا محتاج ہوتا ہے عمل کرنے سے پہلے ہر عامل کو چاہیئے کہ وہ اللہ جل جلالہ کی مرضی حاصل کرے یعنی استخارہ کرے یا دو رکعت نماز حاجت ادا کرے پھر اسی مصلیٰ پر ایک ہزار مرتبہ قل ھو اللہ پڑھے انشاء اللہ دوران ورد ضمیر آگاہ کردے گا عمل کرے یا نہ کرے۔ عامل کو چاہیئے کہ اپنا حصار اس طرح کرے کہ سورہ الحمد شریف آیت الکرسی اور چاروں قل پڑھ کر اپنے ہاتھوں کی انگلیوں اور پورے جسم پر دم کرے پھر انہیں سورتوں کو تین تین بار پڑھ کر اپنے چاروں طرف دائرہ کھینچ لے خود کو مولا علی علیہ السلام کی سپردگی میں تحفظ کے لئے دے اور پھر عمل شروع کرے۔ یاد رہے کہ دستِ غیب کے موکل بھی مومنین ہیں کسی طرح سے اذیت نہیں دیتے اور نہ ہی کسی طرح سے ڈراتے ہیں۔ موکل بھی فرشتوں کی ایک قسم ہے۔ جو دنیاوی نظام میں اللہ کے حکم پر اللہ کے بندوں کی غائبانہ مدد کرتے ہیں۔ مثلاً ایک موکل میکائیل علیہ السلام غائبانہ روزی فراہم کرنے پر مامور ہیں۔

حسبِ خواہش لڑکی کے رشتہ کے لئے

حسب خواہش مومنین و مومنات کی فرمائش پر بچے بچیوں کے رشتہ کے لئے چند اعمال تحریر کر رہا ہوں کسی لڑکی کا رشتہ نہ ہو رہا ہو والدین سخت پریشان ہوں والدین کی نیندرات کو اڑتی جا رہی ہو تو حسب ذیل طریقہ بہت مجرب اور آزمودہ ہے۔ سُورۃ الاحزاب جو کہ پارہ نمبر 21 میں ہے خالص مُشک و زعفران سے لکھ کر یا کسی پرہیز گار شخص سے لکھوا کر کوزہ یا کسی ڈبیہ میں بند کر کے کسی اونچی جگہ جو کہ پاک صاف ہو رکھ کر دن میں ایک مرتبہ بعد از نماز فجر یا عشاء والد یا لڑکی کی والدہ سورۃ احزاب کی روزانہ تلاوت کریں اس بارے کسی اور کو معلوم نہ ہو حسب خواہش لڑکیوں کے رشتے آنے لگیں گے۔ بے اولادوں کے لئے آب خضر مصطفائی، آب نیساں و تعویذ مل سکتا ہے۔

شادی کے لئے تعویذ اور وظیفہ منگوایا جا سکتا ہے۔

شوہر کو مہربان بنانا

یہ تعویذ جو اپنے عورت اپنے پاس رکھے اور دن میں گیارہ مرتبہ ورد کریں۔ اور اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے شوہر کے دل میں نرمی پیدا ہوگی۔ اور بیوی کا تابعدار رہے گا۔

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِحَقِّ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَبِحَقِّ دَاوٗدَ وَمُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَبِحَقِّ جِبْرَائِيْلَ، مِيْكَائِيْلَ، اِسْرَافِيْلَ وَعِزْرَائِيْلَ.."

بے اولادی

اللہ بے نیاز سب کو اولاد جیسی عظیم نعمت سے سرفراز فرمائے۔ ہر نبی اور پیغمبر اولاد کیلئے دعا مانگتے رہے کہ یا اللہ مجھے اپنا وارث عطا کر۔ حضرت حرث بن مغیرہؓ سے منقول ہے کہ میں نے ایک دفعہ امامِ ناطق حضرت امام جعفر صادقؑ سے عرض کیا کہ اے مولا اے فرزندِ رسولؐ ہمارا تو خاندان اس دنیا سے مٹ رہا ہے۔ ہماری نسل ختم ہو رہی ہے میں بے اولاد ہوں مجھے طلب اولاد کیلئے کوئی وظیفہ تعلیم فرمائیں آپؑ نے فرمایا۔ کہ حالتِ سجدہ میں یہ دعا پڑھا کرو۔ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَاءِ. رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ ۔ حرث بن مغیرہؓ کہتے تھے میں نے امام پاکؑ کے حکم پر عمل کیا تو خالقِ اکبر حلال مشکلات نے مجھے دو بیٹے عطا کئے ایک کا علی اور دوسرے کا نام حسین رکھا۔

اولاد کے لئے نقش یہ ہے	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ علی علی علی علی علی، علی علی به به به به به به هب هب هب هب هب هب لهن لهن لهن لهن لهن لهن اراه اراه اراه اراه اراه اراه شراهیا شراهیا شراهیا شراهی امیر المومنین هذا الوحی القدوس القدوس القدوس له له له له له آه آه آه آه آه آه ۲ ۲ ۲ بس)

اگر کسی کے ہاں اولاد نرینہ یعنی بیٹا پیدا نہ ہوتا ہو تو اِن پاک حروف اسماء کو نو چندی ماہ عروج بروز جمعرات خالص مشک و زعفران سے لکھ کر یا لکھوا کر عورت اپنے دائیں بازو سے باندھے تو انشاء اللہ اس کے ہاں فرزند پیدا ہوگا اور دل میں قصد کرے کہ اس کا نام پہلے محمدؐ پر رکھوں گا اگر اس تعویز کو بے ثمر درخت کیساتھ باندھے تو بفضلِ خدا بار آور ہوگا۔

بندش کاروبار

جس کا کاروبار بوجہ سحر جادو یا ٹونہ بند ہو گیا ہو کام نہ چلتا ہو، بکری کم ہوتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بہت مجرب اور مفید ہے

اس مقصد کے لئے کٹورہ بھر پانی لیکراس پر 70 ستر مرتبہ سورۃ رحمٰن کی یہ آیات

یَامَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنفُذُوْمِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَاتَنْفُذُوْنَ اِلَّابِسُلْطٰنٍ۔

مع اوّل وآخر درود شریف، درود تنجینا گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کردم کریں اور اپنی کاروباری جگہ پر وہ پانی چاروں کونوں اور دروازوں میں اچھی طرح چھڑکیں اس کے علاوہ سورۃ الفاتحہ 7 مرتبہ سورۃ اخلاص 7 مرتبہ اور آیۃ الکرسی سات مرتبہ جس میں کلمہ وَلَایَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا 21 مرتبہ یا فَتَّاحُ یَارَزَّاقُ 21 بار اور دُرود تنجینا 7 بار پڑھ کر دوکان کے چاروں کونوں میں پھونک ماریں اور اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگیں۔ انشاء اللہ اکتالیس روز کے عمل سے کاروبار کی بندش ختم ہو کر کاروبار عروج پر چلا جائیگا رزق کی فراوانی ہو جائیگی۔ (انشاء اللہ)

دمہ کے لئے دمہ کے لئے یہ نقش مجرب ترین ہے۔

یہ نقش حقیقی اعظم ھند کا بتایا ہوا ہے۔ مُشک وزعفران سے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر ایک ہفتہ پینے سے مرض جاتا رہتا ہے۔ مریض خشک چنے زیادہ استعمال کرے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ھ ۱۱۰۱۹ ۷۱۶ ۱۶۵۱

۸	۵۷۹	۵۸۲	۱
۵۸۱	۲	۷	۵۸۰
۳	۵۸۴	۵۷۷	۶
۵۸۷	۵	۴	۵۸۳

اب ع ع ع بحرمة لا اله الا الله
محمد رسول الله صلى الله تعالىٰ
عليه واله وصحبه وسلم

استغاثہ بحضورِ فاطمۃ الزہرا علیہا السلام

☆ بعد از غسل نصف شب، دو رکعت نماز ادا کرے، پھر تسبیح حضرت فاطمۃ الزہراء علیہا السلام پڑھے اور نماز و تسبیح کا ثواب سیدہ عالمین کو ہدیہ کرے اس کے بعد درج ذیل کلمہ ''استغاثہ'' سجدے میں سر رکھ کر سو مرتبہ کہے۔ پھر دائیں طرف رخسار کو زمین پر رکھ کر سو دفعہ یہی ذکر پڑھے۔ پھر بائیں رخسار کو زمین پر رکھ کر سو دفعہ یہی ذکر پڑھے۔ پھر سجدہ گاہ پر سر رکھ کر یہی ذکر ایک دس مرتبہ پڑھے:۔

یَامَوْلَاتِیْ یَافَاطِمَۃُ اَغِیْثِیْنِیْ (اے میری مخدومہ اے فاطمہ میری فریاد کو پہنچیں)

پریشانی سے نجات کے لئے

اگر کوئی شخص پریشان ہو تو فوراً شہزادہ علی اصغر اور شہزادی سکینہ کی نیاز مان لے اور پھر ادائیگی کے لئے دودھ کے شربت پر نیاز دلا کر معصوم بچوں کو پلا دیں۔ انشاء اللہ ہر قسم کی جائز حاجات قبول ہونگی۔ دُعاؤں میں یاد رکھیں۔

مجرب عمل برائے اولادِ نرینہ

آزمودہ عمل ہے اعتقاد شرط ہے۔ حاملہ ہونے کے دوسرے ماہ کے آخر میں عمل کرنا ہے۔ اوّل نماز حاجات پڑھنی ہے۔ ایک صاف کاغذ پر محمد نام لکھ کر قرآن شریف پارہ نمبر 26 سورۂ محمد میں رکھ دیں۔ بچے کا نام پیدائش کے بعد محمد پر ہی رکھنا ہے۔ اس کے بعد سات لوگ باوضو بیٹھیں۔ 7 گلاب جامن یا کوئی مٹھائی سامنے رکھیں۔ دورانِ عمل گفتگو سے اجتناب کریں۔ ایک عورت حدیث کساء پڑھے اور پھر تمام افراد سورۂ انعام پڑھیں۔ پڑھنے کے بعد نیاز کھانی ہے۔ انشاء اللہ۔ دُعا پوری ہونے کے بعد دوبارہ عمل کرائیں۔ اپنی دُعاؤں میں یاد رکھیں۔

برائے ایصال ثواب

سیّد تنویر الاسلام رضوی (مرحوم) ابن ڈاکٹر سیّد قمر الاسلام رضوی

مرسلہ: بیگم تنویر الاسلام۔ 0321-5760631

ملازمت ترقی روزگار و رزق جس شخص کا کاروبار نہ ہو ملازمت نہ ہو اور ذریعہ معاش بھی نہ ہو تو یہ عمل اکسیر کا حکم رکھتا ہے بعد از نماز فجر یا عشاء ایک سو 100 مرتبہ پڑھا جائے۔ اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھا جائے 40 دن پورے نہ ہونگے کہ انشاء اللہ غیب سے کوئی سامان ملازمت یا ذریعہ معاش ظہور میں آئے گا اور رزق کیلئے عمل کیا جائے گا تو پردہ غیب سے رزق کی تدبیر ہوگی مفلسی اور ناداری دور ہو جائیگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ یَامُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ وَیَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَیَاخَالِقَ الْاَبْصَارِ وَیَادَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ اَرْشُدْنِیْ وَیَاغِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ تَوَکَّلْتُ عَلَیْکَ یَارَبِّ اُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَیْکَ لَا حَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ .) (عامل زاہد حسین جعفری)



عمل
بسم اللہ شریف

مسز سیّد اقتدار حسین نقوی
مکان نمبر 2 گلی نمبر 2 نزد استقلال
آباد کالونی۔ 40100 رشید کالونی سرگودھا
0322-7132674

سب سے پہلے قارئین امامیہ جنتری سے گذارش ہے حاجت پوری ہونے کے بعد بانیان امامیہ جنتری اور میرے والدین کے لئے سورۃ فاتحہ پڑھ کر بخش دیں۔

جو شخص مفلس و مجبور ہو اور کوئی ذریعہ معاش نہ ہو تو اس عمل کے ذریعہ اللہ تعالیٰ سے سوال کرے اگر کوئی شخص روزہ رکھنے پر قادر ہو تو وہ روزہ رکھے پہلے بدھ جمعرات اور جمعہ کے دن۔ اور جمعہ کو غسل کر کے مسجد یا امام بارگاہ میں جائے اور کچھ صدقہ کرے۔ اگر کمزور یا بیمار ہے کہ جا نہیں سکتا تو گھر میں قبلہ رُخ بیٹھ جائے اور عمل بسم اللہ اس طرح شروع کرے۔ اوّل دُرود پاک ۷ مرتبہ نقش کو سامنے رکھ کر پڑھے اس کے بعد یہ پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ھُوَاللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّاھُوَ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ ط ھُوَالرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ط اَسْئَلُکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّاھُوَ ج اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ج اَسْئَلُکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط لَاتَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ ط لَہٗ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَمَافِی الْاَرْضِ ط اَسْئَلُکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط مَنْ ذَاالَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ط اَسْئَلُکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یَعْلَمُ مَابَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَاخَلْفَھُمْ وَلَایُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَاشَآءَ ج وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ج وَلَایَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا ج وَھُوَالْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ط اَسْئَلُکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الَّذِیْ عَنَتِ الْوُجُوْہُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ وَخَشَعَتْ لَہُ الْاَصْوَاتُ وَوَجِلَتِ الْقُلُوْبُ مِنْ خَشْیَتِہٖ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۱۹۶ / ۵۱۶	۱۹۹ / ۵۱۹	۲۰۲ / ۵۲۲	۱۸۹ / ۵۰۹
۲۰۱ / ۵۲۱	۱۹۰ / ۵۱۰	۱۹۵ / ۵۱۵	۲۰۰ / ۵۲۰
۱۹۱ / ۵۱۱	۲۰۴ / ۵۲۴	۱۹۷ / ۵۱۷	۱۹۴ / ۵۱۴
۱۹۸ / ۵۱۸	۱۹۳ / ۵۱۳	۱۹۲ / ۵۱۲	۲۰۳ / ۵۲۳

یہاں اپنی حاجت کا ذکر کرے کہ مجھے رزق حلال عطا فرما۔ یَارَزَّاقُ یَامُعْطِیُ علاوہ جمعہ ہر روز 19 مرتبہ پڑھیں۔ جمعہ کو 111 مرتبہ پڑھیں اور نقش کے اوپر دم کریں۔ نقش جنتری میں سے کاٹ لیں یا ہم سے منگوالیں۔ ہر جائز مُراد کے لئے اور ہر مشکل کی آسانی کے لئے نماز فجر کے بعد اور نماز عصر کے بعد ان آیات کو 113 مرتبہ پڑھیں اوّل و آخر دُرود پاک 3 مرتبہ پڑھیں یہ آیت سورۃ الروم آیت نمبر 4 اور 5 ہیں۔ یَفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ بِنَصْرِ اللّٰہِ ط یَنْصُرُ مَنْ یَّشَآءُ ط وَھُوَالْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ۝ اس آیت کو اُس وقت تک پڑھیں جب تک حالات بہتر نہیں ہوتے۔

عمل دستِ غیب جس مومن کو یہ منظور ہو کہ حلال اور جائز ضرورتوں کے لئے اس کو کبھی پریشانی پیش نہ آئے وہ لقمہ حرام اور نجس سے پرہیز کرے۔ اور چالیس ۴۰ دن ایک معیّن مقام پر پابندیٔ وقت سے اوّل وقت نماز مغربین پڑھے اور مابین مغرب و عشاء ۷۸۶ مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے۔ اس کے بعد جگہ کی قید نہ رہے گی۔ مگر وقت کی پابندی سے ہمیشہ پڑھتا رہے۔ کبھی جائز ضرورتوں کیلئے پریشان نہ ہوگا۔ غیب سے سامان مہیا ہوگا۔ مگر جب امور حرام و ناجائز میں صرف کرے گا یا ارادہ کرے گا تو وہ برکت سلب ہو جائے گی۔ اوّل و آخر درود شریف جتنی دفعہ مقرر کر لے۔ ہمیشہ ملحوظ رہے۔ (وظائف مقبول)

Scanned with CamScanner

تنویر الجفر

سورۃ الحمد روح المشکلات

عامل وجفار سید تنویر حیدر نقوی (تنویر عصری) ایم۔اے۔
معرفت ادریس ٹریڈرز H-377 سردار عالم روڈ، راولپنڈی
فون: 0333-5398050

مضمون کی ابتداء سے پہلے قارئین کی اطلاع کے لئے کہ 2006ء میں امامیہ جنتری میں "تـنـويـر التكسير" کا جو مضمون چھپا تھا۔ عموماً کیونکہ قارئین کے کانوں میں الواح کی گونج بیٹھ چکی ہے۔ اس لئے اسطرح کے علمی پُر تاثیر گوشے مشکل سے سمجھ آتے ہیں۔ تکسیرات کا عمل جفر کی روح کی حیثیت رکھتا ہے اور تسخیرات کے طالب ومحبوب کے معاملات میں اسی عمل سے بتیاں تیار کر کے جلوائی جاتی ہیں۔ اور تکسیر ہر بچے، بڑے، بوڑھے کی ضرورت ہے یہ علیحدہ بات ہے مجبوراً سائل رجوع کب کرے۔ انشاء اللہ قارئین دعا کریں کہ کتاب تنویر التکسیرات مکمل کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ سکون اور وقت عطا فرمائے (آمین ثم آمین)

تمام تعریفیں علیم وخبیر رب العالمین صاحب ذوالجلال والاکرام کیلئے۔ درود وسلام کل انبیاءؑ، اولیاءؒ، شہداء صالحینؒ وفقراءؒ، قطب وابدالوں بالخصوص ختم المرسلین محمد مصطفیٰؐ اور منبع علم وہدایت اطہارؑ پر، امامیہ جنتری کے بانیان، مدیران اور متعلقین ادارہ واہل خانہ کیلئے صحت وتندرستی، عزت ووقار وطول العمری کی دعا کے ساتھ ساتھ دعا گو شائقین مطالعہ کی حوصلہ افزائی پر شکریہ کے بعد۔ ضرورت وقت کے مطابق۔ انفرادی خوبیوں پر محیط۔ سورۃ الحمد کا عمل ہدیہ ناظرین ہے۔ اداب دعا کی شرائط اگر پوری ہوں تو اس عمل کا پھل ہر قیمت میں حاصل ہوتا ہے۔ جسکو حاصل نہ ہو وہ بدنصیب ہر وقت استغفار سے مدد لے۔

سورۃ الحمد قرآن کریم کی ایک ایسی منفرد اور مقابل سورۃ ہے جسکے نزول کا احسان خالق کائنات نے قرآن کریم کے ساتھ حضور اکرمؐ کو جتلایا ہے سورۃ الحجر کی آیت 87 میں ارشاد قدرت ہے "اور یقیناً" ہم نے آپؐ کو سات دہرائی جانے والی آیتیں (سورۃ فاتحہ) اور بڑی عظمت والا قرآن عطا کیا" عیون اخبار الرضا میں امیر المومنینؑ سے منقول ہے کہ "بسم اللہ" سورۃ فاتحہ کی ایک آیت ہے۔ اسکو شامل کر کے سورۃ الحمد کی سات آیات بنتی ہیں۔ میں نے خود ختمی المرتبتؐ کو یہ فرماتے سنا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ سے خطاب کر کے یہ فرمایا "یا محمد ولقد اتینک سبعاً من المثانی والقران العظیم" پس سورۃ فاتحہ کے عطا کرنے سے مجھ پر احسان خاص کیا اور اس کو قران کریم کا ہم وزن وہم مقابل قرار دیا۔ امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ سورۃ الحمد کو "مثانی" اس لئے بھی کہتے ہیں کہ یہ سورۃ نماز کی 2 رکعتوں میں پڑھی جاتی ہے۔ تفسیر قمی وعیاشی میں امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ وہ مثانی جو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبیؐ کو عطا فرمائی وہ ہم اہل بیت ہیں۔ شیخ صدوقؒ نے اس قول کا یہ مطلب لیا ہے کہ آنحضرتؐ نے ہمیں قران مجید کے ساتھ ملایا ہے اور اُمت کو قران کریم اور ہمارے ساتھ تمسک کرنے کا حکم دیا ہے۔ حتیٰ کہ ہم دونوں حوض کوثر پر یکجان پہنچیں گے۔ صاحب تفسیر صافی نے اس مقام پر ایک لطیف حکمت سے لبریز تفسیر فرمائی کہ اللہ تعالیٰ نے جو لفظ "سات" فرمایا۔ غالباً! اس اعتبار سے کہ 14 معصومینؑ کے اسماء مبارکہ بھی سات ہیں یعنی (محمدؐ۔ فاطمہؑ۔ علیؑ۔ حسنؑ وحسینؑ۔ جعفر وموسیٰؑ) اصل اسماء مبارکہ یہ ہیں اس میں 3 محمدؐ 3 علیؑ اور ایک حسنؑ ہے۔ سبعاً من المثانی سات سے دوچند گویا چودہ معصومینؑ۔ اگر مثانی کو ثنا سے مشتق سمجھا جائے جس کا معنی تعریف کے ہیں تو مطلب یہ ہوگا کہ "اِن سات ناموں کے حامل سب ممدوح ومعروف ہیں۔ اور اگر مثانی کو تثنیہ سے مشتق سمجھا جائے تو معنی قران کا ثانی قرار پائیں گیں۔ جو کہ رسالت مآبؐ کے فرمان کے بھی مطابق ہے۔ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہ کا سورۃ الحمد کی ساتویں آیت ہونا اس بات سے بھی ظاہر ہے کہ سعودی عرب کا سرکاری قران کریم کا نسخہ جو کہ حاجیوں کو تحفہ میں عطا کیا جاتا ہے۔ اس میں بھی اس کو سورۃ الحمد کا جز ظاہر کر کے "سات آیات" ظاہر کی گئیں ہیں۔

مختصراً اس کے روحانی ظاہراً فیوض کے بارے میں اتنا ہی کافی ہے کہ فرمان رسالتؐ کے تحت جس انسان کو سورۃ الحمد اور سورۃ قل ھو اللہ سے فیض نصیب نہ ہو۔ اس کو دنیا میں کوئی چیز فائدہ نہیں پہنچا سکتی۔ اس سبع مثانی میں انسانی زندگی کی روح مضمر ہے اگر اس کو اعتقاد سے 70 مرتبہ مردے پر دم کیا جائے تو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے وہ زندہ ہو جاتا ہے۔ اور شائد اسی سبب خالق حقیقی نے اپنی اطاعتی دعا یعنی نماز کی 2 رکعتوں میں اس کی تلاوت کو لازمی قرار دیکر بنی نوع انسان کے مصائب سے چھٹکارے کا لاشعوری حکم صادر فرمایا۔

پس تمہیدی خوبیوں سے ربط دیتے ہوئے مایوس، لاعلاج، گناہوں سے لبریز، مشکلات کے انبار میں دبے ایسے ہی لوگوں خصوصاً خواتین کے لئے قرآن کریم کی سبع مثانی "یعنی 7 آیات کی مکمل قرآن کریم کی تاثیر لئے ہوئے سورۃ الحمد شریف" کی آئمہ معصومینؑ کے فرمودات کی روشنی میں امام عصرؑ کی سرپرستی وراہنمائی سے ترتیب ادائیگی پیش خدمت ہے۔ کیونکہ رسالت مآبؐ کا فرمان مبارک خطبہ غدیر میں موجود ہے کہ "سورہ الحمد میرے واسطے، علیؑ اور اولاد علیؑ کے لئے نازل ہوئی اور انہی سے مختص ہے۔ جو ترغیب عمل کے ساتھ ساتھ منفرد اور تاثیرایزدی کے اعتبار سے تیر بہدف ہے۔ عمل کی کسوٹی پر پرکھ کر مجھ ناچیز کے لئے بھی دعا کریں۔ نیز نتیجہ کی اطلاع بھی دیں تاکہ یقین محکم میں مزید اضافہ ہو سکے۔ کسی اجازت کی ضرورت نہیں۔ زندگی کی جملہ مشکلات کیلئے اس سے فائدہ اُٹھایا جاسکتا ہے۔

(طریقہ ادائیگی عمل)

2 رکعت نماز حاجت کی نیت سے ادا کر کے اس کا ثواب حضور اکرمؐ، 14 معصومینؑ اور بالخصوص جناب فاطمۃ الزہراؑ کو ہدیہ کر دیں اوران ہستیوں کے واسطے سے قبولیت دعا کی التجا کریں پھر:

(1) اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○	3 مرتبہ
(2) اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ ○	7 مرتبہ
(3) يَاوَهَّابُ	3 مرتبہ
(4) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○	3 مرتبہ
(5) يَاوَهَّابُ	3 مرتبہ
(6) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ ○	3 مرتبہ
(7) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○	3 مرتبہ
(8) يَاوَهَّابُ	3 مرتبہ
(9) اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○	3 مرتبہ
(10) يَاوَهَّابُ	3 مرتبہ
(11) مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○	3 مرتبہ
(12) يَاوَهَّابُ	3 مرتبہ
(13) اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○	3 مرتبہ
(14) يَاوَهَّابُ	3 مرتبہ
(15) اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ○	3 مرتبہ
(16) يَاوَهَّابُ	3 مرتبہ
(17) صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ○	3 مرتبہ
(18) يَاوَهَّابُ	3 مرتبہ
(19) غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ○	3 مرتبہ
(20) اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَسْئَلُهُ التَّوْبَةَ	3 مرتبہ
(21) يَاوَهَّابُ	3 مرتبہ
(22) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ	7 مرتبہ

عمل ختم ہوا۔ نماز فجر یا عشاء کے بعد مومنین اس کا ورد اپنا معمول بنالیں، حالات، قضا وقدر کے تحت کتنے ہی خراب کیوں نہ ہو جائیں انشاء اللہ تباہی مقدر نہ بن سکے گی اور متبادل اسباب رزق غیب سے حاصل ہوتے رہیں گے۔ 74 دانوں کی ایک تسبیح تیار کر کے تعداد کے اعتبار سے اس پر نشانات لگالیں۔ چند دنوں میں روانی پیدا ہو جائے گی۔

شفاء امراض: انار کے تازہ رس پر سورۃ فاتحہ 41 مرتبہ وصل بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کے ساتھ دم کر کے اس رس کو مریض بطور دوا دن میں 4 مرتبہ کھانے 4 چمچے استعمال کرے مسلسل 3-4 ماہ تو دائمی بخار، تپ دق، دماغی وقلبی کمزوری ضعف جگر معدہ اور تمام قسم کے ہیپاٹائٹس سے شفا یقینی نصیب ہوگی۔ ثابت قدمی اور اعتقاد واثق شرط ہے۔

نوٹ: اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے محمدؐ وآل محمدؐ کی سرپرستی وعنایت کے سبب بچوں کے نام اور اسم اعظم نکالنے کے علاوہ محدود پیمانے پر ہر قسم کی انگشتریاں، کلمہ طیبہ کے چھلے، قاضی الحاجات انگشتری، نقوش، الواح، ستاروں کے طلسمات جامع، تکسیرات ذاتی، شرف مشتری میں تیار طلسم صحت و دولت بھی موجود ہیں۔ نیز حروف صوامت کی سالہا سال کی ریاضت کے سبب ان سے متعلقہ امور خصوصی تاثیر کا درجہ رکھتے ہیں۔ یہ تمام کام شرائط کے ساتھ اپنے ہاتھوں سے تیار کئے جاتے ہیں۔ شائقین فیض اُٹھا سکتے ہیں۔ دعا گو متمنی دعا سید تنویر جفار۔ فون: 0333-5398050

استخارہ کی شرعی حیثیت

خادم پنجتن پاک
تجمل حسین

لغوی معنی: طلب خیر کرنا، نیکی کی توفیق مانگنا

استخارہ اصطلاح شرعی میں کسی کام کے ہونے یا نہ ہونے کی نسبت ایک خاص طریق پر اشارہ غیبی چاہنا۔ دین کے مسلمہ اصول ہیں جن میں انسان ردوبدل کرے وہ کافر و مشرک ہو جاتا ہے لیکن دنیا کا میدان وسیع و عریض ہے دنیاوی کاموں کے لئے اللہ تعالیٰ سے مشورہ لینا یعنی جہاں انسان تذبذب کا شکار ہو اور عقل کام نہ کر رہی ہو وہاں مرضیِ رب معلوم کرنے کو استخارہ کہا جاتا ہے۔

استخارہ کیوں کرنا چاہیئے: انسان کو عموماً تین اشکال پیش آتی ہیں۔

ا۔ ایک کام درپیش ہے اور اُس کے کرنے کا پختہ ارادہ ہے۔

۲۔ ایک کام درپیش ہے اور یہ رائے قائم نہیں ہوتی کہ اس کام میں بہتری ہے یا نہیں یا دو کام درپیش ہیں اور رائے قائم نہیں ہوتی کہ وہ کون سا کام ہے جو میرے لئے مناسب ہوگا اور کیا جائے۔ ۳۔ فلاں کام ہوگا یا نہیں۔

پہلی صورت میں کوئی رکاوٹ نہیں کیونکہ ظاہر اسباب اور ضروریات اس کام کے حق میں ہیں اور کام کرنے کا ارادہ بھی ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ رب تعالیٰ سے دعا کی جائے کہ اس کا کام بخیر و خوبی احسن طریق سے انجام پائے لہٰذا استخارہ کر کے کام کو کر پائے۔

قرآن میں ذکرِ استخارہ: بحوالہ پارہ نمبر ۲۵ سورہ الشوریٰ آیت نمبر ۳۸۔ ترجمہ (استخارہ بمعنی مشورہ)

''اور جو اپنے پروردگار کا حکم مانتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں اور ان کے کل کام آپس کے مشورے سے ہوتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں عطا کیا۔''

احادیث کی روشنی میں ذکر استخارہ:

حاکم ترمذی نقل کرتے ہیں کہ ''نبی اکرمؐ صحابہ کرام کو استخارہ تعلیم فرماتے جس طرح آیاتِ قرآنی کی تعلیم فرماتے۔''

دوسری روایت جامع الاصول میں نقل کی ہے کہ ''ہرگز نقصان نہ اُٹھائیگا وہ شخص جس نے استخارہ کیا اللہ تعالیٰ سے اور ندامت نہ اُٹھائیگا جو آپس میں مشورہ کرے اور فقیر نہ ہوگا جو میانہ روی اختیار کریگا۔

تیسری حدیث حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا اے انس جس کام کا بھی قصد کرے تو استخارہ کر اللہ تعالیٰ سے سات بات پھر جو کچھ تیرے دل پر القاء ہو اس پر عمل کرنا ہی بہتر ہے۔

۴۔ ظفر جلیل شرح حصنِ حصین میں تحریر کرتے ہیں کہ جب کسی کام (مباح) کا ارادہ کرے تو استخارہ کرنا بہتر ہے۔

۵۔ مشکوٰۃ شریف فصل اوّل باب التطوع طوالت مضمون کی وجہ سے حدیث کا مرکزی حصے کا مفہوم تحریر کرتا ہوں کیونکہ حدیث مبارکہ نصف رکوع کے برابر ہے جابر بن عبداللہ انصاری سے روایت ہے اہم کام کا ارادہ کرے تو پہلے دو رکعت نماز نفل برائے استخارہ پڑھے اور بعض روایات میں دو دو سلام سے چار رکعت نفل ادا کرے۔

i۔ **قُرْبَۃً اِلَی اللّٰہِ** رکعت اوّل میں سورہ الحمد کے بعد **اِذَا زُلْزِلَتْ** دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد **وَالْعٰدِیٰتِ** اور تیسری رکعت اوّل میں سورہ الحمد کے بعد **اِذَا جَآءَ** اور چوتھی میں سورہ الحمد کے بعد **قُلْ ھُوَ اللّٰہُ** ہر رکعت میں سوروں کے بعد پندرہ مرتبہ تسبیحات اربعہ تلاوت کریں یعنی رکوع و سجود میں بھی تسبیحات پڑھیں۔

ii۔ طریق نمبر ۲۔ دو رکعت نفل سورہ حمد کے بعد ایک مرتبہ سورہ توحید تین مرتبہ درود پاک پھر پندرہ مرتبہ دعائے توسّل ہر رکعت میں ادا کریں اور مناجات استخارہ پڑھ کر استخارہ کریں۔

مناجات استخارہ: اوّل آیت الکرسی کو پڑھ کر پھر سورہ انعام پارہ نمبر 7 رکوع نمبر 7 آیت نمبر 58 پھر دس مرتبہ درود پڑھ کر استخارہ کریں۔ ii۔ نادِ علیؑ iii۔ بحوالہ مفاتیح الجنان صفحہ (1451-1452)

iv۔ تحفۃ العوام مقبول جدید صفحہ نمبر V,319 جعفری تحفۃ العوام صفحہ 69۔

تقریباً بیس کے قریب مناجات بندہ نے اپنی کتاب مولف استخارہ و فال میں درج کی ہیں۔ جن میں سے ایک مناجات تحریر کر رہا ہوں۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ رَبَّ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَرَبَّ اِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَبَّ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَبَّ اِسْحٰقَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَبَّ يَعْقُوْبَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَبَّ جِبْرَائِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَبَّ مِيْكَائِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَبَّ اِسْرَافِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَبَّ عِزْرَائِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَمُنَزِّلَ التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ الْعَظِيْمِ اَرِنِيْ فِيْ مَنَامِيَ اللَّيْلَةَ مَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ ۝

کن لوگوں سے استخارہ کروانا چاہیئے: مجتہد۔ عالم باعمل۔ مفتی۔ پابند شریعت انسان۔ متقی۔ عابد۔ زاہد۔ صالح۔ صاحب تقویٰ۔ پابند صوم وصلوٰۃ۔

آداب استخارہ: باوضو۔ فاسد خیالات سے دل و دماغ پاک ہو۔ تنہائی۔ گفتگو سے پرہیز۔ کامل یقین۔ ہمہ تن خالق حقیقی کی طرف متوجہ ہونا۔ انکار کی صورت میں دوسری یا تیسری بار استخارہ کرنا بے محل اور بے موقع ہے۔ فرض اور واجب امور کے لئے استخارہ کرنا آداب کے منافی ہے۔

ممنوعات استخارہ: فعل حرام و مکروہات کا ترک کرنا یا نہ کرنا روزانہ کھانا پینا سٹہ بازی چوری زنا گیم کی قرعہ اندازی کے نمبر اکڑا، پنگھوڑا، مال سود پر دینا۔ مال ہاتھ آئیگا یا نہیں، فلاں عورت قابو آئے گی کہ نہ، بیوی کی مرضی کے بغیر زیور بیچنا۔

استخارہ کتنی طریقوں سے کیا جاسکتا ھے:

بذریعہ دل، ذریعہ اعداد، بذریعہ جسم، بذریعہ نادعلیؑ، بذریعہ تسبیح، بذریعہ کاغذ اور پانی، بذریعہ مٹی، بذریعہ طلسم، بذریعہ خواب، بذریعہ قرآن، بذریعہ مزدور، بوقت گرہن بذریعہ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ بذریعہ سورہ الحمد حالت قیام میں۔ اوقات استخارہ، اسی جنتری میں کہیں درج ہوں گے۔

دو استخارے بذریعہ خواب: طریقہ استخارہ نظام الدینؒ اولیاء:۔ (بحوالہ مکمل گنجینۂ عملیات صفحہ ۱۲۱۔ طلسمات عجائب حاجی میر مصاحب علی حنفی چشتی نظامی فخری مطبع بمبئی کریمی پریس ۱۳۲۸ھ)

٧٨٦

٥٦	٥١	٥٨
٥٧	٥٥	٥٣
٥٢	٥٩	٥٤

بعد از نماز عشاء ایک ہزار مرتبہ لا الٰہ الا اللہ اول و آخر ۱۱۔۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے پہلے اس نقش کو زعفران سے لکھ کر پاک کپڑے میں لپیٹ کر مصلّے کے نیچے رکھ لے اور یہ عزیمت 1000 مرتبہ پڑھ کر کسی سے ہمکلام نہ ہو اور ذہن میں کام رکھ کر نیت درست ہو اول شب ہی میں حال معلوم ہو جائیگا زیادہ سے زیادہ تین یوم کرے۔

استخارہ حضرت مُوسٰیؑ بذریعہ طلسم:

بوقت استخارہ عطر خوشبو لگا ہوا کمرہ اگر بتی سُلگتی ہو کپڑے پاکیزہ ہوں ۱۴ مرتبہ درود پاک پڑھیں اور سونے کے وقت یہ نقش مشک و زعفران سے تحریر کر کے سرہانے رکھ کر سوائیں تمام احوال رات کو ظاہر ہو جائیں گے جمعرات خلوص نیت شرط ہے اور استخارہ ذہن میں رکھے۔



استخارہ بذریعہ شعر: تین دن شروع جمعرات جمعہ کی درمیانی شب کہ کام کس طرح ہوگا۔ دیر کیوں ہوئی۔ اثر مند نہیں ہوا خبر ہو، شعر ۳۰۰ مرتبہ پڑھیں هُوَ الْحَبِيْبُ الَّذِيْ تُرْجٰى شَفَاعَتُهٗ لِكُلِّ هَوْلٍ مِّنَ الْاَهْوَالِ مُقْتَحِمِ بے اولاد مرد و اولاد نرینہ کی دوا اور نقش دستیاب ہے۔ خادم پنجتن پاک تجمل حسین۔ ا۔ رجانہ روڈ پیر محل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ فون: 0307,7777131,03334128131

tajammal_hussain@hotmail.com

برائے درد چشم

☆ آنکھوں کی تکلیف و بیماری کیلئے سورۂ کوثر اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں آشوب چشم سے نجات ملے گی نیز ہر قسم کی مصیبت اور پریشانی کیلئے بھی بہت مفید ہے۔

☆ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے اپنے صحابی حضرت مفضل کو آشوب چشم کیلئے یہ دعا تعلیم فرمائی تھی طریقہ اس کا یہ ہے کہ کھانا کھانے کے بعد ہاتھ دھو کر داہنے ہاتھ کا انگوٹھا داہنی آنکھ پر اور بائیں ہاتھ کی درمیانی انگلی بائیں طرف والی آنکھ پر رکھ کر تین تین مرتبہ درج ذیل دعا پڑھتے ہوئے آنکھ پر پھیرے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْمُحْسِنِ الْمُجْمِلِ الْمُنْعِمِ ....(اپنا نام)

بینائی کی کمزوری رفع ہونے کے واسطے یہ دعا سات مرتبہ اس طرح پڑھے کہ آنکھوں پر انگلیاں پھیرتا رہے دُعا کے بعد آیت الکرسی مع بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ خالدون تک پڑھے (مفاتیح الجنان)

اُعِيْذُ نُوْرَ بَصَرِيْ بِنُوْرِ اللهِ الَّذِيْ لَا يُطْفَاُ

(میں اپنی آنکھوں کے نور کو اللہ کے نور کی پناہ میں دیتا ہوں جو بجھتا نہیں)۔

قرآن کے ذریعے
بیماریوں سے شفاء اور پریشانیوں کا فوری حل

تمام تعریفیں خدائے عزّوجلّ کیلئے اور درود وسلام محمدؐ وآلِ محمدؐ کیلئے ہیں۔

① مالی پریشانی فوری ختم ہونے کے لئے

یَاایلُ یَاایلیاهُ یَااللّٰهُ
یَافَتَّاحُ یَافَتَّاحُ یَافَتَّاحُ
یَاجِبْرَائِیْلُ یَامِیْکَائِیْلُ یَااَمْنَائِیْلُ یَامِهْلَائِیْلُ

کو آدھی رات گزرنے کے بعد باوضو ہو کر خوشبو لگا کر مصلے پر بیٹھ کر (۳۰۰) تین سو مرتبہ پڑھ کر دعا طلب کریں۔ (۲۱ دن متواتر) روزانہ پڑھنے کے بعد بغیر کسی سے بات کیئے سو جائیں۔ انشاء اللہ ایسی امداد غیبی ہو کہ عقل حیران ہو جائے۔ یقین ضروری ہے۔

② امتحان میں کامیابی کے لئے۔ (بصد اصرار)

عشاء کی نماز کے بعد اُسی جاء نماز پر اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور درمیان میں (۳۰۰) تین سو مرتبہ۔ اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ۔ اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ۔ اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ۔ پڑھیں پھر دعا طلب کریں۔ امتحانی نتیجہ آنے تک پڑھتے رہیں۔

③ جگر اور گردوں کے تمام امراض کیلئے

کَاَنَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِکَلِمَاتِ رَبِّیْ

ایک کاغذ پر لکھ کر تعویز بنالیں۔ عورتیں گلے میں ڈالیں۔ مرد سیدھے بازو پر باندھیں۔ اس کے علاوہ کاغذ یا سفید چینی کی پلیٹ پر زردہ کے رنگ یا زعفران کو عرق گلاب میں حل کر کے تحریر کریں اور صاف پانی سے دھو کر نہار منہ پی لیں۔ شفاء ہونے تک جاری رکھیں۔ انشاء اللہ شفاء ضرور ہوگی۔

④ رسولی کے خاتمے کیلئے جسم میں کسی بھی جگہ رسولی ہو تو

یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ

(دائرے کے بیچ میں نقطہ لگا کر اس طرح کاٹیں کہ کراس بن جائے)

کاغذ یا سفید پلیٹ پر زردہ کے رنگ یا زعفران کو عرق گلاب میں بھگو کر تحریر کریں اور تین وقت کم از کم ۴ ماہ متواتر پی لیں انشاء اللہ رسولی ختم ہوگی۔

⑤ دمہ کے لئے

چینی کی سفید پلیٹ یا سونے کے پترے پر زردہ کے رنگ سے تحریر کر کے صاف پانی سے دھو کر پی لیں۔

یَا فَارِقُ	یَا فَارِقُ	یَا فَارِقُ
یَا فَارِقُ	یَا فَارِقُ	یَا فَارِقُ
یَا فَارِقُ	یَا فَارِقُ	یَا فَارِقُ

دن میں تین مرتبہ پی لیں۔ گرد وغبار سے دُور رہیں۔

⑥ بڑی سے بڑی مشکل و پریشانی ختم ہونے اور جائز مراد کے جلد پوری ہونے کے لئے

اَللّٰهُ الصَّمَدُ کو ایک ہزار ایک مرتبہ اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ ۴۱ دن تک پڑھیں، وقت، جگہ ایک ہو بغیر ناغہ کے کریں۔ انشاء اللہ حیران کُن نتائج برآمد ہوں گے۔ اگربتی ضرور جلالیں۔

مجرّب نقوش

① مرگی سے شفاء کے لئے شاث حوا خانۂ آتش سے شروع کریں۔ تانبے کی تختی پر لکھ کر اتوار کی رات میں کسی مسلمان سے تحریر کروائیں۔ اور مرگی کے مریض کے گلے میں ڈال دیں اسی تختی کے برابر دوسری تختی چاندی کی تیار کروا کر اسی رات خیرات کریں۔ جلد شفاء ہوگی۔ (مجرب ہے)

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

② میاں بیوی میں بے پناہ محبت کے لئے

سورۃ یوسفؑ کا دم کیا ہوا پانی سوتے وقت تین گھونٹ مطلوب کو پلائیں اور سورہ یوسفؑ دم بھی کریں۔ سات دن متواتر۔ یہ نقش کالی سیاہی سے باوضو ہو کر تحریر کریں اور طالب کے گلے میں ڈالے یا سیدھے بازو پر باندھے۔

نقش اگلے صفحے پر درج ہے۔

۷۸۶

۱۲۵۹۹۴	۱۲۵۹۹۸	۱۲۶۰۰۱	۱۲۵۹۸۷
۱۲۶۰۰۰	۱۲۵۹۸۸	۱۲۵۹۹۳	۱۲۵۹۹۹
۱۲۵۹۸۹	۱۲۶۰۰۳	۱۲۵۹۹۶	۱۲۵۹۹۲
۱۲۵۹۹۷	۱۲۵۹۹۱	۱۲۵۹۹۰	۱۲۶۰۰۲

نقش نیک ساعت میں چال سے لکھیں۔

③ رشتہ کی بندش کے خاتمے کیلئے

مندرجہ ذیل نقش تحریر کر کے اُس لڑکی یا لڑکے کے گلے میں ڈال دیں جس کی بندش کی گئی ہو۔ انشاء اللہ ایک ماہ میں بندش ختم ہو کر رشتہ ہوگا۔ نقش اس طرح بنائیں۔

۷۸۶

۵۷۶۷	۵۷۷۰	۵۷۷۳	۵۷۵۹
۵۷۷۲	۵۷۶۰	۵۷۶۶	۵۷۷۱
۵۷۶۱	۵۷۷۵	۵۷۶۸	۵۷۶۵
۵۷۶۹	۵۷۶۴	۵۷۶۲	۵۷۷۴

④ اگر کسی عورت کی کوکھ بندھی ہو تو

سورۃ واقعہ کا نقش بنا کر نقش کے اوپر آیت سحر سے تحریر کر کے گلے میں ڈالیں۔ ایک بوتل میں پانی بھر کر اُس پر (۹۹) اسماء مبارکہ ایک مرتبہ، سو (۱۰۰) مرتبہ آیت السحر اور ایک مرتبہ سورۃ واقعہ دم کریں۔ سات دن متواتر یہ پانی پلائیں۔ ہر ہفتے اسی طرح پانی کی بوتل دم کریں اور صبح و شام پلائیں۔ یاد رکھیں۔ پانی حمل ٹھہرنے کے ۲ ماہ بعد شروع کریں۔ نقش شروع میں ہی ڈال دیں۔

۷۸۶

۲۵۷۴۱	۲۵۷۴۴	۲۵۷۴۷	۲۵۷۳۳
۲۵۷۴۶	۲۵۷۳۴	۲۵۷۴۰	۲۵۷۴۵
۲۵۷۳۵	۲۵۷۴۹	۲۵۷۴۲	۲۵۷۳۹
۲۵۷۴۳	۲۵۷۳۸	۲۵۷۳۶	۲۵۷۴۸

⑤ کاروبار کی بندش، قرض کی ادائیگی، معاشی تنگی ختم ہونے کیلئے

۷۸۶

۱۷۲	۱۷۵	۱۷۸	۱۶۵
۱۷۷	۱۶۶	۱۷۱	۱۷۶
۱۶۷	۱۸۰	۱۷۳	۱۷۰
۱۷۴	۱۶۹	۱۶۸	۱۷۹

روزانہ بعد نماز عشاء یا منتقم (۶۳۰) مرتبہ سات سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔ مندرجہ ذیل نقش تحریر کر کے کاروبار کی جگہ لٹکا دیں اور ایک نقش گلے یا سیدھے بازو پر باندھیں۔ انشاء اللہ ۲۱ دن میں سحر ختم ہو کر بہتری آئے گی۔

⑥ مفاتیح القلوب (صرف جائز مقصد کے لئے استعمال کی اجازت ہے)

اس نقش میں سورۃ جنّ، سورۃ مزمّل، سورۃ ق، سورۃ الشمس، سورۃ فتح، سورۃ یوسفؑ، چہار قُل، آیت الکرسی، حروف مقطعات، ہفت سلام، آیت قل اللّٰھم کے اعداد ہیں انتہائی مجرب و مؤثر ہے باوضو ہو کر بیٹھ کر خوشبو جلا کر تحریر کریں۔ پھر عطر لگا کر گلے میں باندھ لیں۔ ناپاکی میں علیحدہ کریں۔

۷۸۶

ش۶ ۲۱۷ع	۱ش ۲۱۷ع	۸ش ۲۱۷ع
۷ع ۲۱۷ع	ش۵ ۲۱۷ع	ش۳ ۲۱۷ع
۲ع ۲۱۷ع	ش۹ ۲۱۷ع	ش۴ ۲۱۷ع

اپنے مسائل جوابی لفافے کے ساتھ خط کے ذریعے تحریر کریں۔ فی سبیل اللہ فون پر بھی مسائل کا حل دریافت کریں۔ بالمشافہ ملاقات کے لئے صرف جمعہ اور اتوار ۳ بجے تا ۵ بجے شام۔

سید ندیم اختر زیدی الحسینی

B276 سروے 627 گلی نمبر 7 عون و محمد چوک، جعفر طیار سوسائٹی، ملیر ٹاؤن کراچی۔

ویب سائٹ: www.nadeemzaidi-ucoz.com

فون: 021-4226083 ، موبائل: 0334-3131478

دُعا برائے دفع دُشمنان

دفع اَعداء کیلئے یہ دُعا خاص اثر رکھتی ہے:۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ. اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ بِنُوۡرِکَ الَّذِیۡ لَا يُطۡفٰی وَبِعَزَآئِمِکَ الَّتِیۡ لَا تُخۡفٰی وَبِعِزِّکَ الَّذِیۡ لَا يَنۡقَضِیۡ وَبِنِعۡمَتِکَ الَّتِیۡ لَا تُحۡصٰی وَبِسُلۡطَانِکَ الَّذِیۡ کَفَفۡتَ بِهٖ فِرۡعَوۡنَ عَنۡ مُوۡسٰی عَلَيۡهِ السَّلَامُ

(اِسکے بعد یہ کہیے "یا اللہ مجھ سے میرے دشمنوں کو دُور رکھ" وغیرہ۔

یہ دُعا حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے۔ (اُصول کافی میں درج ہے۔

مرسلہ: غلام حسین، میانوالی

گھر سے نکلتے وقت کی دُعا

حضرت امام زین العابدینؑ نے فرمایا کہ ہر مومن کو چاہیئے کہ گھر سے نکلتے وقت یہ الفاظ وردِ زبان کرے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ اٰمَنۡتُ بِاللّٰهِ وَتَوَکَّلۡتُ عَلَی اللّٰهِ

برائے حفاظت: ہر روز ۴۵ بار یَاعَفُوُّ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔

ریکی، اسمائے حسنیٰ اور حضرت امام رضا علیہ السلام کے روضہ اقدس کی قوت شفا کے ذریعے امراض اور مسائل سے نجات

ڈاکٹر سید نیاز محمد ہمدانی

2009ء کی امامیہ جنتری میں اسی موضوع پر میرا ایک مختصر مضمون شائع ہوا۔ اس مضمون کو پڑھ کر اندرونِ ملک اور بیرونِ ملک سے بہت سے احباب نے خطوط، ٹیلی فون اور ای میل کے ذریعے رابطہ کیا۔ بعض نے اپنے مسائل کے حل کے سلسلے میں اور بعض نے کچھ سوالات کے جوابات کے لئے، جو اس مضمون کے مطالعہ سے ان کے ذہن میں پیدا ہوئے تھے۔ اس مضمون میں ہم ان میں سے بعض سوالات کے جوابات تحریر کریں گے تا کہ ان سب لوگوں کی معلومات میں بھی اضافہ ہو جائے جن کے ذہنوں میں سوال تو پیدا ہوئے مگر کسی وجہ سے وہ پوچھ نہ پائے۔

سوال: اسمائے حسنیٰ کے ذریعے کس قسم کے مسائل کو حل کیا جا سکتا ہے؟

جواب: اسمائے حسنیٰ کے ذریعے ہر قسم کے مسائل حل ہو سکتے ہیں اور ہر قسم کے روحانی اور مادی فوائد حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس کائنات میں موجود ہر چیز کو بے شمار قسم کی نعمتوں سے مسلسل نواز رہا ہے۔ اس کی ہر نعمت، جو آپ کے پاس موجود ہے اور جو آپ حاصل کرنا چاہتے ہیں، اس کے کسی نہ کسی اسم کی تجلی (انرجی) کا نتیجہ ہوتا ہے۔ اسی لئے اللہ نے فرمایا ہے:

وَ لِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا

"تمام خوبصورت نام اللہ ہی کے ہیں، پس اسے انہی کے ذریعے پکارو" (اعراف:180)

اللہ تعالیٰ کے ایک سو نام ہیں، ایک ذاتی اور ننانوے صفاتی۔ ان میں سے ہر نام کی ایک مخصوص انرجی ہوتی ہے اور ہر انرجی کے لاتعداد درجات ہوتے ہیں۔ ایک سے زیادہ ناموں کی ترکیب سے کھربوں اقسام کی انرجی وجود میں آتی ہے۔ جیسے عربی کے حروفِ تہجی کی تعداد 28 ہے مگر ان سے بننے والے الفاظ اور کلمات لاکھوں کی تعداد میں ہے۔ اگر انسان اپنے حالات سے مطابقت رکھنے والے اسم الٰہی کو پالے اور تمام ظاہری و باطنی شرائط کے ساتھ اس پر عمل کرے تو وہ اسم اس شخص کے لئے اسم اعظم بن جاتا ہے جس کی طاقت (انرجی) سے وہ ہر کام کر سکتا ہے۔ اگر قرآن شریف کا غور سے مطالعہ کیا جائے تو یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ قرآن شریف کی بنیاد بھی اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ ہیں۔ آئمہ معصومین علیہم السلام جو ناطق قرآن ہیں وہ بھی اسمائے حسنیٰ ہیں جیسا کہ یہ بات معصومین کی حدیث میں بھی بیان ہوئی ہے۔

سوال: ریکی کیا ہے اور اسمائے حسنیٰ کے ساتھ اس کا کیا تعلق ہے؟

جواب: ریکی جاپانی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی ہیں "کائناتی قوت شفا"۔ ریکی اللہ تعالیٰ کی رحمت کی بے شمار تجلیات میں سے ایک ہے۔ دنیا میں موجود ہر چیز جو مخلوق کو کسی بھی قسم کا فائدہ پہنچا سکے وہ اللہ کی رحمت کی تجلی ہوتی ہے۔ دنیا میں ہر شخص کی خواہش ہوتی ہے کہ اسے کوئی غیر معمولی روحانی یا ماورائی طاقت حاصل ہو جائے جس سے وہ اپنی زندگی میں زیادہ سے زیادہ کامیابی، خوشی اور اطمینان حاصل کر سکے۔ لیکن لوگوں کی بھاری اکثریت ایسی طاقت حاصل کرنے میں ناکام رہتی ہے اس لئے کہ ایسا کرنے کے لئے مشکل ریاضتیں اور عملیات کرنے پڑتے ہیں۔ ریکی دنیا کی واحد ماورائی طاقت ہے جسے دس سال سے زائد عمر کا ہر شخص حاصل کر سکتا ہے اس لئے کہ اس میں کوئی چلے اور ریاضتیں نہیں کرنی پڑتی ہیں۔ اسمائے حسنیٰ کے ساتھ اس کا تعلق اس طرح بنتا ہے کہ اگر کوئی ریکی پریکٹیشنر ریکی کرتے وقت اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے کسی مناسب اسم کا ذکر بھی کرے تو ریکی کی تاثیر میں بہت اضافہ ہو جاتا ہے۔

سوال: ریکی سے کیا فوائد حاصل کئے جا سکتے ہیں؟

جواب: زندگی کے ہر شعبے میں کسی بھی قسم کی کمی یا کوتاہی کا خاتمہ کرنے کے لئے ریکی بہت موثر ہے۔ ریکی کے ذریعے آپ اپنا اور دوسروں کا علاج کر سکتے ہیں، اپنے ماحول سے منفی اثرات کا خاتمہ کر سکتے ہیں، منفی سوچوں، ٹینشن (Tension) اور سٹریس (Stress) کو کنٹرول کر سکتے ہیں، اپنے اور دوسروں کے ساتھ تعلقات کو بہتر بنا سکتے ہیں۔ ریکی کے استعمال سے آپ اپنی ذہنی و جسمانی صلاحیتوں میں اضافہ کر سکتے ہیں، آپ کا تعلق جس بھی شعبہ زندگی سے ہو اس میں اپنی کارکردگی میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ جن طالبعلموں نے ریکی کی تربیت حاصل کی ہوتی ہے ان کا تعلیمی گریڈ پہلے کی نسبت بہت بہتر ہو جاتا ہے۔ اگر کوئی کسان فصل بونے سے پہلے بیجوں کو ریکی سے چارج کر لے تو اس کی فصل زیادہ اور اچھی ہوتی ہے۔ ریکی کے ذریعے ہر قسم کی جسمانی، نفسیاتی بیماری کا موثر علاج کیا جا سکتا ہے، خاص طور پر خواتین کی

مخصوص تکالیف میں اس کا اثر بہت حیرت انگیز پایا گیا ہے۔ مختصر یہ کہ ریکی کے ذریعے آپ اپنی زندگی کی کوالٹی کو ہر لحاظ سے بہتر بنا سکتے ہیں۔

سوال: ریکی کی کتنی اقسام ہیں؟

جواب: ریکی کی کئی اقسام ہیں۔ یوسوئی ریکی (جو ریکی کے دریافت کرنے والے ڈاکٹر میکاؤ یوسوئی کے نام پر ہے)، کنڈلنی ریکی، چکرار یکی، اسمائے حسنیٰ ریکی، رضوی ریکی۔ (ریکی کی یہ قسم راقم الحروف کو حضرت امام رضا علیہ السلام کے روضہ اقدس پر عطا ہوئی۔ اس میں حضرت امام رضا علیہ السلام کے روضہ اقدس کی قوت شفا سے بیماریوں کا علاج اور مسائل کو حل کیا جاتا ہے)

ہر طریقہ علاج کی طرح ریکی کے ذریعے شفا بھی صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔ الحمد للہ ریکی اور اسمائے حسنیٰ کی برکت سے بہت سے لوگوں کے مسائل حیرت انگیز طور پر حل ہوئے ہیں۔ جن خاندانوں میں کسی بزرگ کو کینسر، ہیپاٹائٹس، شوگر یا کوئی اور خطرناک بیماری رہی ہو، اس خاندان میں نئے پیدا ہونے والے بچوں کا دوران حمل ریکی کے ذریعے علاج کر کے ان کو ان موروثی بیماریوں سے بچایا جا سکتا ہے۔ ریکی کے ذریعے علاج میں ایک اور خاص بات یہ بھی ہے کہ اس کے ذریعے دنیا بھی میں کسی جگہ پر موجود کسی بھی شخص کا علاج کیا جا سکتا ہے۔

سوال: ریکی سیکھنے کے لئے کتنا عرصہ درکار ہوتا ہے؟

جواب: ریکی کا پہلا درجہ (Level 1) سیکھنے کے لئے اڑھائی سے تین گھنٹے کا وقت صرف ہوتا ہے۔ البتہ اگر دور بیٹھے اس کی تربیت حاصل کی جائے تو اس پر کچھ زیادہ وقت صرف ہو سکتا ہے۔ ٹینشن اور پریشانی سے بھرپور آج کے جدید دور میں ہر گھر میں کم از کم ایک فرد ضرور ایسا ہونا چاہیئے جس نے ریکی درجہ اول کی تربیت حاصل کی ہوئی ہو۔ جہاں ہر گھر میں ٹی وی، فریج، اے سی، کار، موٹر بائیک، فرنیچر، کمپیوٹر اور دیگر وسائل پر بھاری رقوم خرچ کی جاتی ہیں تا کہ زندگی کی کوالٹی کو بہتر بنایا جا سکے وہاں تھوڑی سی اور کوشش کر کے اگر گھر کا ایک شخص ریکی ہیلر بن جائے تو پورے خاندان کی زندگی کی کوالٹی بہت بہتر ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ بحق محمد و آل محمد تمام مومنین اور مومنات کی زندگی میں ہر قسم کی خیر و برکت عطا فرمائے۔

ڈاکٹر سید نیاز محمد ہمدانی

فاضل قم۔ ایم اے (اسلامیات۔ عربی۔ فارسی) پی ایچ ڈی (روحانیات و روحانی معالجہ)

رابطہ: 0092-42-37415442, Mob: 0333- 4394138

URL: www.drhamadani.com.

email: syedniazm@yahoo.com

نُسخہ شوگر تجربہ شدہ ھوالشافی

مُر مکی، ہینگ، مقبر، لوبان اصلی، کلونجی ہر ایک سو سو گرام۔ ان تمام چیزوں کو باریک کوٹ کر تین سیر پانی میں ڈال دیں اور آگ پر دس منٹ خوب اُبلنے دیں۔ پھر اُتار کر چھان کر محفوظ رکھ لیں۔ ایک چھٹانک روزانہ نہار منہ 40 یوم تک پی لیں۔ 40 دن بعد ایک دن چھوڑ کر یکے بعد دیگرے تین خوراک استعمال کریں۔ انشاء اللہ اب آپ کا شوگر ختم ہے۔ جو مرضی کھائیں پئیں۔

نُسخہ ھیپاٹائٹس اے۔بی سی ھوالشافی تجربہ شدہ

کاسنی۔ گل نیلوفر۔ خرفہ۔ کاہو۔ ہر ایک چھ چھ ماشہ ایک یوم کی خوراک ہے۔ کل 21 یوم کا کورس ہے۔ یہ ادویات پنساری سے ہر ایک 11+11 تولے لے کر 21 خوراک بنالیں۔ رات مٹی کے کورے برتن میں ڈال کر ایک گلاس پانی شامل کر کے باہر شبنم میں جالی چھاننی وغیرہ سے ڈھک دیں۔ صبح ان چیزوں کو ہاتھ سے مسل کر چھان لیں۔ حسب ذائقہ دیسی شکر ملا کر مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ یقینی شفا ہوگی۔

قرض سے نجات کے لئے جمعہ کی نماز سے پہلے دُرود شریف 100 بار سورۃ اخلاص 100 بار، اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ ۔70 بار پھر دُرود شریف 100 بار پڑھ کر دُعا کریں۔

تخریب کاری و خود کش حملوں سے بچنے کیلئے

(اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ)
(حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ)

عموماً خصوصاً بس، ریل، دفاتر، مساجد میں پڑھو۔

شرف آفتاب، شرف قمر، 4 رجب المرجب، آخری جمعہ رمضان بُرج ثابت میں مُشک و زعفران سے خصوصی چلّہ میں تیار کیے گئے نقوش، امتحان و مقدمات میں کامیابی، تسخیر اُمراء و عوام، مُخالفوں، دشمنوں سے تحفظ خود کش حملوں سے تحفظ رزق میں فراخی فراوانی و خوشحالی، جادو، جنات سے تحفظ کے علاوہ وزراء، ممبران قومی و صوبائی اسمبلی کیلئے لوح عظیم گھروں، کارخانوں، دفاتر، ہوٹلوں کیلئے ہاتھ سے لکھی ہوئی لوحات "22"x30 محدود تعداد میں میسّر ہیں۔

معالج روحانی سیّد بغداد علی شاہ مشہدی رضوی

سجادہ نشین ٹھنڈی باں سیداں فتح پور تھکیالہ ضلع کوٹلی آزاد کشمیر

فون نمبر: 05826-403072

کتاب گھر، نزد پولیٹیکل تھانہ کوہاٹ۔

رضوان پیپر پروڈکٹس، اُردو بازار، لاہور۔37223223

شیخ زوّار رضا جاوا (علوم فلکیات)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَا یَعْلَمُ الْغَیْبَ اِلَّا هُوَ

2010 عیسوی | ۱۴۳۱ھ ھجری

نوروز عالم افروز

بادشاہ: زحل

وزیر: قمر

سپہ سالار: مشتری

مشیر: عطارد

تحویل آفتاب در برج حمل

مورخہ 20 مارچ 2010ء بروز ہفتہ

رات 10 بجکر 33 منٹ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم

عرض بلد 33-43N

طول بلد 73-04E



صدقات: سیاہ ماش، روغن سیاہ، لوہا، کپڑا سیاہ، جانور سیاہ، نمک سیاہ، گل کاسنی، لاجورد، نیلم، سنگ حدید

مورخہ 20 مارچ 2010ء بروز ہفتہ رات 10 بجکر 33 منٹ پاکستان کے مروجہ وقت شمس در برج حمل کے صفر درجہ پر تحویل آفتاب ہوگا۔ بادشاہ سال زحل سیاہ گھوڑے پر سوار جلوہ افروز ہوگا۔

خوراک: آلو بخارہ، توت سیاہ، منقہ، جامن، دال ماش، ساگ ہر قسم

نوٹ: تحویل آفتاب کا وقت پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق ہے۔ بیرون ملک مقیم امامیہ جنتری کے قارئین نوروز کے پاکستانی وقت 10:33 سے 5 گھنٹے نفی کرلیں تو گرین وچ میں ٹائم نکل آئے گا۔ اس وقت میں اپنے ملک کے سٹینڈرڈ ٹائم کو جمع یا نفی کرنے سے مطلوبہ نوروز کا وقت حاصل ہو جائے گا

یاد رہے: اگر حکومت پاکستان 2009ء کی طرح کسی عرصے کیلئے ایک گھنٹہ گھڑیاں آگے کرتی ہے تو دیئے گئے اوقات اس عرصے کے دوران اسی حساب سے حاصل کئے جائیں گے

شیخ زوار رضا جاوا

پاکستان زائچہ نوروز کی روشنی میں

قارئین کرام! اسلام علیکم۔ اس سال کا زائچہ نوروز گذشتہ صفحہ پر آپ ملاحظہ کر چکے ہیں۔ آیئے اب سیارگان کی روشنی میں ملکی حالات کا جائزہ لیتے ہیں۔ طالع میں برج عقرب آیا ہے اور اس کا حاکم ستارہ مریخ دسویں گھر اوج کی حالت میں موجود ہے۔ امسال ملک میں فوج کا کردار انتہائی نمایاں نظر آرہا ہے۔ ارضِ پاک کی دنیا میں عزت افزائی پاک فوج کی وجہ سے ہوگی۔ امسال ملک میں وزارت داخلہ، صوبائی وقومی اسمبلیوں کا کردار خاصہ مثبت اور سرگرم دکھائی دے رہا ہے۔ اسی طرح سماج دشمن عناصر بھی خاصے مظبوط ہو رہے ہیں۔ مذہبی جماعتوں سے متعلقہ ستارہ مشتری بھی زائچے میں خاصا مظبوط ہے۔ سال 2010ء کا زیادہ عرصہ مشتری کی پوزیشن مذہبی جماعتوں کے مظبوط ہونے اور مریخ کی بہتر پوزیشن فوج کے مظبوط ہونے کی دلیل ہے۔ امسال علاوہ 30 جولائی تا 14 ستمبر فوجی ادارے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کر سکیں گے تو دوسری جانب 6 جون تا 9 ستمبر مذہبی جماعتیں بھی کمزور دکھائی دے رہی ہیں۔ پڑوسی ممالک بالخصوص انڈیا اور افغانستان کی جانب سے پاکستان کو تقسیم کرنے کی بھرپور کوشش کی جائے گی جس سے ملک کا اندرونی ماحول خاصا کشیدہ ہو سکتا ہے۔ ارضِ پاک کو کئی ایک مخالفتوں کا سامنا ہوگا۔ حکمران ایک بار پھر بھرپور غیر ملکی قرضوں پر انحصار کر رہے ہیں۔ پولیس، سول سروسز اور فضائیہ کو مظبوط بنایا جا رہا ہے۔ صحت عامہ اور صحت نسواں پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ صاحب اقتدار پارٹی کو شدید مخالفتوں کا سامنا ہوگا۔ سونے کی قیمت میں مزید اضافہ ہوگا۔ امسال پٹرولیم مصنوعات، کیمیکلز، فرٹیلائزر اور زراعت سے متعلقہ افراد خاصہ منافع کما سکیں گے۔ اس سال ملک میں سخت اور موثر قانونی اصلاحات کی جائیں گی۔ اور ان کے نفاذ کے لئے انتہائی سخت اقدامات کیے جائیں گے۔ وہ احباب جو کہ کسی بھی طرح خوشبویات، چاندی، تانبہ، کاسمیٹکس، ہوزری، کنفیکشنری، پھول، شیشہ اور سوتی، ریشمی کپڑے کی صنعت سے وابستہ ہیں انہیں بہت محتاط روی سے اپنے بزنس کو آگے بڑھانا ہوگا۔ وگرنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ قیمتوں میں شدید اتار چڑھاؤ متوقع ہے اور چینی کا بحران اگلے سال بھی عوام کو عذاب میں مبتلا رکھے گا۔ ملک میں تعصب، نااتفاقی، مفلسی اور بے روزگاری میں مزید اضافہ ہوگا۔ عوام بوجہ مہنگائی نامساعد و ناسازگار حالات کی وجہ سے بے حوصلگی کا شکار نظر آئیں گے۔ برسر اقتدار طبقہ زوال کا شکار ہوگا۔ کابینہ کے ممبران کے مابین وسیع اختلافات پیدا ہوں گے۔ ارضِ پاک کو بہت سی بیرونی خفیہ سازشوں کا سامنا ہوگا۔ اور امسال پاکستان کے خفیہ دشمن خاصے مضبوط اور منظم نظر آرہے ہیں۔ پروردگار عالم بطفیل محمدؐ وآلِ محمدؐ ارضِ پاک کو محفوظ و مامون رکھے۔ (آمین)

نوروز کی شرعی حیثیت

حضرات آئمہ معصومینؑ کے ارشادات اور اعمال سے ثابت ہے کہ اس دن کو آلِ محمدؐ نے اپنا دن فرمایا ہے 21 مارچ ۱۰ ہجری ۱۸ ذی الحجہ کی تاریخ وہ ہے جس روز حضورؐ نے مقام غدیر بموقعہ آخر ایک لاکھ چوبیس ہزار صحابہ کرام کے مجمع میں امام المتقین حضرت علی ابنِ ابی طالبؑ کو بحکم پروردگار بمفاد آیہ" یَا اَیُّھَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَا اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ "اپنا جانشین فرمایا تھا اور اتفاق سے اسی تاریخ سے حضرت امیر المومنینؑ نے ظاہری طور پر عنان حکومت اسلامیہ سنبھال کر دینِ حق کو فروغ بخشا تھا۔ ان وجوہ کی بنا پر آج کے دن خوشی منانے کا حکم دیا گیا ہے۔ خوشبو لگانے اور ایک دوسرے پر پانی چھڑکنے کو کہا گیا ہے۔ پانی چھڑکنے سے حیات نو کے پیدا ہونے کو قرآن مجید نے غیر مبہم الفاظ میں واضح فرمایا ہے۔ اسی دن امام مہدی علیہ السلام کا ظہور ہوگا۔ باقی آئمہؑ بھی اسی دن رجعت فرمائیں گے۔

آب نیساں

نوروز سے ۲۳ دن کے بعد نیسان کا مہینہ شروع ہوتا ہے جو تیس روز کا ہے۔ اس مہینہ میں جو پانی برستا ہے۔ اُسے آب نیساں کہتے ہیں۔ امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے۔ کہ جو شخص اس پانی کو جمع کرکے اور اس پر سورۃ الحمد اور آیۃ الکرسی، چاروں قُل اور سورۃ انا انزلنا کو ستر ستر مرتبہ، اللہ اکبر کو ستر اور ستر مرتبہ لا الٰہ الا اللہ اور ستر مرتبہ دُرود شریف پڑھے اور پھر اس پانی کو پیئے۔ تو خداوند عالم اس کے دل کو نور اور روشنی اور فہم وفراست وبینائی سے بھر دے گا اور اسے تمام آفات وبلیات سے محفوظ رکھے گا۔ جو شخص سات روز تک صبح شام اس پانی کو پیئے گا تو اس کے جسم، ہڈیوں اور رگوں سے ہر قسم کے درد اور بیماریاں دور ہو جائیں گی۔ جس عورت کے لڑکا نہ ہوتا ہو وہ آب نیساں کو اس نیت سے پیئے تو خداوند عالم اس کو فرزند عطا کرے گا۔ اور یہ پانی پینے سے بانجھ عورت کی بفضل خدا گود ہری ہوگی۔ انشاء اللہ

Scanned with CamScanner



آداب و اعمال نوروز



تحویلِ آفتاب کا وقت نہایت مبارک ہوتا ہے۔ یہ استجابت دُعا کا وقت ہے۔ مومنین کو چاہیے کہ مقررہ وقت سے پہلے پاک صاف ہو کر لباس مطہرہ زیب تن کریں اور کسی پاک جگہ پر پاک فرش کا اہتمام کریں۔ خوشبویات مثلِ لوبان، اگربتی وصندل وغیرہ سلگائیں۔ دسترخوان پر مٹھائی پھل میوے وغیرہ رکھیں اور نذر حضرت امیر المومنین علیہ السلام دیں۔ بعد ازاں ایک کٹورے یا پیالے میں پانی بھر کر اس میں گلاب کا سُرخ پھول ڈال دیں اور بوقت تحویل آفتاب اس پر نظر رکھیں جو وقت تحویل کا ہوگا اس وقت خود بخود ساکن پھول میں حرکت پیدا ہوگی۔ بس یہ وقت دُعاؤں کے مستجاب ہونے کا ہے۔ اس وقت ۳۶۹ مرتبہ " یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ " اور کم از کم ۳۶ مرتبہ یہ دُعا پڑھیں۔

یَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ یَامُدَبِّرَ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ یَامُحَوِّلَ الْحَوْلِ
وَالْاَحْوَالِ حَوِّلْ حَالَنَا اِلٰی اَحْسَنِ الْحَالِ ؕ

مومنین کو چاہیے کہ نوروز کے دن بعد نماز ظہرین چار رکعت نماز اس طرح ادا کریں۔ اوّل یہ نیّت کریں کہ دو رکعت نماز نوروز پڑھتا ہوں۔ "قُرْبَۃً اِلَی اللّٰهِ ، اَللّٰهُ اَکْبَرُ" اور اوّل رکعت میں بعد سورہ حمد دس مرتبہ سورۃ " اِنَّا اَنْزَلْنَاهُ " اور دوسری رکعت میں بعد سورۃ حمد دس مرتبہ " قُلْ یٰاَیُّهَا الْکَافِرُوْنَ " اور بعد سلام ختم کرے اور پھر دو رکعت کی نیّت کر کے نماز شروع کریں۔ اوّل رکعت میں بعد سورۃ حمد دس مرتبہ " قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ " اور دوسری رکعت میں بعد سورہ حمد دس دس مرتبہ " قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ " پڑھے اور بعد سلام ختم کرے اور سجدے میں جائے اور یہ دُعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدِنِ الْاَوْصِیَاءِ الْمَرْضِیِّیْنَ وَعَلٰی
جَمِیْعِ اَنْبِیَائِکَ وَرُسُلِکَ بِاَفْضَلِ صَلَوَاتِکَ وَبَارِکْ عَلَیْهِمْ
بِاَفْضَلِ بَرَکَاتِکَ وَصَلِّ عَلٰی اَرْوَاحِهِمْ وَاَجْسَادِهِمْ اَللّٰهُمَّ بَارِکْ
عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ لَنَا فِیْ یَوْمِنَا هٰذَا الَّذِیْ فَضَّلْتَهٗ وَکَرَّمْتَهٗ
وَشَرَّفْتَهٗ وَعَظَّمْتَ خَطَرَهٗ اَللّٰهُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْمَا اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَیَّ
حَتّٰی لَا اَشْکُرَ اَحَدًا غَیْرَکَ وَ وَسِّعْ عَلَیَّ فِیْ رِزْقِیْ یَاذَا الْجَلَالِ

وَالْاِکْرَامِ اَللّٰھُمَّ مَاغَابَ عَنِّیْ فَلَایَغِیْبَنَّ عَنِّیْ عَوْنُکَ وَ حِفْظُکَ وَمَافَقَدْتُ مِنْ شَیْءٍ فَلَا تُفْقِدْنِیْ عَوْنَکَ عَلَیْہِ حَتّٰی لَا اَتَکَلَّفَ مَالَا اَحْتَاجُ اِلَیْہِ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بعدۂ دُعا کرے بعض نے لکھا ہے کہ نوروز کے دن موافق اعداد ایام سال نکال کر اس دُعا کو پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ ھٰذِہٖ سَنَۃٌ جَدِیْدَۃٌ وَاَنْتَ مَلِکٌ قَدِیْمٌ اَسْئَلُکَ خَیْرَھَا وَخَیْرَمَا فِیْھَا وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّمَافِیْھَا وَاَسْتَکْفِیْکَ مَئُوْنَتَھَا وَشُغْلَھَا یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ (زادلمعاد)

ساتؔ سلام

مشہور ہے کہ جو شخص یہ سات سلام نوروز کے دن مشک وزعفران سے کسی چینی کے برتن پر لکھ کر گلاب کے عرق سے دھوئے اور اس میں سے پیئے تو آئندہ سال تک کوئی رنج ودرد اُس کو نہ ستائے گا۔ اگر زہریلا جانور کاٹے تو اس پر اثر نہ ہوگا۔

(1) - سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ،

(2) - سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعَالَمِیْنَ ،

(3) - سَلَامٌ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ ،

(4) - سَلَامٌ عَلٰی مُوْسٰی وَھَارُوْنَ ،

(5) - سَلَامٌ عَلٰی اٰلِ یَاسِیْنَ ،

(6) - سَلَامٌ عَلَیْکُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْھَا خَالِدِیْنَ ،

(7) - سَلَامٌ ھِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ ط (از حاشیہ زادالمعاد)

مندرجہ ذیل نقش کو مشک وزعفران سے لکھ کر گلاب میں دھو کر پیئے وبا وامراضِ جسمانی سے محفوظ رہے گا۔ اس نقش کی انگوٹھی چاندی پر کندہ کر کے پہنے کبھی محتاج نہ ہوگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الا=۱۱۱۹　۱۱۱۹ الا=۱۱۱　محطی

نقش نوروز

اعداد ۵۰۴۲

تحویل آفتاب کے وقت کسی پاک جگہ باوضو ہو کر گلاب وزعفران سے اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو تمام سال جملہ امراض وبلیات غم و صدمات سے محفوظ رہیں گے دُشمن مقہور ہوگا مقاصد پورے ہوں گے۔ نہایت مجرب اور راز سربستہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



نذر مولا مشکل کشاءؑ علیہ السّلام

نوروز کے دن جس وقت آفتاب بُرج حمل میں داخل ہوتا ہے۔ مولا مشکل کشاءؑ سے رجوع کیجئے۔ کیسی ہی مشکل ہو۔ وقت تحویل مولاؑ کی نذر دے کر اُن کے وسیلہ سے دُعا کیجئے۔ اللہ تعالیٰ حاجت پوری کرے گا۔ کتنے ہی بے اولاد مرد اور بانجھ عورتوں کو اس عمل سے اللہ تعالیٰ نے اولاد عطا فرمائی۔

ریسرچ غلام اکبر زنگیجو
(کراچی) ''گائیڈ لائن''
0308-2074027

3 انتہائی اہم ترین عددی وقت۔۔۔؟

(صرف رازوں کے متلاشی قارئین کے لئے ایک خصوصی امکانی عددی تجزیہ) (آئینہ اعداد 2010ء)

وطن عزیز ''پاکستان'' کا عدد "3" ہے۔ یہ عدد اپنے سن کے زمانے میں اکثر داخلی سیاسی و آئینی بحران، پڑوسی ملکوں کے ساتھ جنگ وجدل، عوامی بے چینی اور فوجی مداخلت یا دباؤ جیسے حالات وواقعات کا باعث بنتا ہے۔ 1947ء، 1956ء، 1965ء، 1974ء، 1983ء، 1992ء، 2001ء "اور نیا سال 2010ء ملک، حکمرانوں اور عوام کے لئے ہر لحاظ سے "بھاری" رہے گا۔ اور درج بالا انتہائی حالات وواقعات لائے گا۔ ملک کو ''کالا باغ ڈیم'' کی تعمیر کے ساتھ بڑے بحرانوں کا سامنا رہے گا۔ صدر آصف علی زرداری کے نام کا عدد ''9'' اور حروف ''12'' ہیں۔ وزیر اعظم سیّد یوسف رضا گیلانی کا عدد ''3'' اور حروف ''16'' ہیں۔ 2009ء کی بہ نسبت ''2010ء میں زیادہ مشکلات کا سامنا ہوگا۔ صدر زرداری صاحب کو اپنی حکومت کی بقاء کے لئے بیک وقت کئی محاذوں پر نہائت ہی صبر اور تدبر کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا۔

پیارے عزیزانِ زمانہ! ''2010ء کے عددی اثرات شروع ہوں گے۔ 21 نومبر 09ء سے یہ وقت سیاسی رد وبدل کا ہوگا۔ جنرل اشفاق پرویز کیانی کی ذمہ داریاں بڑھ جائیں گی۔ اِس حوالے سے ''جنوری، مارچ، مئی، جولائی، ستمبر، اکتوبر اور دسمبر ہر لحاظ سے ملک، حکومت، عوام اور سیاست دانوں کے لئے ''بھاری'' رہیں گے۔

17 جون تا 19- جولائی، 17- اگست تا 19- ستمبر، اکتوبر اور 17- دسمبر 09ء تا 19- جنوری 2010ء عوام کے لئے بھاری وقت ہوگا۔ نیز 17- جولائی تا 19- اگست اور 17 اکتوبر تا 19- نومبر 09ء تک پنجاب بھر میں تخریبی کاروائیوں کے ساتھ ساتھ ایک بار پھر پنجاب حکومت کا بحران نظر آتا ہے۔ 2010ء پنجاب (لاہور، ملتان، چکوال، جہلم، سرگودھا، احمد پور شرقیہ، بہاولپور، صادق آباد) صوبہ سرحد (سوات، مٹہ، سمیت پورا مالاکنڈ ڈویژن) صوبہ سندھ (حیدر آباد، لاڑکانہ، سکھر، جیکب آباد، شکار پور) کے لئے بہتر رہے گا۔ میاں شہباز شریف کے لئے یہ سال ''بھاری'' رہے گا۔ اگست نومبر 09ء کے علاوہ فروری، اپریل، جون، اگست، نومبر 2010ء، شہباز شریف کی جدوجہد بڑھ جائے گی۔ میاں نواز شریف، چوہدری شجاعت حسین، چوہدری پرویز الٰہی، مونس الٰہی، پیر پگاڑہ، شیخ رشید احمد، مولانا فضل الرحمٰن، اور عمران خاں کو 2009ء سے زیادہ "2010" ء میں زیادہ بہتر حکمتِ عملی کی ضرورت ہوگی۔ سیاست کی میز پر تاش کے سیاسی پتے بڑی سوچ سمجھ کر کھیلنا ہوں گے پھر جو جیتا وہی سکندر، کیوں کہ! 2010ء کے بعد آنے والا 2011ء ملک اور عوام کے لئے زیادہ بہتر ہوگا اور یہی وقت ''الیکشن'' کے لئے بہتر ہوگا 2010ء تو الیکشن کے لئے 18 فروری 08ء سے بھی زیادہ بھاری اور مزید بحرانوں کو جنم دے گا اس لئے ''2011''ء سے پہلے الیکشن کا سوچیں بھی مت۔

پیارے صاحبانِ فکر ونظر! اس کے علاوہ ہمیشہ ہر مہینے میں 48,48 گھنٹے کے ''3'' انتہائی نازک وقت آتے ہیں جو یہ ہیں نمبر ا۔ 8 تاریخ دوپہر 12 بجے سے 10 تاریخ دوپہر 12 بجے تک، نمبر ۲۔ 17 تاریخ دوپہر 12 بجے سے 19 تاریخ دوپہر 12 بجے تک۔ نمبر ۳۔ 26 تاریخ دوپہر 12 بجے سے 28 تاریخ دوپہر 12 بجے تک،، اِس انتہائی نازک ترین وقت میں آفاتِ ارضی وسماوی، بڑے بڑے جان لیوا سیاسی حادثات، حکومت کے خلاف عوامی وفوجی بغاوتیں، عورتوں کا زیادہ بے حجاب ہوکر ہیجان انگیز لباس وفیشن اپنانا، منافقت اور دیگر معاشرتی برائیاں جنم لیتی ہیں۔ اِن سے محفوظ رہنے کا واحد راستہ سچے دل سے استغفار، عبادتِ الٰہی، دنیاوی تدابیر اور صدقات وخیرات ہی ہے۔،،

نوٹ: خبردار! کبھی بھی عدد ''3'' کی لڑکی کا رشتہ عدد ''3'' کے لڑکے کے ساتھ نہ کریں اس حقیر فقیر کی گودڑی میں قارئین کے لئے عجیب اور بے خطا ٹوٹکے موجود ہیں۔ اگر آپ نے بھروسہ کرکے رابطہ کیا تو حقیقت ضرور سامنے آئے گی مگر! محنت کا جائز معاوضہ نہیں لینا چاہیے؟ (بے اولاد شادی شدہ خواتین کے لئے تعویذ فی سبیل اللہ) (واللہ اعلم بالصواب) ''باقی رہے نام اللہ کا'' اللہ نگہبان۔ غلام اکبر زنگیجو۔ تحریر: 11 جولائی 2009ء 0308-2074027

محتاجِ دُعا: سیّد ضیاء نقوی

سات سلام کے ذوالکتابت نقوش

(مخصوص برائے امامیہ جنتری)

مشہور ہے کہ نوروز کے دن اِن سات سلاموں کو رنج والم کے دفعیہ کے لئے لکھا جاتا ہے۔ لیکن نوروز کے علاوہ بھی اِن سات سلاموں کے ذوالکتابت مربعہ جات کسی نیک ساعت، مناسب وقت میں لکھ کر پاس رکھیں تو فتح ونصرت کے ابواب اس پر کشادہ ہوں گے، تمام مضرتوں، تکلیفوں اور حادثوں سے محفوظ رہے گا۔ اگر جنگ میں شامل ہوا اور یہ مبارک لوحیں پاس ہوں تو مہلک ہتھیاروں اور ضربات سے محفوظ رہے۔ نیز اگر کوئی شخص کسی مخصوص کام، کسی مقصد کے لئے یا کوئی حاجت رکھتا ہو تو ایک مربعہ میں بطریق ذوالکتابت اپنا نام ومقصد لکھے اور اُن کے اعداد حسب قاعدہ نکال کر خانہ نمبر 5 سے خانہ نمبر 8 میں پُر کرے۔ یاد رہے خانہ نمبر 8 جو فوق کا خانہ ہے اس میں صرف نام اور مقصد لکھا جائے گا اعداد نہیں۔ ضروری احتیاط یہ ہے کہ نقش کا وفق نہ گرنے پائے ورنہ نقش ناقص اور بیکار ہو جائے گا۔ اور اس کا اثر باطل ہو جائے گا۔

ذوالکتابت مؤثر ترین نقش ہوتا ہے اور اس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ جس آیت یا اسم کی میزان کا نقش تیار کیا جائے وہ نقش کے فوق (اوپر والے) خانوں میں بصورت اصل لکھا جائے۔ نقش کی چال سے اُس آیت کے اس ٹکڑے کے عدد اسی خانہ کے مطابق ہوں جس میں وہ درج ہے۔ اگر نقش کی چال سے ہٹ کر فوق کے خانوں میں آیت پوری لکھ دیں گے اور بعدہ باقی نقش مکمل کر دیں گے تو نقش ناقص ہوگا قطعی فائدہ نہ دیگا۔ چال کے مطابق نمبر شمار دیے گئے ہیں

①

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل — فوق

1 سلام	14 قولا	11 من رب	8 الرحیم
12 ۲۹۳	7 ۲۸۸	2 ۱۳۲	13 ۱۳۶
6 ۲۸۷	9 ۲۹۰	16 ۱۳۹	3 ۱۳۳
15 ۱۳۸	4 ۱۳۴	5 ۲۸۶	10 ۲۹۱

وفق ۸۴۹

②

سلام	علی	نوح	فی العالمین
۶۵	۳۲۱	۱۳۲	۱۰۹
۳۲۰	۶۲	۱۱۲	۱۳۳
۱۱۱	۱۳۴	۳۱۹	۶۳

وفق ۶۲۷

③

۱۳۱	۱۱۰	۲۵۹	۱۴۱۰
سلام	علی	ابراہیم	[illegible]
۲۶۰	۱۴۰۹	۱۳۲	۱۰۹
۱۴۰۸	۲۵۷	۱۱۲	۱۳۳
۱۱۱	۱۳۴	۱۴۰۷	۲۸۵

وفق ۱۹۱۰

④

سلام	طٰہٰ	موسیٰ	وہارون
۱۱۷	۲۶۷	۱۳۲	۱۰۹
۲۶۶	۱۱۳	۱۱۲	۱۳۳
۱۱۱	۱۳۴	۲۶۵	۱۱۵

وفق ۶۲۵

⑤

سلام	طٰہٰ	ال	یاسین
۳۲	۱۳۰	۱۳۲	۱۰۹
۱۲۹	۲۹	۱۱۲	۱۳۳
۱۱۱	۱۳۴	۱۲۸	۳۰

وفق ۴۰۳

⑥

سلام	علیکم طبتم	فادخلوھا	خالدین
امامیہ جنتری لاہور کی کثیر اشاعت کے باعث دُنیا کے تمام ممالک اور اندرونِ ملک سے 2009ء تک لاکھوں کرم فرما مومنین مجھ سے رابطہ کر کے کام اور دعائیں لے چکے ہیں۔ ان دعاؤں میں زیادہ حصہ میرے شفیق محترم جناب آغا افتخار حسین صاحب چیف ایڈیٹر امامیہ جنتری کا ہے کیونکہ وہ ہی مومنین اور عاملین کے درمیان مخلص رابطہ شخصیت ہیں۔ ہزاروں کرم فرماؤں نے مجھے خط، فون یا بالمشافہ فرمائش کی کہ میں اس سال ایسا آسان ترین عمل تحریر کروں جسکا اثر یقینی ہو۔ مشکلات، مصائب اور پریشانیاں ٹالنے کے صرف دو ہی آسان طریقے ہیں۔ 1۔ دُعا، 2۔ صدقہ، تفسیر صافی 445 بحوالہ کافی حضرت امام محمدؑ باقر علیہ السلام کا فرمان ہے کہ بارگاہ خداوندی میں دُعا کرنا افضل ترین عبادات میں سے ہے اور دُعا کو ترک کرنا تکبر ہے۔ بارگاہ خداوندی میں دُعا کا سب سے بہترین وسیلہ صَاحِبِ التَّاجِ وَالۡمِعۡرَاجِ، دَافِعِ الۡبَلَآءِ وَالۡوَبَآءِ، سَیِّدِالۡعَرَبِ وَالۡعَجَمِ، شَمۡسِ الضُّحٰی، بَدۡرِالدُّجیٰ، صَدۡرِ الۡعُلیٰ، نُوۡرِالۡھُدٰی، کَھۡفِ الۡوَرٰی، صَاحِبِ الۡجُوۡدِ وَالۡکَرَمِ، سَیِّدِ الۡمُرۡسَلِیۡنَ، رَحۡمَۃً لِّلۡعَالَمِیۡنَ، خَاتَمِ النَّبِیّیۡنَ، اَنِیۡسِ الۡغَرِیۡبِیۡنَ، رَاحَۃِ الۡعَاشِقِیۡنَ، مُرَادِالۡمُشۡتَاقِیۡنَ، شَمۡسِ الۡعَارِفِیۡنَ، سِرَاجِ السَّالِکِیۡنَ، سَیِّدِالثَّقَلَیۡنِ، نَبِیِّ الۡحَرَمَیۡنِ، اِمَامِ الۡقِبۡلَتَیۡنِ، وَسِیۡلَتِنَا فِی الدَّارَیۡنِ، صَاحِبِ قَابَ قَوۡسَیۡنِ، مَحۡبُوۡبِ رَبِّ الۡمَشۡرِقَیۡنِ وَرَبِّ الۡمَغۡرِبَیۡنِ، جَدِّ الۡحَسَنِؑ وَالۡحُسَیۡنِؑ، اَبِی الۡقَاسِمِ مُحَمَّدٍؐ رَحۡمَۃً لِّلۡعَالَمِیۡنَ ﷺ ہیں۔ اسی لئے قرآن مقدس کے پارہ نمبر 17 اقترب للناس کی سورۃ نمبر 21، الانبیاء کی آیت نمبر 107 میں رب رحمٰن و رحیم نے فرمایا۔ وَمَاۤ اَرۡسَلۡنٰکَ اِلَّا رَحۡمَۃً لِّلۡعٰلَمِیۡنَ ط

ترجمہ: اور اے رسولؐ ہم نے آپ کو سارے جہان کے حق میں سرتاپا رحمت بنا کر بھیجا۔

میں جو عمل پیش کر رہا ہوں اس میں مؤکل آپ کی غیبی مدد کریگا کیونکہ وسیلۂ دُعا ایسا ہے جس کی مثل نہیں ہے عمل کی تاثیر مجرب ہے جیسا کہ مشرق سے سورج کا طلوع۔ آیت قرآنی کے اعداد (ابجد قمری سے)

وم اار س ل ن ک ال ار ح م ۃ ل ل ع ل م ی ن

30+30+400+40+8+200+1+30+1+20+50+30+60+200+1+1+40+6+

1307=41-1348= 50+10+40+30+70+

مؤکل = زِشِ غ ائیل۔ سائل کے نام کے اعداد مثلاً نرگس بنت سیما

ن + ر + گ + س + ب + ن + ت + س + ی + م + ا

893=1+40+10+60+400+50+2+60+20+200+50

یہ تعداد زیادہ ہے لہٰذا اس کو مختصر کریں اور مختصر عدد حاصل کریں

8+9+3 = 20 حاصل ہوا۔ اب سائل یا سائلہ 40 شب تک عشاء کے بعد باوضو دعائے عمل مفتاح العجائب با مؤکل کا ورد اپنے نام مع والدہ کے مختصر اعداد کے مطابق پڑھے تو مقصد چاہے پہاڑ جتنا ہو حاصل ہوگا اور عجائبات کا نظارہ ہوگا۔ کوئی خوف خطرہ ردعمل نہ ہوگا۔

اَللّٰھُمَّ افۡتَحۡ لِیۡ اَبۡوَابَ رَحۡمَتِکَ بِحَقِّ وَمَاۤ اَرۡسَلۡنٰکَ اِلَّا رَحۡمَۃً لِّلۡعٰلَمِیۡنَ ط اَجِبۡ یَازِشۡغَائِیۡلُ اَلۡعَجَلَ اَلسَّاعَۃَ اَلۡوَحَا ط

خواتین ناغہ کے ایام آگے بڑھا لیں جگہ مقرر کرنے کی پابندی نہیں۔ اوّل و آخر درود پاک 11-11 بار لازمی اگربتی روزانہ سلگائیں۔ دوران ورد باسی اشیاء، پیاز، کچا ٹماٹر، اچار، چٹنی نہ کھائیں وقت ورد منہ میں الائچی خورد اور سنگری مصری رکھیں۔ مضمون کی کوئی جز و سمجھ نہ آئے تو خط سے رابطہ کریں۔ ابجد قمری کا چارٹ امامیہ جنتری میں ملاحظہ کریں۔

بزرگ روحانی گائیڈ آغا حسنین احمد عامل (ستارۂ سماج، گولڈ میڈلسٹ PSA) آغا ہاؤس مکان نمبر D-25 سٹریٹ نمبر 1 بلاک X سٹیلائٹ ٹاؤن، احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور۔

زائچہ بنوائیں: نام، والدہ کا نام، تاریخ پیدائش یا اندازاً عمر، مقصد اور مکمل پتہ لکھیں دفتری خرچہ کے لئے 50 روپے کے ڈاک ٹکٹ بھجوائیں۔

فون: 0300-6802983, 0331-7560412

062-2275713, 068-5036832

عدد 9 کی اصولی انگشتری

آغا جعفر حسین
ابن
آغا حسنین احمد عامل

لفظ قرآن کا مفرد عدد 9 ہے اور اس کی پہلی آیت بسم اللہ الرحمن الرحیم ہے۔ جس سے قرآن کا آغاز ہوتا ہے اور جو تقریباً ہر سورۃ کے آغاز پر موجود ہے۔ اس آیت کے اعداد 786 ہیں اور یہ قرآن پاک میں 114 مرتبہ آئی ہے اب 786+114 کا مفرد عدد 9 ہی بنتا ہے۔ لہٰذا ہر کام کے آغاز اور ہر جائز قسم کے کاروبار میں وسعتِ حصول علم علماء اور طلباء کے لئے بہترین تحفہ ہے۔ انسان کا عدد 9 ہے۔ حدیثِ کساء کا عدد 9 ہے سورۃ جن کا عدد 9 ہے۔ سورۃ قلم کے اعداد کا مفرد عدد 9 ہے۔ لہٰذا غور وفکر کرنے والوں، مقررین وذاکرین وواعظین کے لئے بہترین ہے۔ انسانی اقدار کی حفاظت اور انسانیت کی سربلندی کے لئے بہترین ہے۔ عدد 9 کی انگوٹھی اپنے پہننے والوں میں علمی صفات یعنی کچھ نہ کچھ کرنے کا جذبہ پیدا کرتی ہے۔ حصولِ رزق حصول مراتب دانشوروں، ادیبوں، شاعروں غرضیکہ تحقیق کاروں کے لئے بہترین ہے۔ جگر گوشہ رسولؐ زوجہ مولائے کائنات سیدۃ النساء العٰلمین حضرت فاطمۃ الزہرا صلواۃ اللہ علیہا کا مفرد عدد 9 ہے۔ اور یہی اس کامل ترین عدد کی معراج ہے کہ ایک طرف تو عدد 9 قرآن وآیات قرآنی کا مجموعہ جو کہ رہتی دنیا تک کیلئے لائحہ عمل اور ایک زندہ معجزہ ہے اور دوسری طرف جناب سیدۃ النساء العالمینؑ سے منسوب ہے۔ پس معلوم ہوا کہ عدد 9 کی انگوٹھی پہننے والوں کو فتح وکامرانی سربلندی وسرفرازی، سلامتی حفاظت، بلندی، مراتب، دکھوں اور پریشانیوں سے نجات دشمنوں اور حاسدوں پر غلبہ مقدمات ومحبت میں کامیابی سے ہمکنار کرتی ہے۔ یوں تو عدد 9 کی انگوٹھی بازار میں عام فروخت ہورہی ہے اور یہ مندرجہ ذیل طریقہ سے بنی ہوئی ہے۔

9	9	9
9	9	9
9	9	9

اس چال کے نقش کی انگوٹھی کے میزان کا مفرد 9 بنتا ہے لیکن یہ واضح نہ ہے کہ یہ اعداد 27 مفرد 9 کس آیت یا اسم کے اعداد ہیں۔ اگر اس کا میزان بجائے 27 کے 72 ہوتا تو صاف ظاہر تھا کہ یہ انگوٹھی 72 شہدائے کربلا سے منسوب ہے یا پھر اسم اعظم باسط کے 72 اعداد کا مفرد عدد 9 ہے۔ اس مفرد عدد 9 کی انگوٹھی کے نقش کی چال کا کچھ پتہ نہیں۔ نہ ہی اس کے کوئی اضلاع ہیں۔ لہٰذا بالا نقش 9 کی انگشتری بے اصولی ہے۔ جناب سیدہ فاطمۃ الزہراؑ کے اعداد 135 جس کا میزان بھی 135 اور 135 کا مفرد عدد 9 بنتا ہے، کی انگوٹھی تیار کریں جو کہ بہت ہی زیادہ مجرب ومؤثر ہے جو اس طرح سے بنی چاہیئے۔۔

۷۸۶

یاسیدتی مولاتی اغثنی

۴۸	۴۱	۴۶
۴۳	۴۵	۴۷
۴۴	۴۹	۴۲

یافاطمۃ الزہراؑ

مقصد یہ ہے کہ خالی صرف مثلث کے خانوں میں عدد 9،9،9 لکھ دینے سے عدد 9 کی انگوٹھی تیار کر دینا بے مقصد ہے اور مؤثر نہ ہے۔ درست عدد 9 کی انگوٹھی یہی ہے جس کا میزان 135 ہے۔ جو کہ جناب فاطمۃ الزہراؑ کے اعداد ہیں اور اعداد 135 کا مفرد عدد 5+3+1= 9 ہی بنتا ہے۔ اور یہی اس کی معراج ہے۔ نقش کی چال آتشی ہے۔ جن لڑکیوں کے رشتہ نکاح شادی میں رکاوٹ ہوا نکے لئے از حد مفید ومؤثر ہے۔ انگوٹھی تیار نہ کر سکیں تو چاندی کی لوح پر لکھ لیں یا لکھوا لیں اور پرس میں رکھیں۔ اگر انگوٹھی یا لوح کی استطاعت نہ ہو تو سفید کاغذ پر محلول عرق گلاب + زعفران سے نئے قلم سے یہی نقش لکھ کر تعویز بنا کر گلے میں پہنیں۔ مضمون کا کوئی جزو سمجھ نہ آئے تو بذریعہ خط رابطہ کریں۔ آغا جعفر حسین ابن آغا حسنین احمد عامل

مکان D/25 سٹریٹ نمبر 1 بلاک X (ایکس) سٹیلائیٹ ٹاؤن احمد پور شرقیہ۔ ضلع بہاولپور۔ فون: 062-2275714, 0300-7807248

انتباہ: امامیہ جنتری (رجسٹرڈ) پاکستان کاپی رائٹ ایکٹ 1962ء گورنمنٹ آف پاکستان کے تحت رجسٹرڈ ہے۔ رجسٹریشن نمبر 9573 ہے۔ جعلی ایڈیشن یا مضامین شائع کرنے کی صورت میں ادارہ سخت قانونی چارہ جوئی کرنے کا مجاز ہوگا۔ جنتری میں تمام مضامین نیک نیتی کی بنیاد پر شائع ہوتے ہیں۔ مضمون نویس سے لین دین کا ادارہ سے کوئی تعلق نہ ہے نہ ادارہ ذمہ دار ہے۔ (ادارہ) افتخار بک ڈپو رجسٹرڈ۔ اسلام پورہ لاہور۔

امامیہ جنتری ہر سال الحمدللہ باقاعدگی سے نومبر میں شائع ہوتی ہے اپنے قریبی دکاندار سے خرید فرمائیں۔

اُم القرآن
سُورۃ فاتحہ

قارئین کرام امامیہ جنتری السلام علیکم! آپ کے ساتھ ٹیلی فونک اور خطوط کے ذریعے رابطہ رہتا ہے اور آپ اپنے مسائل میرے ساتھ بیان کرتے رہتے ہیں لہٰذا آپ کے مسائل پر غور کرتے ہوئے آپ کے پیار اور خلوص کے پیشِ نظر امسال 2010ء امامیہ جنتری کیلئے ایک آسان اور مجرب عمل آپ کی خدمت میں پیش کرنے کی جسارت کر رہا ہوں۔ گذشتہ سال کا مضمون پسند کرنے پر آپکا بہت مشکور ہوں۔

حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم "سورۃ فاتحہ ہر درد اور بیماری کی شفا ہے"

یقین شرط ہے انسان کا یقین جتنا پختہ ہوگا وہ اتنا ہی زیادہ فائدہ حاصل کرے گا۔ حدیث مبارک کے بعد تو کسی بات پر شک ہی نہیں رہتا۔ سب سے پہلے اس سورہ مبارکہ کی زکوٰۃ، اگر زکوٰۃ ادا نہ کریں تو بھی اس کا عمل تیر بہدف ہوگا۔ اور اگر زکوٰۃ اس کی ادا ہو جائے تو اس عمل کی طاقت میں اضافہ ہو جائیگا۔

طریقہ: نوچندی اتوار سورۃ مبارکہ ۳۴۷ مرتبہ اوّل آخر سات مرتبہ درود شریف پڑھیں یہ عمل اٹھائیس ۲۸ دن جاری رکھیں مگر اٹھائیسویں دن ۳۶۲ مرتبہ اوّل آخر سات مرتبہ درود شریف ورد کریں زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ بعد ادائیگی زکوٰۃ روزانہ ۲۰ مرتبہ سورۃ فاتحہ اوّل آخر سات مرتبہ درود شریف ورد کریں۔ اس کے عامل کے رزق میں اضافہ ہوگا۔

☆ اگر کوئی بیمار ہو تو اس کے سر پر ہاتھ رکھے اور اٹھائیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کرے۔ چینی کی پلیٹ پر نیلے پین سے سورہ فاتحہ لکھ کر پانی سے دھو کر پلائے۔ شفا ملے گی۔

☆ اگر کوئی آسیب زدہ ہو تو ۱۱ دن تک ۵۱ مرتبہ سورۃ فاتحہ اوّل و آخر سات دفعہ دُرود شریف پڑھ کر اس کے سینے پر دم کریں اور روزانہ پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں، انشاء اللہ مرض ختم ہو جائے گا۔

☆ بے روزگار شخص بعد نماز فجر اور بعد نماز عشاء ۴۱، ۴۱ بار سورہ فاتحہ پڑھ کر دعا کرے خداوند کریم کے سامنے عاجزی پیش کرے صرف ۴۱ دنوں کا عمل ہے انشاء اللہ روزگار مل جائے گا۔

☆ بیٹے، بیٹی کی شادی کی رکاوٹ دور کرنے کے لئے ہر مہینے کے پہلے ہفتے جس میں قمر در عقرب نہ ہو ۱۱ روز ۴۱ مرتبہ سورۃ فاتحہ اوّل و آخر سات مرتبہ درود شریف پڑھیں یہ عمل ۱۱۔ روز کا ہے جلد خوشخبری ملے گی۔

☆ ادائیگی قرض کیلئے بعد نماز عصر ۴۱ بار سورۃ فاتحہ اوّل و آخر درود شریف کم از کم ۴۰ دن تک انشاء اللہ قرض ادا ہو جائیگا۔

☆ اگر کسی کا کاروبار یا ملازمت بند ہو جائے اس میں برکت نہ رہے تو روزانہ نماز فجر کے بعد ۱۳ مرتبہ سورۃ فاتحہ اوّل و آخر سات دفعہ درود شریف پڑھیں۔ چند دنوں میں فرق پڑ جائے گا۔

☆ کینسر، ایڈز، کالا یرقان، چنبل، بخار وغیرہ کیلئے ۴۱ بار سورۃ فاتحہ اوّل و آخر سات دفعہ درود شریف پڑھ کر پانی پر اور مریض پر دم کریں صرف ۴۱ یوم کرنا ہے سورۃ شفاء کا کرشمہ دیکھیں۔

نوٹ: اس عمل سے فیضیاب ہونے کے بعد ادارہ بانیان و انتظامیہ امامیہ جنتری اور مجھ ناچیز کیلئے دُعا کر دیں۔ نقش سورۃ فاتحہ کیلئے ہمراہ جوابی لفافہ فی سبیل اللہ منگوا سکتے ہیں۔ حکیم سید مجتبیٰ حسین

مکان نمبر 1443 گلی نمبر 6 کامل پور سیدان اٹک کینٹ

فون: 0321-5708995

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ہیضے کا بہترین سودمند علاج

علامات: اپھارہ، کھٹے ڈکار، سستی، پیچش، قے اور تیزابیت

علاج: 50 گرام گلقند، 50 گرام پودینہ ہرا، 5 گرام سونف، ۱۔ عدد بڑی الائچی، حسب منشاء شکری، ۱۔ کلو پانی میں ڈال کر ہلکی آنچ پر پانی اُبال لیں۔ جب ایک کپ پانی رہ جائے تو اُتار لیں۔ چھان کر ٹھنڈا ہونے پر سکون سے نوش کریں۔ یہ عمل کم از کم دن میں دو مرتبہ ضرور کریں۔ دوران علاج ثقیل غذا سے پرہیز کریں۔ محمد فہیم قادری

0301-7906477, 0333-8916586

کسی بھی مسئلہ کے لئے تعویذات و دعائیں فی سبیل اللہ منگوائیں۔

بواسیر کا تعویذ سے خاتمہ

انشاء اللہ تعویذ باندھتے ہی مرض ختم ہو جاتا ہے۔ مریض اپنا اور والدہ کا نام جوابی لفافہ میں بھیج کر تعویذ فی سبیل اللہ منگوا سکتے ہیں۔

غلام باقر عابد پیرا۔ بستی بہلول پیرا، اڈہ پل میران شاہ نزد قائم بھروانہ تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ۔ 0301-7696585

اسماء الحسنیٰ کے اہم مجرّب نقوش

برائے استقرارِ حمل
مُبْدِئُ (۵۶)

ی	د	ب	م
۱	۴۱	۹	۵
۴۲	۴	۲	۸
۳	۷	۴۳	۳

برائے حاضر شدنِ غائب
مُعِیْدُ (۱۲۴)

۴۱	۱۲	۲	۶۹
۱	ع	م	۱۳
۷۱	د	ی	۳۹
۱۱	۳۸	۷۲	۳

برائے دفعِ جادو و سحر
مُمِیْتُ (۴۹۰)

	ت	ی	م
۵۱	۳۹	۱	۳۹۹
۳۸	۴۸	۴۰۲	۲
۴۰۱	۳	۳۷	۴۹

برائے ترقیِ مدارج
مُتَعَالِیْ (۵۵۱)

ی۱۰	ل۳۰	عا۷۱	مت۴۴۰
۷۰	۴۴۱	۹	۳۱
۴۴۲	۷۳	۲۸	۸
۲۹	۷	۴۴۳	۷۲

برائے دستیابیِ اسباب گم شدہ
حَقُّ (۱۰۸)

		ق	ح
۲۰	۵۷	۱	۳۰
۳۷	۴۸	۲	۲۱
۵۱	۳	۵	۴۹

برائے دوستی
وَدُوْدُ (۲۰)

د	و	د	و
و	د	و	د
و	و	و	د
د	و	د	و

برائے دفعِ جذام وبادِ فرنگ و برص آبلہ
مَجِیْدُ (۵۷)

د	ی	ج	م
۲	۴۱	۳	۱۱
۴۲	۵	۸	۲
۹	۱	۴۳	۴

برائے دفعِ خوابِ بد
بَاعِثُ (۵۷۳)

ث۵۰۰	ع۷۰	ا۱	ب۲
۱۸	۲۱۶	۲۵۳	۸۶
۲۰	۲۸۳	۲۱	۲۴۹
۳۵	۴	۲۹۸	۲۳۶

برائے صلحِ جنگِ باہمی
شَهِیْدُ (۳۱۹)

د۴	ی۱۰	ھ۵	ش۳۰۰
۱۶۹	۱۴۷	۲	۱
۱۳۸	۹	۱۶۱	۱۱
۸	۱۵۳	۱۵۱	۷

برائے دفعِ ہیضہ وغیرہ
حَمِیْدُ (۶۲)

۹	۱۲	۲	۳۹
۱	م	ح	۱۳
۳۱	د	ی	۷
۱۱	۶	۴۲	۳

برائے دفعِ خوفِ برق و آتش
وَکِیْلُ (۶۶)

ک	۲۹	۱۱	و۶
۱۲	۵	۲۱	۲۸
۴	۹	۳۱	۲۲
ل	۲۳	۳	ی

برائے قوت و طاقت و دفعِ دشمن
قَوِیُّ (۱۱۶)

ی	و	ق	
۳۰	۴۶	۸	۳۲
۲۵	۵۷	۵	۲۹
۵۱	۷	۳	۵۵

برائے افزونیِ شیرِ زن و صلاحیت بچہ
مَتِیْنُ (۵۰۰)

۴۰۱	۵۱	۸	م
۷	۳۱	ت	۵۲
۴۲	ی	۴۹	۳۹۹
ن	۳۹۸	۴۳	۹

برائے مہربانیِ تسخیرِ خلائق
صَمَدُ (۱۳۴)

	د۴	م۴۰	ص۹۰
۴۳	۷۴	۱۱	۶
۷۰	۱۲	۳۷	۱۵
۲۱	۴۴	۴۶	۲۳

برائے استحکامِ روزگار
قَیُّوْمُ (۱۵۶)

۹۹	۸	۳۸	۱۱
۳۹	ی۱۰	ق۱۰۰	۷
۱۳	م۴۰	و۶	۹۷
۵	۹۸	۱۲	۴۱

برائے دفعِ طوفان
مُحْصِیْ (۱۴۸)

ی	ص	ح	م
۷	۴۱	۹	۹۱
۴۲	۱۱	۸۸	۸
۸۹	۷	۴۳	۹

برائے دفعِ غم والم
تَوَّابُ (۴۰۹)

۲۰۰	۱۰۰	۱۰۶	۳
ب	ا	و	ت
۷	۱۹۹	۲۰۲	۱
۲۰۰	۱۰۹	۹۵	۵

برائے جملہ امراض
مَاجِدُ (۴۸)

جد	ما		
۹	۱	۲۴	۱۴
۱۰	۲	۲۱	۱۵
۲۲	۳	۳	۱۹

برائے دفعِ زہرِ مار
اَحَدُ (۱۳)

د۴	ح۸	ا۱	
	۱	۳	۹
۲	۳	۶	۲
۷	۱	۳	۲

برائے آسانیِ نزع
اَلْحَیُّ (۴۹)

ی	ح	ل	ا
۱۵	۹	۲	۲۳
۴	۲۶	۱۲	۷
۲۰	۶	۵	۱۸

مشک و زعفران سے سعد اوقات میں لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھیں۔

ہر بیماری کا علاج فون پر دم کروائیں۔ علم الجفر سے اپنے سوال کا جواب معلوم کریں

عبدالمعصومینؑ عامل حکیم شاعر اہلبیتؑ درویش خضر عباس پیاسی
فاضل یونیورسٹی نزد پولیس چوکی تحصیل و ضلع راجن پور (جنوبی پنجاب)

0333-6474494
0302-7909693
0346-7328884

سمندر پیاسا (مذہبی افکار خضر) از درویش خضر عباس پیاسی۔ قیمت:-/100

ترک عادات بد

بُری عادات کا چھُڑوانا

تحریر
کنیز اہلبیتؑ رسولؐ
سیدہ ارم زہرا نقوی
دختر سید ضیاء نقوی
فون: 0302-5465514 ، 0321-5702541

معزز قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم!

گذشتہ سالوں کے مشاہدات و تجربات کو مدنظر رکھتے ہوئے دکھیاری ماؤں اور پریشان حال بہنوں کے لئے ایک مجرب ترین آزمودہ قرآنی آیت کا عمل مشہور زمانہ امامیہ جنتری 2010ء کے ذریعہ پیش کررہی ہوں یہ لاجواب عمل استاد العاملین عامل بے بدل کاش البرنی مرحوم کا ہے اور میرے والد بزرگوار عامل سید ضیاء نقوی کے مجربات میں سے ہے۔

آیت کریمہ **اھدنا الصراط المستقیم** اور اسم الٰہی **یاھادی** کا اکسیر اعظم عمل ایسے لوگوں کو راہ راست پر لانے کے لئے ہے جو ناجائز افعال اُبرے کاموں مثلاً نشہ، جواء، شراب خوری اور غلط راہ پر گامزن شوہروں کو راہ راست پر لانے۔ ازدواجی تلخ زندگیوں کو خوشگوار۔ راہ گم کردہ نوجوانوں کی اصلاح اور زیر تعلیم بچوں کا تعلیم سے فرار اور غلط ماحول/سوسائٹی سے متاثر ہوکر چوری، نشہ، فاشی میں مبتلا ہوجاتے ہیں تو اس عمل کی برکت سے راہ راست پر آجائیں گے۔ یہ عمل یقین کے ساتھ کریں تو قدرت کاملہ نے اس میں اس قدر تاثیر رکھی ہے کہ پہاڑ بھی ریزہ ریزہ ہوجائیں۔

قرآن کریم کا دعویٰ ہے **لا رطب ولا یابس الافی کتاب مبین** لہٰذا ہر دکھ، پریشانی و بیماری کا علاج اور زندگی کے جمیع مسائل کا حل قرآن حکیم میں موجود ہے شرط صرف ایمان و یقین کی ہے۔

ترکیب عمل: جس کسی سے بد عادات چھڑوانی ہوں اس کا نام مع والدہ کے اعداد بلحاظ ابجد قمری اور جو عادات چھڑوانی ہو اس کے اعداد اور عمل مذکورہ **(اھدنا الصراط المستقیم یاھادی)** کے اعداد گیارہ سو چار 1104 شامل کرکے نقش مربع دی گئی چال کے مطابق بنائیں۔

طریقہ نقش مع وقت:

جس کسی کے لئے عمل کرنا مقصود ہو تو اس کا ستارہ اس کی اصل تاریخ پیدائش سے (امامیہ جنتری سے) معلوم کریں۔ جب اس ستارہ کی قمر سے نظر تثلیث ہو تو اس وقت گیارہ عدد نقش مربع زعفران و عرق گلاب سے لکھیں۔

نقش مربع لکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ کل مجموعہ اعداد سے 30 عدد نفی کریں باقی کو چار پر تقسیم کریں۔ اگر ایک باقی بچے تو خانہ نمبر تیرہ، دو باقی بچیں تو خانہ نمبر نو اور اگر تین باقی بچیں تو خانہ نمبر پانچ میں کسر دیں۔ یعنی ایک عدد کا اضافہ کریں۔ نقش صحیح پُر ہوجائے گا۔ مثلاً مطلوب گوگا بن نجمہ کے اعداد قمری 145 عادت بد (شراب) کے اعداد 503 عمل مذکورہ کے اعداد 1104 کل مجموعہ 1752 قاعدہ کے مطابق 30 عدد نفی کیے باقی 1722 تقسیم 4 حصہ 430 باقی بچے خانہ نمبر 9 میں کسر آئے گی۔ نقش کے نیچے یہ عبارت لکھیں۔ (اھدنا الصراط المستقیم یاھادی) فلاں بن/بنت فلاں کی بُری عادت (عادت کا نام لکھیں) چھوٹ جائے انشاء اللہ بُری عادت چھوٹ جائے گی اور وہ توبہ کرلے گا۔

شرائط و ہدایات

۱۔ ہر حاجت مند کو اس عمل کی اجازت ہے بشرطیکہ وہ نماز کا پابند ہو اور کم از کم حروف تہجی کی زکوٰۃ صغیر ادا کی ہوئی ہو یا کسی ایسے شخص سے عمل بنوالے۔

۲۔ گیارہ عدد نقوش میں سے ایک نقش مطلوب کے گلے میں (اگر ممکن ہو تو) پہنادیں باقی روزانہ ایک نقش شربت یا دودھ میں گھول کر پلادیں۔

۳۔ دوران عمل قمر در عقرب نہ ہو اور رجال الغیب بھی سامنے نہ ہوں۔

نقش مثالی مع چال

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

5 / 434	10 / 440	15 / 445	4 / 433
11 / 441	8 / 437	1 / 430	14 / 444
2 / 431	13 / 443	12 / 442	7 / 436
16 / 434	3 / 440	6 / 445	9 / 433

(اھدنا الصراط المستقیم یاھادی)
فلاں بن/بنت فلاں کی بُری عادت (نام) چھوٹ جائے

بدچلن بیٹے کے لئے: نماز فجر کے بعد "یاتوابُ" 360 مرتبہ پڑھا کرے اور دُعا مانگے، خواہش پوری ہوگی۔

نحس اصغر ستارہ مریخ عدد 9 اور آپ

سید ابن مظفر شیرازی

اے رب متعال میں آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے ایک بار پھر زندگی کی مہلت دی۔ اور قارئین امامیہ جنتری سے دوبارہ مخاطب ہونے کا شرف بخشا۔ (بتصدق محمدؐ و آل محمدؐ)

گذشتہ سال آپ نے نحس اکبر ستارہ زحل اور عدد 8 کے بارے میں تحقیقی مضمون ملاحظہ فرمایا۔ کثیر تعداد میں کرمفرماؤں نے میری تحقیق کو سراہا۔ اور "لوح زحل خاص" سے استفادہ حاصل کر کے یقینی کامیابیاں حاصل کیں۔ صرف دو احباب نے جن میں مظفر گڑھ کے ایک دوست اور رائیونڈ سے ایک بٹی نے اپنے طور پر کہا کہ زحل مولائے کائنات کا ستارہ ہے۔ اسے نحس اکبر کہنا مناسب نہیں۔ میرا اُن کے لئے ایک ہی جواب تھا۔ کہ میرے مولاؑ کی ذات سیارگان کی محتاج نہ ہے۔ ستارے میرے آقا کی نگاہوں کے تابع ہیں۔ آپ بیک جُنبشِ نظر جس ستارہ کو جس طرف چاہیں پھیر دیں۔ لہٰذا آپ کا یہ کہنا کہ زحل میرے امامؑ کا ستارہ ہے۔ تو میں اس بات کو ہرگز تسلیم نہ کروں گا۔ ان سیارگان کو جو بھی شرف حاصل ہوا۔ یہ باب مدینۃ العلم کا صدقہ ہے۔ اور اگر آپ صاحب علم و صاحب فہم و ادراک ہیں اور ستارہ نکال سکتے ہیں۔ تو یہ گستاخی بھی کر کے دیکھ لیں۔ پھر بھی سرکارؑ کا ستارہ زحل نہیں بنتا۔ لہٰذا معترضین سے ملتمس ہوں کہ درستگی فرمالیں۔ تاکہ شک کی گنجائش نہ رہے۔

اب آتے ہیں۔ اپنے اصل موضوع کی طرف جہاں علم نجوم کی کامل تحقیق نے یہ ثابت کیا ہے کہ ستارہ زحل نحس اکبر ہے۔ وہاں اس امر کو بھی واضح کیا ہے۔ کہ ستارہ مریخ پانچویں آسمان پر چمکنے والا سُرخ رنگ کا ایک سیارہ ہے۔ جو ہماری زمین سے بہت چھوٹا ہے۔ زمین کی کشش کے باعث بعض اوقات اس کی رفتار کبھی کم اور کبھی زیادہ ہو جاتی ہے۔ کبھی کبھار یہ آگے کی بجائے پیچھے کیطرف چلنا شروع کر دیتا ہے۔ اسکا پیچھے کی طرف متحرک ہونا ہی "رُجعت" کہلاتا ہے۔ اسے الٹی چال بھی کہتے ہیں۔ ستارہ مریخ سُورج سے تیرہ کروڑ بارہ لاکھ میل کی دوری پر واقع ہے۔ جبکہ زمین سے بائیس کروڑ پانچ لاکھ میل کے فاصلہ پر ہے۔ اس کا قطر چودہ ہزار ایک سو آٹھ میل بنتا ہے۔ یہ چوبیس گھنٹوں میں اپنا محور پورا کر لیتا ہے۔ تمام افلاک کا دورہ 18 ماہ میں مکمل کر لیتا ہے۔ ہر بُرج میں 45 یوم قیام کرتا ہے۔ جبکہ ہر منزل میں بارہ روز قیام پذیر رہتا ہے۔ تذکیر و تانیث کے حوالہ سے یہ مذکر ہے۔ اور رات کا ستارہ ہے۔ اس کے حامل افراد اپنے کام غروب آفتاب کے بعد کریں تو نقصان کا احتمال نہ ہوگا۔ کیونکہ یہ رات کو باقوت ہوتا ہے۔ نیز اس کے حامل افراد اولاد کے معاملہ میں خود کفیل ہوتے ہیں۔ رب کریم ان کو ڈھیروں اولاد دیتا ہے۔ مریخ جب بُرج جدی کے 28° درجہ پر آتا ہے۔ تو یہ اس کے شرفی درجات ہوتے ہیں۔ جب یہ سرطان میں آتا ہے تو اسے زوال پذیر ہونا پڑتا ہے۔ مریخ جب شرفی درجات یا اپنے خانہ میں ہوتا ہے تو خیر بڑھ جاتی ہے۔ اس کے شرفی درجات میں عامل حضرات تعویذ سرخ تیار کرتے ہیں۔ جو خُون کی جُملہ بیماریوں مثلاً انمیا۔ ہیموفیلیا۔ تھیلیسیمیا امراض جگر کیلئے باکمال چیز ہوتا ہے۔ قوتِ باہ کیلئے لوحیں اور انگشتریاں تیار کی جاتی ہیں۔ جسم کی مضبوطی، ہڈیوں کی مضبوطی کیلئے لوحیں بنائی جاتی ہیں۔ اور جب یہ رُجعت یا ہبوط و سکوت میں ہوتا ہے۔ تو اس کا شر بہت زیادہ ہو جاتا ہے۔ اس وقت عاملین جدائی، عداوت اور بندشوں کے کام کرتے ہیں۔ اسکے ہبوط و سکوت میں ایسی ایسی بندشیں کی جاتی ہیں کہ نام لیتے ہوئے خوف آتا ہے۔

جیسے عدد 8 زحل سے متعلقہ ہے اور زحل کی تمام نحوستیں اپنے اندر سمائے ہوئے ہے۔ اسی طرح عدد 9 نحس اصغر مریخ سے متعلقہ ہے۔ اور اس میں مریخ کی تمام خصوصیات پائی جاتی ہیں۔ اساتذہ نے اسے کامل عدد کہا ہے۔ کیونکہ یہ تمام اعداد کو ختم کر کے اپنے آپ کو قائم و دائم رکھتا ہے۔ مثلاً آپ 3663 کو لیں۔ 3+6+6+3 = 18 (8+1 = 9) اسی طرح آپ 9999 کو لیں 9+9+9+9 - 36 (3+6 = 9) مفرد عدد 9 ہی بنا۔ اسلئے میں اسے خود غرض عدد کہا کرتا ہوں۔ کیونکہ یہ سب کو ختم کر کے خود قائم رہتا ہے۔ عدد 9 کے مخالف اعداد 6-3-1 ہیں۔ دوست اعداد 2 اور 7 ہیں جبکہ لاتعلق عدد 8 ہے۔

Scanned with CamScanner

عدد 9 کے حوالہ سے ایک خاص بات ذہن نشین کر لیں۔ یہ ٹرانسپورٹ کیلئے منفی عدد ہے۔ جس گاڑی کا نمبر 9 یا نمبر مفرد عدد 9 ہوگا۔ وہ آپکو پریشان کرے گی۔ ستارہ مریخ کے مؤکل حضرت سیّدنا عزرائیلؑ ہیں۔ جن سے متعلقہ ورد یَامَالِکَ یَا مُؤْمِنُ ہے۔ جو 161 مرتبہ روزانہ ورد کرنا ستارہ مریخ والوں کے لئے سُود مند رہتا ہے۔ چونکہ مریخ سخت مزاج ستارہ ہے۔ لہٰذا روزانہ ورد کرنے سے اس کی سختی کم ہوگی۔ مریخ منگل کے روز کا حاکم ہے۔ لہٰذا ہر فرد بروز منگل مندرجہ بالا ورد بمطابق عددی طاقت ضرور کیا کرے۔ ستارہ مریخ کے حامل افراد ایک گھنٹہ بعد از طلوعِ آفتاب گندم، دال مسور۔ گوشت۔ کپڑا سُرخ یا زندہ جانور کا صدقہ ضرور دیا کریں۔ مریخ سے متعلقہ پتھر مرجان (مونگا) زبرجد اور بلڈ سٹون ہیں۔ ان میں کوئی ایک پتھر پہن لینا بھی منافع بخش رہتا ہے۔ کیونکہ قرآنِ حکیم میں دو دفعہ مرجان کا بھرپور ذکر رب کریم نے فرمایا ہے۔ ایک خاص بات 29 اکتوبر 2009ء سے مریخ کی $7\frac{1}{2}$ ستی شروع ہو چکی ہے۔ جیسے اسد (شمس) میزان (زہرہ) اور سُنبلہ (عطارد) کی چل رہی ہے۔

اب عقرب (مریخ) والے بھی اس کا شکار ہو جائیں گے۔ لہٰذا انہیں چاہیئے کہ یہ لوگ اپنے ستارہ کی لوح بنوا کر اپنے پاس رکھیں۔ تاکہ زحل اور ساڑھ ستی کی نحوستوں سے محفوظ رہ سکیں۔

مریخ

اگر آپ کا ستارہ نحس اصغر مریخ ہے تو؟

مریخ

اگر آپ کا ستارہ نحس اصغر مریخ ہے۔ تو اس کی نحوستوں سے بچنے کے لئے لوحِ مریخ ضرور بنوائیں۔ مولا کے کرم سے ہم ہر ستارہ کی لوح خاص وقت میں تیار کرتے ہیں۔ جو ہر فرد کے لئے یقینی کارگر ہوتی ہے۔ لوحِ دولت و کثرتِ رزق۔ لوحِ روزگار۔ لوحِ تسخیرِ اکبر بھی دستیاب ہیں۔

لوحِ شفاء الامراض، لوحِ تحفظِ جان، لوحِ علیؑ لوحِ فاطمہؑ بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

دعا گو: سیّد ابنِ مظفر شیرازی۔ ادارہ اصلاحِ عملیات و فیضِ روحانی 673-3-D-2 گرین ٹاؤن لاہور۔ فون: 042-35111015

ملاقات یا فون کیلئے جمعہ سہ پہر 3 تا 7 بجے اتوار 11 بجے تا رات 7 بجے۔

آپ کا معاون و مبارک نگینہ

(نگینوں کا تعلق راس کے ساتھ) بشکریہ: کرشمہ قدرت

برج	ستارہ	رنگ	متعلق نگینہ	برج	ستارہ	رنگ	متعلق نگینہ
حمل۔میکھ	مریخ	سُرخ	ہیرا، مونگا، یاقوت، عقیق یمنی، ملوپلی	میزان۔تلا	زہرہ	سفید سیاہی مائل	مرجان، ہیرا، پکھراج، دُرنجف، السیمیہ
ثور۔برکھ	زہرہ	سفید	مرجان، ہیرا، دُرنجف، موتی	عقرب۔برچھک	مریخ	سُرخ	ہیرا، یاقوت، مونگا، عقیق
جوزا۔متھن	عطارد	سرخی مائل	پکھراج، زمرد، زبرجد	قوس۔دھن	مشتری	زرد	فیروزہ، پکھراج، زمرد، السیمیہ، زمرد
سرطان۔کرک	قمر	سفید	نیلم، جوہر، حجر القمر، عقیق، دُر، پکھراج، زرد، السیمیہ	جدی۔مکر	زحل	سیاہ نیلا	موتی، نیلم، عقیق یمنی، دُرنجف
اسد۔سنگھ	شمس	نارنجی	نیلم، مرجان، عقیق، یاقوت	دلو۔کنبھ	زحل	نیلا سیاہ	عقیق، سُرخ، نیلم
سنبلہ۔کنیا	عطارد	سفید	عقیق، زمرد، زبرجد، ملوپلی	حوت۔مین	مشتری	زرد پیازی	پکھراج، سفید، دُرنجف

ہر ماہ کی پیدائش سے نگینوں کا تعلق

ماہ	نگینہ
جنوری	گومید، یاقوت، لعل، عقیق، سُرخ
فروری	نیلم، جوہر، حجر القمر
مارچ	فیروزہ، دُرنجف، زبرجد
اپریل	ہیرا، نیلم، یاقوت، عقیق
مئی	زمرد، عقیق یمنی
جون	موتی، زمرد
جولائی	یاقوت، عقیق یمنی، گوہر، سُرخ
اگست	مرجان، یاقوت، عقیق یمنی
ستمبر	نیلم، یاقوت، عقیق، زرد
اکتوبر	اوپل، دُرنجف، زبرجد
نومبر	پکھراج، زبرجد
دسمبر	لاجورد، یاقوت، فیروزہ

بشکریہ کتاب کرشمہ قدرت مؤلفہ ہمایوں مرزا لکھنوی۔

ہر قسم کے نگینوں کا مرکز جوھرے مسجد صاحب الزمانؑ اسلام پورہ، لاہور

موافقت بالجفر

ایم غلام عباس اعوان جفار
سب آفس ملحقہ روڈ
اکشن گھر مارکیٹ جوہر آباد ضلع خوشاب
فون:۔ 0454-209131
موبائل:۔ 0300-6011925
0333-6801663

موافقت اور عدم موافقت کے اصول سے کون واقف نہیں۔ مگر کیا ہم روزمرہ زندگی کے امورات کی بجا آوری میں اس اصول کو مدنظر رکھتے ہیں۔ کیا ہم نے کبھی سوچا ہے کہ جو بزنس یا کاروبار ہم کرنے جارہے ہیں۔ یہ ہمارے مزاج برج سیارے اور ہماری روح سے کلی طور پر موافق یا مماثل ہے؟ جس منزل کے حصول کے لئے ہم شب و روز کوشاں ہیں۔ یہ منزل ہمارے موافق ہے یا عدم موافق؟ جن دو فریقین کو شریک حیات بنانا چاہتے ہیں کیا یہ لوگ ایک دوسرے سے موافقت رکھتے ہیں؟ جو دوا آپ شفایابی کے لئے لے رہے ہیں وہ مزاج کے موافق ہے یا نہ؟

کیونکہ موافقت کامیابی و کامرانی کا زینہ ہے۔ جبکہ عدم موافقت ناکامی و پشیمانی کا موجب ہے۔ اسکو آپ مثال سے یوں سمجھ سکتے ہیں۔ آپ ہوا کی مخالف سمت سائیکل چلائیں گے تو منزل تک پہنچنے میں محنت بھی زیادہ کرنا ہوگی وقت بھی زیادہ خرچ ہوگا۔ یہی سائیکل اگر آپ ہوا کے ہم آہنگ سمت میں چلاتے ہیں تو کم محنت اور کم وقت میں آسانی کے ساتھ منزل پا لیتے ہیں۔

پس اپنی زندگی سے ناموافق امورات کو نکال باہر کیجئے موافق امورات کو اپنائیے انشاءاللہ تھوڑے ہی عرصے میں خوشحالی اور کامیابی آپ کا مقدر بن جائے گی۔

آپ کے لئے کیا موافق ہے اور کیا ناموافق؟ صادق آل محمدؐ سے منسوب علم جفر اس معاملہ میں آپ کی بھرپور راہنمائی کرتا ہے۔

ہر سال کی طرح امسال بھی ایک نہایت آسان جفری قاعدہ بیان کیا جارہا ہے۔ اس پر مشق کریں۔ اپنی زندگی بھی سنواریں اور دوسروں کا بھی بھلا کریں۔ مولا کریم آپ کا حامی و ناصر ہوگا۔

تشریح قاعدہ

① ۔ سوال جامع اور مختصر بندش کریں۔ (ایک سوال میں صرف ایک بات کا پوچھیں)

② ۔ اس سوال کو بسط حرفی کر لیں۔ (الگ الگ حروف میں)

③ ۔ سوال کرنے والے کا نام جو معروف ہو لکھ کر بسط حرفی کر لیں نام والے حروف کے نیچے اس جدول سے اعداد مفردہ لکھ لیں۔

④ ۔ نام کے حروف کے نیچے درج شدہ اعداد مفردہ کے مطابق سطر سوال سے گنتی کر کے حروف اٹھا لیں۔ یہ حروف مستحصلہ جوابیہ حروف ہیں۔

ا	ب	ج	د	ه	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱	۲	۳	۴	۵

جدول اعداد مفردہ

س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۶	۷	۸	۹	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱

اس قاعدہ کی امتیازی خصوصیت یہ ہے کہ ۹۰ سے ۹۵ فی صد حروف خود ناطق ہوں گے۔ محض ایک آدھ حرف کا تبادلہ نظیرہ یا ہم رتبہ حروف نے کرنے سے اتنا صاف اور سلیس زبان میں جواب ملتا ہے کہ عقل دنگ رہ جاتی ہے۔

نظیرہ:۔ ابجد میں ہر حرف سے پندرھواں حرف نظیرہ ہوتا ہے

(مزید تفصیل کے لئے میری کتب آفتاب جفر اور فیوض جفر کا مطالعہ فرمائیں)　ناشر افتخار بک ڈپو۔ رجسٹرڈ، اسلام پورہ، لاہور۔

بخار کے لئے: یہ آیت لکھ کر گلے میں ڈالنا یا پانی پر 41 بار پڑھ کر پلانا موجب شفا ہے۔ يٰنَارُ كُونِي بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ (الانبیاء نمبر ۶۹)

ہم رتبہ حروف کی جدول

ہر کھڑی سطر کے حروف آپس میں ہم رتبہ ہیں۔ مزید وضاحت کے لئے مثالوں پر غور کریں۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
ی	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط
ق	ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص
غ	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ

مثال نمبر ۱:۔ (سوال کنندہ غلام عباس اعوان)

یاعلیمؐ:۔ کیا پاکستان کے حالیہ بحرانوں پر قابو پالیا جائے گا؟

کٓ ی ا ب اؔ ک س ن ت اؔ ن ک ی ح اؔ ل یٓ ہ بٓ حٓ ر ا ن و ن بٓ رٓ ق ا ب و ب اؔ ل ی ا ج ا ی یٓ کٓ ا ؟

نام بسط حرفی	ع	ل
اعداد مفردہ	۱	۳
گنتی سے حاصلہ حروف	ک ب ا	
	پاک	

نام بسط حرفی	ا	م	ع	ب
اعداد مفردہ	۱	۴	۷	۲
گنتی سے حاصلہ حروف	ا ی ب			
	پائے			

نام بسط حرفی	ا	س
اعداد مفردہ	۱	۶
گنتی سے حاصلہ حروف	ح ب ر	
	حرب	

نام بسط حرفی	ا	ع	و	ا	ن
اعداد مفردہ	۱	۷	۶	۱	۵
گنتی سے حاصلہ حروف	ل ئ ی ک ب				
	جنگ				

(پاکستان) (لڑائی یا جنگ)

یعنی پاکستان کو ابھی مزید حالتِ جنگ کی کیفیت کا سامنا رہے گا۔ (واللہ اعلم بالصواب)

مثال نمبر ۲ (سوال کنندہ غلام عباس اعوان)

س ا ل د و ہ ز ا ر د س ع ی س و ی ب ا ک س ت ا ن ک ی ل ی ی
م و ا ف ق ہ و ک ا ی ا ن ہ

یاعلیمؐ:۔ سال ۲۰۱۰ء دو ہزار دس عیسوی پاکستان کے لئے موافق ہوگا یا نہ؟

نام بسط حرفی	ع	ل	ا	م	ع	ب	ا	س	ا	ع	و	ا	ن
اعداد مفردہ	۱	۳	۱	۴	۷	۲	۱	۶	۱	۷	۶	۱	۵
حروف مستحصلہ	س د و ر ی ا ک						ی ل			ق ا ن ص			
	دوَر اس کے						لئے			ناقص			

یعنی اس سال کا دور (زمانہ) پاکستان کے لئے ناقص ہوگا۔ موافق نہ ہوگا۔ (واللہ اعلم بالصواب)

مثال نمبر ۳۔ (سوال کنندہ شکیل حسین ملک)

یاعلیمؐ:۔ ظفر عباس بن سلطانہ کی شادی وکیلہ بنت جمیلہ سے موافق رہے گی یا نہ؟

ظ ف رٓ عٓ بٓ اؔ س ب نٓ س ل ط ا ن ہ ک یٓ ش ا د ی و کٓ یٓ ل ہ ب ن تٓ ج م ی لٓ ہ س یٓ م وٓ ا ف ق ر ہ ی ک ی ی ا ن ا ن ہ

نام بسط حرفی	ش	ک	ی	ل	ح	س	ی	ن	م	ل	ک
اعداد مفردہ	۳	۲	۱	۳	۸	۶	۱	۵	۴	۳	۲
حروف مستحصلہ	ر ب ا		ن ی ک				ی ت ل ی و				
	بڑا		نیک				لئے تو				

آپ بھی اسی طریقہ سے اپنے روحانی یا دنیاوی مسائل کے حل اخذ کر سکتے ہیں۔

نوٹ:۔ اگر آپ اپنے کسی ذاتی سوال کا حل بذریعہ جفر ہم سے حل کرانا چاہیں تو =/100 روپے فی سوال فیس ادا کر کے جواب لے سکتے ہیں۔

ایم۔ غلام عباس اعوان۔ فون: 0454-209131

فہم الجفر

علی اکبر
ٹی اینڈ جنرل سٹور، بازار قصہ خوانی۔ پشاور شہر
فون:۔ 091-2565110-091-2211669

قارئین کرام! امامیہ جنتری میں اس مرتبہ قرآن پاک کی سورہ الذاریات آیت نمبر ۵۸ اپنی کم علمی کی بناء پر چند سطور لکھ رہا ہوں۔ کیونکہ عوام الناس اس مقبول ترین جنتری کا ہر آنے والے سال کا شدت سے انتظار کرتے ہیں۔ یہ اس کی مقبولیت کا واضح ثبوت ہے کہ پاکستان کے ہر چھوٹے بڑے صوبے، شہر، قریہ سے مجھے بے پناہ خطوط، فون موصول ہوتے ہیں۔ میرے مضمون کے علاوہ مجھ سے اپنی پریشانیوں کا ذکر کرتے ہیں۔ مداوا چاہتے ہیں۔ اپنی کم علمی کی بناء پر انہیں تسلی بخش جواب، اعمال پڑھنے کی ہدایت کرتا ہوں۔ لوگوں کی دُعائیں اس ہر دلعزیز جنتری کی بدولت ملتی ہیں۔ یقین جانیئے جس قدر مجھے سکون قلب ملتا ہے۔ میرا پروردگار خوب جانتا ہے۔ ہر ایک سے خندہ پیشانی سے خوش اخلاقی سے بغیر کسی طمع لالچ کے پیش آتا ہوں۔ مجھے یقین کامل ہے۔ دوسرے لکھاری حضرات کا کہ مجھ سے علمیت کے لحاظ سے کافی شہرت کے مالک ہیں۔ یہی حال ہوتا ہوگا۔ بلکہ مجھ سے بھی زیادہ اس بات سے ثابت ہوتا ہے۔ کہ موجودہ پُر آشوب دور میں لوگ کس قدر پریشان حال ہیں۔ یہ سب خدا رسولؐ اور مذہب سے دوری کا انجام ہے۔ حالانکہ قرآن پاک کا یہ واضح فرمان ہے کہ یہ حکمت سے بھرا ہوا ہے۔ قرآن پڑھو۔ ٹھہر۔ ٹھہر کر۔ سمجھ کر پڑھو۔ ہر حرف پر غور کرو۔ اپنے مسائل کا حل تلاش کرو۔ سورہ الذّٰریٰت آیت نمبر ۵۸ میں پروردگار عالم کا ارشاد ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ۝

ترجمہ: خدا ہی تو رزق دینے والا زور آور (اور) مضبوط ہے۔

یہاں پر خُدا، ہی، فرمایا گیا ہے۔ یعنی خدا کے بغیر کوئی دوسرا رزق دینے والا نہیں۔ تو پھر کیوں نہ ہم خدا سے مانگیں۔ لیکن جو مانگنے کا طریقہ ہے۔ اُس طریقہ سے مانگو۔ آیئے از روعلم جفر پوچھتے ہیں۔ رزق کی فراوانی کیلئے پڑھنا کیسا ہے۔

عوام الناس کی دل چسپی کے لئے آسان قاعدہ سے سوال حل کرتا ہوں۔ پڑھیئے غور کریں۔ عمل کریں۔ فیض پائیں۔ سوال کے تمام حروف علیحدہ علیحدہ لکھیں۔ ہر چوتھا لفظ لیتے جائیں۔ تخلیص کریں۔ نظیرہ سے جواب گویا ہوگا۔ ملاحظہ فرماویں۔

سوال:۔ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ فراوانی رزق کے لئے پڑھنا کیسا ہے۔ علیحدہ علیحدہ حروف لکھیں۔

ان اَل ل اھ ھؔ وال رؔزاق ذوؔال قؔ وت ہؔ ال م ت یؔ ن ف رؔا وان یؔ رزق کؔ ی ل ی بؔ ر ہ نؔ اک ی سؔ اھ ی۔

ہر چوتھے لفظ سے حاصل شدہ حروف
ل ہ ر ذ ق ای ای ک ب ۱۱ تخلیص کیا
ل ہ ر ذ ق ای ک ب
ل ی ک۔ ک ہ ی۔ ر غ و ب کل۔ یکے۔ خوب
واضح جواب آیا۔ یعنی بہت اچھا ہے۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کتنی بار پڑھنا چاہیئے۔ اور کب پڑھنا چاہیئے۔ بعد از نماز عشاء پہلے بسم اللہِ الرحمٰن الرحیم پھر ۱۱ بار درود پاک پھر ۵۰۰ بار آیت مبارکہ آخر میں دوبارہ ۱۱ بار درود پاک پڑھیں۔ اللہ سے دعا کریں۔ یا پھر ہر نماز کے بعد اول۔ آخر درود پاک کے ساتھ ایک تسبیح پڑھا کریں۔ والسلام۔ طالب دعا علی اکبر

قرآن پاک سے پولیو کا علاج

والدین کی تھوڑی سی غفلت، ناعاقبت اندیشی سے حسین معصوم پھولوں کو عمر بھر کا روگ رونا پڑتا ہے۔ ایسے معصوم بچوں کا علاج میں نے از روئے قرآن کیا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے انہیں شفا ہوئی۔ راوی سبیل اللہ دم کرتا ہوں اور انہیں تندرست دیکھ کر سکون قلب ہوتا ہے۔

محتاج دُعا علی اکبر پشاور۔ فون: 091-2565110, 2211669

التماسِ دُعا: ۸۔ مارچ بمطابق ۱۰ ربیع الاول بروز اتوار اہلیہ علی اکبر وفات پا گئی ہیں۔ ایک مرتبہ سورہ فاتحہ تین بار سورۃ اخلاص پڑھ کر ممنون فرماویں۔

وسعت رزق کے لئے: جب بھی گھر میں داخل ہوں گھر والوں پر اس طرح سلام کریں۔ (سَلَام عَلَيْكُم) اگر گھر میں کوئی نہ ہو تو کہیں (اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمْ) اس کے بعد سورہ توحید پڑھیں۔ انشاءاللہ کچھ دنوں کے بعد روزی کی زیادتی پر لوگ تعجب کریں گے۔

Scanned with CamScanner

جفری عمل برائے شادی

سیّدانور حسین رضوی
کراچی

میری عرصہ دراز سے یہ خواہش تھی کہ عقد بندی کے لئے اپنا مجرب و تیر بہدف جفری عمل عوام الناس کے لئے پیش کروں تاکہ ہر خاص و عام اس سے بھرپور استفادہ حاصل کرے۔ فی زمانہ شادی بیاہ میں رکاوٹ کا مسئلہ خصوصی سے تقریباً ہر گھر میں پریشانی کا سبب بنا ہوا ہے۔ لاکھوں شریف خاندانوں کے لڑکے اور لڑکیاں تعلیم یافتہ و قبول صورت ہونے کے باوجود اپنے رشتوں سے محروم ہیں۔ زیرِ نظر جفری عمل تجربہ شدہ اور سہل ہے۔ اس سے مستفید ہوئیے اور مجھے دعاؤں میں یاد رکھئے۔

جیسا کہ آپ حضرات بخوبی جانتے ہیں کہ اللہ پاک کے اسماء مبارکہ میں سے ایک اِسم علی بھی ہے۔ جس کے معنی "سب سے برتر" ہیں۔ اور مولا مشکل کشاءؑ کا بھی یہی عظیم المرتبہ نام نامی "علیؑ" ہے۔ جو لوگ اس اسم مبارکہ سے اور عمل سے فیوض و برکات حاصل کرنے کے خواہاں ہوں تو ان کو چاہیئے کہ اللہ اور محمدؐ و آلِ محمدؐ یعنی اہلِ بیت کی حُب اپنے دل میں پیدا کریں۔ کیوں کہ جو عمل میں پیش کر رہا ہوں اس سے وہ لوگ ہی فائدہ اُٹھا سکتے ہیں جو محمدؐ و آلِ محمدؐ سے محبت کرتے ہیں۔ مزید براں اس سے مستفید ہونے کے لئے رزقِ حلال و صدق مقال کا پابند ہونا چاہیئے۔

آپ کے بچے یا بچیوں کے رشتے نہیں آتے یا اگر آتے ہیں تو کسی نہ کسی مسئلہ کی وجہ سے بات نہیں بن پاتی تو اس عمل سے انشاء اللہ اچھی جگہ شادی ہو جائے گی۔

جس دن ستارہ زُہرہ کی قمر کے ساتھ نظر تسدیس یا تثلیث ہو تو اس دن روزہ رکھیں اور قبلہ کی طرف منہ کر کے باوضو ہو کر مصلے پر خلوت میں بیٹھ کر بخور خوشبو دار روشن کریں اور اس طرح نقش بنائیں۔ مثال کے طور پر ایلیا بنت حاجرہ کے لئے نقش بنانا ہے۔

ایلیا کے اعداد	=	۵۲
والدہ حاجرہ کے اعداد	=	۲۱۷
اسم علیؑ کے اعداد	=	۱۱۰
شادی ہو جائے کے اعداد	=	۳۴۰
کل مجموعہ	=	۷۱۹

یہ مربع نقش بنے گا اس کے لئے کل مجموعہ میں سے ۳۰ عدد قانون کے نفی کرنے کے بعد جو بچے اسے ۴ پر تقسیم کرتے ہیں۔ اگر بعد تقسیم ا بچے تو نقش کے خانہ ۱۳ میں اگر ۲ بچے تو خانہ ۹ میں اگر ۳ بچے تو خانہ نمبر ۵ میں ایک عدد بڑھا لیں۔

کل مجموعہ = ۷۱۹ قانون کے اعداد = ۳۰۔ حاصل اعداد = ۶۸۹۔

اس کو ۴ پر تقسیم کرنے پر باقی ا آیا نقش اس طرح بنے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
جبرائیل

۱۷۹	۱۸۲	۱۸۶	۱۷۲
۱۸۵	۱۷۳	۱۷۸	۱۸۳
۱۷۴	۱۸۸	۱۸۰	۱۷۷
۱۸۱	۱۷۶	۱۷۵	۱۸۷

نقش کو اس چال سے پُر کرنا ہے۔ دو عدد نقش زعفران سے عرقِ گلاب ملا کر بنانے ہیں۔ جب نقوش بنا لیں تو ایک نقش موم جامہ کر کے ہرے کپڑے میں لپیٹ کر مولا مشکل کشاءؑ کی نذر دے کر دُعا

۸	۱۱	۱۲	۱
۱۳	۲	۷	۱۴
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

کر کے سبز ڈوری میں باندھ کر گلے میں ڈال لیں اور دوسرا نقش آٹے کے پیڑے میں رکھ کر کنواں دریا یا سمند میں رڈال دیں اوّل وآخر گیارہ گیارہ بار دُرود کے ساتھ بعد نماز عشاء۔ مضمون کا کوئی جُز سمجھ نہ آئے تو فون کر کے یا جوابی لفافہ بھیج کر وضاحت طلب کر سکتے ہیں۔

سیدانور حسین رضوی
R-408 سیکٹر 15-A/5 بفرزون نارتھ کراچی، 0300-2194117
ای میل: anwer_hussain9@yahoo.com

تحفۂ عظیم حرز دافع بلیات

نہایت اہتمام کے ساتھ موم جامہ کیا گیا ہے اس تعویذ مبارک میں جوشن کبیر کے علاوہ سورۂ یٰسین، آیت الکرسی، چہار قُل، سورۂ مزمل، پانچ نقش، مہر نبوت اور نادِ علی شامل ہیں۔ باقاعدگی سے نماز ادا کیجئے۔ انشاء اللہ فیضیاب ہونگے۔

ہدیہ -/10، بازوبند -/15 علاوہ ڈاک خرچ

ملنے کا پتہ: افتخار بک ڈپو (رجسٹرڈ) اسلام پورہ، لاہور۔

لوح حق منسوب از امیر المومنین علیہ السلام

قارئین کرام! عربی زبان میں "سحر" کے معنی ایسی چیز کے ہیں جس کا وجود پوشیدہ اور نہایت دقیق ہو۔ جادو یا سحر کی حقیقت اصل میں یہ ہے کہ انسان اپنی خفیہ صلاحیتوں کو "ارتکاز" کے ذریعے استعمال کرنے کے قابل کرلے اور ان صلاحیتوں کو تخریب کاری کے لیے استعمال کرتے ہوئے نفرت، بیماری، بندش میں کسی عام انسان کو مبتلا کردے۔ ایسے افراد کو جادوگر کہا گیا ہے۔ منفی طرز فکر میں اللہ جل جلالہ کی رضا شامل نہیں ہوتی۔ یعنی کئی لوگ اس نفس کو مسخر کرکے ایسی شکتی پانے کی آرزو رکھتے ہیں جو انہیں دنیا کا سپرمین بنادے۔

یہ اعمال کی دنیا علم عملیات کہلاتی ہے۔ اس کی دو شاخیں مشہور ہیں۔

① سفلی ② نوری

سفلی عملیات کے نتیجے کو سحر (جادو) کہا جاتا ہے۔

نوری عملیات کے حاصل نتیجہ کو "استدراج" کہتے ہیں لیکن اس میں لوگوں کو اشتباہ ہوا ہے۔ وہ نوری عملیات سے ہونے والے مظاہرے کو کرامات کہتے ہیں۔ مگر کرامات تو مقام ولایت پر پہنچنے کے بعد ہی ممکن ہیں۔ قرآن مقدس نے جادو کے اثرات کی نفی نہیں فرمائی۔

قارئین! اس دور پرآشوب میں جادوگروں نے عجیب وغریب ٹوٹکے ایجاد کر کے انسانیت کو پریشان کرنے کی انتہا کر رکھی ہے۔

تشخیص: اگر گھر میں اچانک خون، پانی بدبودار کے چھینٹے پڑنا، بجری سنگریزے، پتھر کے، گوشت کے ٹکڑے، اور گوبر کا آنا، جسم کے کسی حصے میں سوئیاں چبھنا، رات کو خواب میں سانپ، کنواں یا بھینس دیکھنا، کسی بھی ایکسرے یا الٹرا ساؤنڈ میں فالٹ کا نہ ہونا مگر تکلیف کا مسلسل رہنا، بڑوں کا مسلسل خوف سے رونے کو دل کرنا، گھر میں دل نہ لگنا باہر کو بھاگنا اچھا لگنا وغیرہ اور تالہ لگے ہوئے بکس میں کپڑوں کا کٹنا اس کی اہم علامات میں سے ہیں۔

تشخیص کیلئے استخارہ

"یا علیم یا خبیر ایاک نعبد و ایاک نستعین" 313 مرتبہ پڑھ کر کسی سے بات چیت کیے بغیر سو جائیں ساری حقیقت خواب میں نظر آئے گی۔ 3 دن تک یہ عمل کرنا ہوگا اگر پہلے دن حقیقت نظر آ جائے تو بعد میں عمل نہ کریں۔

قارئین! آپ نے مطالعہ کیا کہ جادو، جنات اور لاعلاج امراض کی تکلیف کتنی اذیت کا سبب ہے اس کا روحانی علاج درج ذیل ہے۔

1۔ صدقہ: 900 گرام گائے کا گوشت یا کسی جانور کی کلیجی یا سرخ مسور کی دال بروز منگل صبح سورج نکلنے کے وقت سے ایک گھنٹہ تک یا دوپہر کو ایک سے دو کے درمیان ادا کریں۔ سحر کے اثر کو دور کرنے کیلئے (کیٹ آئی) CATS EYE پتھر بہت اہم ہے۔ صدقہ بروز منگل ادا کر کے پہن لیں۔

تیاری لوح حق: شہنشاہ امیر کائنات علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے سحر، جادو، جن، بھوت اور لاعلاج امراض کے لیے یہ عمل تعلیم فرمایا ہے۔ یہ عمل تحفۃ العلوام (قدیم) اور دیگر کتب میں مذکور ہے۔

۱۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم . بسم اللہ ، و باللہ ، ماشاء اللہ ، بسم اللہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

۲۔ سورۃ اعراف آیت نمبر 116-118

۳۔ سورۃ یونس آیت نمبر 81-82

۴۔ سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر 81-82

اوّل و آخر 11 مرتبہ درود شریف کے ساتھ ان آیات کو دن میں 45 مرتبہ تلاوت کریں۔

۱۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم . بسم اللہ ، و باللہ ، ماشاء اللہ ، بسم اللہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم کے اعداد	3125
۲۔ سورۃ اعراف آیت نمبر 116-118 کے اعداد	3904
۳۔ سورۃ یونس آیت نمبر 81-82 کے اعداد	3723
۴۔ سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر 81-82 کے اعداد	4370
ٹوٹل =	15122

اس لوح مبارکہ کو ہم مثلث خالی البطن میں پر کریں گے۔ کیونکہ رد سحر کے معاملات میں نقش خالی البطن بے حد موثر ہے۔ 15122 کو 12 پر تقسیم کریں۔ خارج قسمت 1260 آیا باقی 2 بچے۔ اہر سائل کیلئے یہ لوح مبارکہ بنے گی۔ ☆باقی ۹۴ پر۔

اختیارِ امامؑ اور امامؑ کا فرمان

آجکل اختیارِ امامؑ کا موضوع ہر کس و ناکس کے زیرِ بحث ہے اور ہر کوئی اپنے آپ کو اعلم دوراں ہی تصور کرتا ہے۔ بعض کا خیال ہے کہ یہ مسئلہ آج کے دور کی پیداوار ہے حالانکہ ایسا نہیں ہے کیونکہ کتاب احتجاجِ میں علی بن احمد قمی سے مروی ہے کہ بعض شیعوں میں اختلاف واقع ہوا اور وہ یہ کہ بعض کہتے ہیں کہ خدا نے آئمہ صلوات اللہ علیہم اجمعین کو تخلیق اور روزی رسانی کی طاقت عطا فرمائی ہے اور بعض کہتے ہیں کہ نہیں۔ محمد بن عثمان عمریؒ (جو کہ صاحب الامر علیہ السلام کے نائب تھے) نے اِس بارے میں امامؑ کی خدمت میں عریضہ لکھا۔ امامؑ زمانہ نے جواب میں لکھا کہ "خدا ہی ہے جو خلق فرماتا ہے اور روزی دیتا ہے۔ مگر آئمہؑ خدا سے سوال کرتے ہیں۔ خدا اُن کو طاقت خلق اور روزی رسانی عطا فرماتا ہے۔ یہ محض اُن کی عبادت و ریاضت کے باعث اُنؑ پر معبودِ حقیقی مہربان ہو کر اُن کی دُعاؤں کو قبول فرماتا ہے پھر وہ جس کو چاہتے ہیں روزی دیتے ہیں، جس کو چاہتے ہیں مارتے اور زندہ کرتے ہیں" (بحوالہ عین الحیوۃ۔ مُلّا محمد باقر مجلسیؒ۔ اُردو ترجمہ روح الحیات)

نوٹ: اپنے مسائل اور پریشانیوں کے رُوحانی حل کیلئے تمام مومنین اس بندہ حقیر سے بلا فیس جوابی لفافہ کے ساتھ درج ذیل پتہ پر رابطہ کریں۔ پہلے فون کر کے پتہ کر لیں کہ میں کہاں ہوں۔ ڈاکٹر آغا مقبول حسین موسوی الکاظمی۔

0333-5211510 , 5101689

1۔ اسلام آباد کا پتہ: مکان نمبر 17 سٹریٹ 35 میلوڈی۔ G-6/2-45000

2۔ لاہور کا پتہ: مکان نمبر 1015 بلاک Q، جوہر ٹاؤن، لاہور۔ 54770

☆بقیہ

۳۷۸۰	۱۰۰۸۲	۱۲۶۰
۸۸۲۲		۶۳۰۰
۲۵۲۰	۵۰۴۰	۷۵۶۲

اس لوحِ مبارکہ کو کسی سیارے کے شرف یا اوج یا سعد نظرات یا شرف قمر میں تیار کر کے ورد کرتے ہوئے اپنے سامنے رکھیں۔ 9 دن تک مندرجہ ذیل آیات کو 45 مرتبہ ورد کریں بعد میں 9 مرتبہ معمول بنالیں۔ ہر قسم کی تکالیف سحر، سایہ، کسی بھی عمل کی رجعت، جانی دشمن کے شر سے انشاء اللہ 9 دن میں بتصدق محمدؐ و آلِ محمدؐ حفاظت ہوگی۔ لاحق پریشانی نیست و نابود ہو جائے گی۔ بفضل خدا شفاء کلی ہوگی۔ سیّد ممتاز حسین بخاری نند پور P.O ایمن آباد ضلع گوجرانوالہ

0300-4795732, 055-6400032
Email: astromumtaz@yahoo.com

ہالہ (Aura) کیا ہے؟

مسلمان حضورؐ کی سنت ادا کرتے ہوئے اور قرآن مجید کی تلاوت کا شرف حاصل کرتے ہیں چونکہ قرآن مجید لہروں کی صورت میں ہے جب کوئی شخص قرآن مجید کی تلاوت کرتا ہے تو قرآن کی لہریں اس کا ہالہ بنالیتی ہیں اور قرآن مجید کے اثرات مرتب ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ اس لئے قرآن مجید کی کسی آیت یا سورہ کا عامل جب کسی پر دم کرتا ہے تو اس کا اثر وقوع پذیر ہوتا ہے۔ لیکن اگر کوئی غیر عامل شخص اسی آیت شریفہ کا دم کرے تو اثرات مرتب نہیں ہوتے بعض اوقات الٹ بھی ہو جاتے ہیں عامل کے عمل کی وجہ سے اُس کے گرد قرانی لہروں کا ہالہ اتنا مضبوط ہوتا ہے کہ وہ متاثرہ شخص کے منفی چارج کو جس کی وجہ سے وہ اس پریشانی میں مبتلا ہوتا ہے مثبت کر دیتا ہے جس سے وقتی طور پر مثبت چارج ہو جاتا ہے یہ عمل بار بار دہرانے سے منفی چارج مثبت میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

روحانی یا جسمانی پُرانی اور پیچیدہ بیماری کو خیر باد کہیں

مراقبہ: اگر آپ کو خدانخواستہ کوئی پرانی بیماری ہے جو کہ آپ کی رگوں میں بیٹھ گئی ہے اور کسی بھی دوائی کا اثر نہیں ہوتا تو اس کے لئے آپ کو مشورہ ہے کہ مندرجہ ذیل عمل کریں جتنی پرانی بیماری اتنا ہی زیادہ وقت دیں۔ انسانی جسم میں گردن کی گدی یعنی Cereblium وہ مقام ہے جس کو کمپیوٹر کی ہارڈ ڈسک کی مثال دی جا سکتی ہے جہاں منفی لہریں جمع ہوتی ہیں وہاں سے ہی تمام اعصاب کو احکامات ملتے ہیں اگر اس مقام سے تمام جمع شدہ منفی لہریں ختم کر دی جائیں تو بیماری ختم ہو جائیگی۔

آنکھیں بند کر کے چشمِ تصور سے دیکھیں لفظ "اللہ" Cereblium میں نظر آرہا ہے اور لفظ سے نور نکل رہا ہے چند ثانیہ کے لئے یہ منظر دیکھیں اس کے بعد تصور میں دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی سے لفظ "اللہ" لکھیں پھر پہلے والا منظر لے آئیں اس مراقبہ کو زیادہ سے زیادہ وقت مختلف اوقات میں کریں۔ کچھ دیر کام کرنے کے بعد یہ مراقبہ کریں گے تو آپ محسوس کریں گے کہ آپکا بدن ہلکا پھلکا اور فریش ہو گیا ہے۔ اس مراقبہ سے آہستہ آہستہ بیماری ختم ہو جائیگی۔

اقتباس "گوہر حیات"

مصنف: سیّد قیصر مرتضیٰ جعفری
0300-7973516
پی 363 ڈگلس پورہ، فیصل آباد۔

کتاب "گوہر حیات"
ملنے کا پتہ:
افتخار بک ڈپو رجسٹرڈ، اسلام پورہ، لاہور

عمر بھر کی تلخیاں اور انکا علاج

ڈاکٹر سیّد ریاض الرحمن
چکوال

قرآن کے جتنے قریب جاؤ گے یقین بڑھے گا اور وہم کم ہوتا جائے گا۔ اتنی خوشیاں ملیں گی اُتنا ہی سکون ملے گا۔ قرآن ہدایت ہے۔ ''متقیوں کیلئے'' متقی اسے کہتے ہیں جو خوف خدا، اور عشق مصطفےٰ میں منہمک ہو۔ قرآن ان کے لئے ہے جو اس سے مدد چاہے جو صراط مستقیم کیلئے مناجات طلب کرتے ہیں افسوس ہے۔ ان لوگوں پر جو ہدایت لینے کی کوشش نہیں کرتے۔ اسی وجہ سے مختلف الجھنوں اور پریشانیوں کا شکار رہتے ہیں۔ میں اکثر لوگوں کی شکایات سن کر یہ مضمون لکھنے کی سر توڑ کوشش کر رہا ہوں۔ ''ہم پر کالا جادو ہو گیا ہے، ہمارا کاروبار ٹھپ ہو گیا ہے، از دواجی زندگیوں میں تلخیاں پیدا کر دی گئی ہیں۔ شادیوں میں رکاوٹ، بیماریوں کا مسلط ہونا۔ ان سب سے بڑھ کر ہم مقروض ہو گئے، وغیرہ وغیرہ۔

او بھائی! جادو سے انکار نہیں کیا جا سکتا اور اس کا اقرار حد سے زیادہ ڈپریشن میں مبتلا کر دیتا ہے۔ جادو نام ہے طلسماتی تحریر کا، جو مختلف طریقوں اور زاویوں سے لکھ کر انسان ہی انسان کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ اس میں پچاس فیصد علم اور پچاس فیصد وہم وگمان کی کارستانی ہے۔ یہ سب انسان کی خود پیدا کردہ ہیں۔ جناتی اور آسیبی چکروں نے بیس فیصد معاشرے کو اپنے چُنگل میں پھنسالیا ہے۔ عالموں اور عاملوں نے دونوں ہاتھ پیسوں کیلئے کھول رکھے ہیں۔ سوچ بھلی ہو، فکر اچھی ہو تو تمام مخلوق اس کی تابع ہوتی ہے۔ جوانی شیطانیت ہے۔ جوانی گمراہی ہے۔ ریاکاری پارسائی کی دہلیز ہے۔ پارسائی کے لبادے میں شیطان پنہاں ہے۔

اگر انسان صرف اور صرف دو آیات کی تلاوت غور و فکر سے کرے۔ اس کے ترجمے پر غور کرے، کلام الٰہی کو معجزہ مصطفےٰ، صفات اہلبیتؑ عظام وصحابہ کرامؓ جان کر سمجھا جائے اور اس پر عمل کیا جائے تو نہ گھر میں فساد ہوگا نہ فتنہ اُٹھے گا۔ نہ سحر، آسیبی اثر ہوگا نہ بدروحیں آئینگی۔ نہ جادو نزدیک بھٹکے گا۔ جادو ہمیشہ کم علم، ڈھلمل یقین اور غریبوں پر اثر دکھاتا ہے۔ امیر آدمی اور مستقل مزاج اس کے نرغے میں نہیں آتے۔ بلکہ انہیں نقصان پہنچتا ہے، چوروں اور ڈاکوؤں سے۔

سال 2009ء میں جفر نامہ اور ظفر نامہ لکھا۔ جسے پاکستان بھر میں بلکہ ممالک غیر میں پسند کیا گیا۔ اس سے استفادہ اُٹھانے کی کوشش ہوتی رہی۔ جس کو اس کے سمجھنے میں الجھن ہوئی۔ اسے سمجھا دیا گیا۔ آج سحری، آسیبی، نظر بد، نحوست سیارگان کو زیرِ عمل لا رہا ہوں۔ خود علم سے مشورہ کریں۔ جادو ہے بھی یا نہیں یا کوئی اور وجہ ہے۔ جھوٹے اور پیشہ ور عاملوں سے بچو۔ کیونکہ پیسہ بٹورنا ان کی عادت ہے۔ وہم وگمان میں ڈالنا ان کا شیوہ ہے۔

چونکہ انسان کی تخلیق اربعہ عناصر سے ہوئی۔ اسلئے اس کی اصلیت و ماہیت کو ابجد اعظم ظاہر کرنے میں نمایاں کردار ادا کرتی ہے۔ ابجد اعظم کے ذریعہ خود سوال حل کریں۔ اور پھر نتیجہ آنے پر مسئلہ کا حل لیں۔ اگر پھر بھی مسئلہ نہ حل ہو۔ تو عملی میدان میں سیر کریں۔ اور گوہر مراد پا کر دم لیں۔

اپنا سوال یا علیم لکھ کر مفصل لکھیں۔ پھر اس میں یوم سوال اور ساعت سوال کا اضافہ اور بسط حرفی کریں اور تخلیص کریں۔ حروف کو ترفع زواجی سے بدل کر حروف کی قیمت لیں اور انکا مجموعہ لیکر چار پر تقسیم کریں۔

۱۔ بچے تو نحوست سیارگان ہے۔ ۲۔ بچے تو نظر بد امنت پوری نہ کرنے کا عندیہ ہے۔

۳۔ بچے تو آسیبی اثرات یا بدروحوں کے اثرات ۴۔ بچے تو جادو ہے۔

ایک مثال لکھ رہا ہوں۔ بعینہٖ آپ سوال حل کرتے جائیں۔ آئینہ میں نتیجہ مل جائیگا۔

ابجد اعظم

حروف	ا	ھ	ط	م	ف	ش	ذ	ب	و	ی	ن	ص	ت	ض	م	ف	ش	ذ	ب	و	ی	ن	ص	ت	ض	ج	ز	ک
قیمت	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰
حروف زواجی	ج	ز	ک	س	ق	ث	ط	د	ح	ل	ع	ر	خ	غ	س	ق	ث	ظ	د	ح	ل	ع	ر	خ	غ	ا	ھ	ط

نام ایام: ہفتہ اتوار پیر منگل بدھ جمعرات جمعہ

شنبہ یک شنبہ دوشنبہ سہ شنبہ چہار شنبہ پنجشنبہ آدینہ

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
پیر/سوموار	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری

سوال:۔ یا علیم:۔ محمود الاسلام بن کریمہ خاتون کے کاروبار میں ترقی نہ پانے کی کیا وجہ ہے؟

یوم سوال شنبہ ساعت زحل

بسط حرفی:۔ م ح م و د ا ل ا س ل ا م ب ن ک ر ی م ہ خ ا ت و ن ک ی ک ا ر و ب ا ر م ی ں ت ر ق ی ن ہ پ ا ن ی ک ی ک ی ا و ج ہ ہ ی ش ن ب ہ ز ح ل

تخلیص:۔ م ح و د ا ل س ب ن ک ر ی ہ خ ت ق ج ش ز

حروف زواجی:۔ ذ ر ص ع م خ ظ ن ض ث ا ت ف ہ ز د س و ق

قیمت:۔ ۷+۸۰۰+۳۰+۷۰۰+۴ +۹۰۰+۳۰۰+۲۰+۵۰+۲۰۰ + ۱+۴۰+۵+۲+۷۰ + ۴۰۰+۹۰+۹+۱۰۰

۱۵۴۱ + ۱۴۷۰ + ۱۱۸ + ۵۹۹

مجموعہ: ۳۷۲۸ ÷ ۴ حاصل قسمت ۔۹۳۲ صفر بچا۔ صفر برابر چار

لہٰذا صاف کہہ دیا۔ جادو کے اثرات ہیں۔ نحوست سیارگان کے تدارک کیلئے:۔ بعد نماز فجر و عشاء

روزانہ ۲۱ مرتبہ درود شریف ۲۱ مرتبہ کلمہ شریف ۲۱ مرتبہ سورہ اخلاص پھر ۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اور اس کے ساتھ اپنے نام کے اعداد نکال کر دو سے ضرب دیں۔ جو اعداد حاصل ہوں۔ اُن سے اسمائے ربانی اُن اعداد کے برابر لیں۔ صبح شام پابندیٔ وقت کے ساتھ ورد کریں۔ نحوست چھٹ جائیگی۔ رحمت کے بادل آپ پر سایہ کریں گے۔

نظر بد: اگر آپ یا کوئی اور نظر بد کا شکار ہے۔ تو سفید کاغذ پر طس، طس، طس، طس، طس، طس، طس، طس، طس، طس، طس ۱۱ مرتبہ لکھ کر نیچے یہ عبارت لکھیں۔

وَمَآاَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْنَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُه‘ ۔ وَمَالِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝

روزانہ تین مرتبہ پڑھکر اپنے اُوپر دم کریں۔ نیز ہر جمعرات کو حسب توفیق ختم دے یا دلائے اور اس کا ثواب اس نامعلوم ہستی کے سپرد کردے۔

آسیبی اثرات:۔ اونچی اونچی آواز میں یہ جملے چار دفعہ کہے۔

اَللّٰهُ حَافِظِیْ ، اَللّٰهُ نَاصِرِی ، اَللّٰهُ نَاظِرِیْ، اَللّٰهُ مَعِیْ مُحَمَّدٌ نَبِیُّ اللّٰهِ ، عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰهِ ،

اس کے بعد سورہ فاتحہ ۳ مرتبہ، تین دفعہ سورہ اخلاص اور تین دفعہ آیت الکرسی، پڑھ کر چھ اطراف، اُوپر (آسمان کی طرف) پھر شمال، مغرب، جنوب، مشرق،

اور زمین کی طرف پھونکیں۔ انشاء اللہ ہر طرف داخلہ اشرارت ختم ہو۔

جادو، سحر کیلئے: یا مُنتَقِمُ بہترین ورد ہے۔ اس کو روزانہ ۶۳۰ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ نیز سورہ فاتحہ ۱۰۰ مرتبہ سورہ بنی اسرائیل کی آیت نمبر ۱۱۱ پارہ ۱۵ سورہ بنی اسرائیل وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ ـــــ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا سو مرتبہ سورہ الناس ۱۰۰ مرتبہ، اللّٰه اللّٰه رَبِّيْ لَا أُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ خود پئیں، گھر والوں کو پلائیں، دیواروں پر چھڑکیں اور جہاں کاروبار / ملازمت کر رہے ہیں۔ تین مرتبہ پڑھ کر چاروں طرف پھونکیں۔

نیز یہ آیات سے مزید تقویت ہوگی۔ قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۙ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۙ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ. وَقُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۚ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا.

صرف ایک مرتبہ۔

رابطہ کے لئے: ایڈووکیٹ ہائیکورٹ چوہدری اسد مسعود سابق صدر بار کونسل چکوال۔ فون: 0333-5901416

سیّد ریاض الرحمٰن (حیدری ملنگ) نقوی البھاکری
حجرہ حیدری ملنگ۔ MCB 17/596 محلہ رحمانیہ
جہلم روڈ، چکوال۔ فون: 0543-554493

دُعائے قربانی

اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اِنَّ صَلٰوتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

اس کے بعد جانور کو ذبح کرنا شروع کرے اگر خود اکیلا قربانی دے رہا ہو تو یہ الفاظ کہے۔ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّيْ. اور اگر چند آدمیوں نے مل کر قربانی کی ہو تو اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنَّا کہے۔ اگر ایک شخص کی طرف سے ہو تو اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْهُ. کہے اگر کئی دوسرے افراد کی طرف سے ہے تو اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْهُمْ کہے۔

بہتر ہے کہ مِنِّيْ، مِنَّا، مِنْهُ، مِنْهُمْ کی ان لوگوں کا نام لیا جائے

احکامِ عقیقہ

عقیقہ سُنّت مؤکدہ ہے۔ پیدائش سے ساتویں دن کرنا بہتر ہے۔ اور تاحدِ بلوغ باپ پر سُنت ہے۔ اور بعد بلوغ تا آخری عمر خود پر سُنت ہے۔ مستحب ہے کہ بچہ لڑکا ہو یا لڑکی دونوں کے عقیقہ کے لئے جانور نر ہو۔ عقیقہ کے جانور میں قربانی والے جانور کی تمام شرطیں پائی جائیں۔ گوشت کم از کم دس مومنین کو کھلائیں یا کچا تقسیم کر دیں۔ والدین اور وہ گھر کے افراد جو والد کی کفالت میں ہوں بالکل نہ کھائیں۔ ایک ران دائی کو یا بصورت دیگر مال صدقے کے طور پر کسی کو دے یا اس کی رقم صدقہ کرے۔ سری پائے اور کھال صدقہ کرے قصائی کو اجرت میں دینا جائز نہیں ہے۔ جانور کا ذبح کے بعد جوڑ سے جوڑ جدا کریں۔ ہڈیاں نہ توڑی جائیں۔

قربانی کو قبلہ رُخ لٹائیں۔ اگر لڑکا ہو تو گوسفند کو ذبح کرتے وقت یہ دعا پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذِهٖ عَقِيْقَةٌ عَنْ (لڑکے اور اس کے باپ کا نام لے) لَحْمُهَا بِلَحْمِهٖ وَدَمُهَا بِدَمِهٖ وَعَظْمُهَا بِعَظْمِهٖ شَعْرُهَا بِشَعْرِهٖ جِلْدُهَا بِجِلْدِهٖ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا وِقَاءً لِاٰلِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ وَ اٰلِهِ السَّلَامُ. اگر لڑکی کا عقیقہ ہو تو یوں پڑھیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ اَللّٰهُمَّ هٰذِهٖ عَقِيْقَةٌ عَنْ (لڑکی اور اس کے باپ کا نام لے) لَحْمُهَا بِلَحْمِهَا وَدَمُهَا بِدَمِهَا وَعَظْمُهَا بِعَظْمِهَا وَشَعْرُهَا بِشَعْرِهَا وَجِلْدُهَا بِجِلْدِهَا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا وِقَاءً لِاٰلِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ السَّلَامُ. جب عقیقہ کر چکیں۔ اسی وقت سر منڈائیں اور اس کے بالوں کے ہم وزن چاندی تصدق کریں۔

اصلاح اولاد اور بُری خواھشات سے دور رکھنے کے لئے

درج وظیفہ کسی بھی وقت بچے کی پیشانی، دائیں ہاتھ کے انگوٹھے اور درمیانی انگلی سے پکڑ کر ۲۱ بار پڑھ پھونک دیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا وَدُوْدُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ يَا شَهِيْدُ

برائے عادات بد دو سو بار يَا هُوَ پڑھ کر دم کریں۔

شدید کھانسی ایک چمچ شہد پر تھوڑی سی پسی ہوئی کالی مرچ ڈال کر نہار منہ اور رات کو سوتے وقت کھالیں۔ مجرب ہے۔

اور سب مل کر اللہ کی رسّی کو مضبوطی سے پکڑے رہنا اور متفرق نہ ہونا۔ (القران)

ازقلم:
حکیم غضنفر مہدی

جوڑوں، پٹھوں کے درد کا مستقل علاج

مطب:
حیدر روڈ
اسلام پورہ لاہور

محمدؐ و آلِ محمدؐ کے طفیل قارئین امامیہ جنتری سے مسلسل مخاطب ہونے کا چھٹا سال ہے۔ امسال میں جوڑوں کے ورم، سوزش، تحجر مفاصل اور کندھوں، کمر، پٹھوں میں ہونے والی دردوں کا شافی علاج تحریر کر رہا ہوں۔

ان امراض کی علامات اس قدر پوشیدہ اور تدریجی طور پر ظاہر ہوتی ہیں کہ عرصہ دراز تک ان کا پتہ نہیں چلتا ہے۔ جدید طبی تحقیق سے یہ بات علم میں آئی ہے کہ شادی کے فوراً بعد مرد و زن کی کثیر تعداد جوڑوں کے درد میں مبتلا ہو جاتی ہے اس کی وجہ یورک ایسڈ کی زیادتی، مادہ حیات کا بکثرت ضائع، نزلہ، زکام، الرجی، کھانسی، بخار، ذات الریہ جیسے عوارض میں مبتلا رہنا ہے جبکہ اعصاب میں ہونے والی دردوں کے اصل اسباب میں امراض رحم، نظام ہضم کا خلل، دائمی قبض، کثرت جماع، تفکرات اور خون کی کمی وغیرہ شامل ہیں۔

(1) تحجر مفاصل یہ جوڑوں کا مزمن مرض ہے اس میں جوڑوں کی کری ہڈیاں اور جھلیاں اپنی لچکدار اور ہموار حالت سے کھردری اور خشک ہو جاتی ہیں۔ جس سے سختی اور درد ظاہر ہوتا ہے یہ درد گھٹنوں اور کہنیوں میں ہوتا ہے۔ اٹھنے بیٹھنے میں سخت اذیت ہوتی ہے۔

(2) گنٹھیا یہ مرض جوڑوں کے رباطات، ریشہ دار ساخت کو دبیز اور سخت بنا دیتا ہے جوڑ متورم ہونے سے شدید درد ہوتا ہے۔ مریض چلنے پھرنے سے معذور ہو جاتا ہے۔ گانٹھیں جسم پر نمودار ہو جاتی ہیں۔ مریض لاغر ہو جاتا ہے اور جوڑ پھول کر بدوضع ہو جاتے ہیں۔

(3) نقرس اس مرض میں دائیں پاؤں کے انگوٹھے میں شدید درد اٹھ کر تمام چھوٹے جوڑوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیتا ہے۔ ماؤف جوڑ سرخ و متورم ہو جاتے ہیں شدت مرض میں ہاتھ پاؤں کی انگلیاں کھچتی اور پھڑکتی ہیں اور ان میں سرسراہٹ محسوس ہوتی ہے۔

(4) عصبی دردیں عصبی درد سے مراد وہ درد ہے جس کا ظاہری سبب معلوم نہ ہو۔ مقامی سوزش اور ورم نہ ہو عصب ماؤف اور اس کی شاخوں کے محاذی درد کی شکایت ہو اس میں عصبی قوت کے زائل ہو جانے کی وجہ سے عصبی کمزوری پیدا ہو جاتی ہے۔ عصبی نظام کے افعال میں فتور سے قوائے حیات میں ضعف پیدا ہو جاتا ہے۔

ھوالشافی

(1) اسگند، زنجبیل، سورنجاں الحلو، کچلہ مدبر، قرنفل، اسرول ایک ایک تولہ۔ صبر ڈیڑھ تولہ، حنظل دو تولے۔ تمام ادویات کا باریک سفوف تیار کر لیں

مقدار خوراک: ایک کیپسول صبح، ایک کیپسول شام (500 ملی گرام) ہمراہ پانی

(2) بزرالبنج 50 گرام، سورنجاں الحلو، السودان، قسط الحلو، اسگند ناگوری، سونڈھ ایک ایک تولہ، شہد ملا کر معجون تیار کر لیں۔

مقدار خوراک: دو گرام صبح، دو گرام شام ہمراہ پانی

(3) الحلو، سورنجاں المر، سناء، فرفیزان، علک، صبر ہم وزن لے کر گودا گھیکوار میں ملا کر سیاہ مرچ کے برابر گولی بنائیں۔

مقدار خوراک: دو گولیاں صبح، دو گولیاں رات

(4) کچلہ 6 ماشہ، علک 6 ماشہ، زنجبیل، ہلیلہ، فادانیا ایک ایک تولہ اور مرجان دو تولے۔ دانہ ماش کے برابر گولی بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح، ایک گولی رات ہمراہ نیم گرم دودھ

گذشتہ پانچ سالوں میں درج کئے گئے نسخہ جات مع جدید اضافات تیار کورس کی شکل میں دستیاب ہیں۔

رضا ہربل کمپلیکس (رجسٹرڈ)

اسسٹنٹ پروفیسر حکیم غضنفر مہدی یونانی میڈیکل کالج لاہور

مردانہ بانجھ پن (سپرم کا نہ ہونا، سپرم کا کم ہونا، سپرم کا کمزور ہونا)
زنانہ بانجھ پن (حیض کی خرابی، بندش، فیلوپین ٹیوبز بلاکیج، رحم میں پانی کی تھیلیوں کا ہونا)
مردانہ پیچیدہ امراض: (جریان، احتلام، ضعف باہ، اعصابی کھچاؤ، پنڈلیوں میں درد)
زنانہ پیچیدہ امراض: لیکوریا، بندش حیض، حیض کا درد سے آنا، چہرے کے بال
وزن کا بڑھنا، کثرت حیض۔ گردہ، مثانہ، پتہ کی پتھری، الرجی، دمہ، زرد یرقان،
ہیپاٹائٹس بی، سی، بواسیر خونی و بادی کا شافی علاج کیا جاتا ہے۔

ہیپاٹائٹس بی، سی کورس
بواسیر خونی، بادی کورس
گردہ مثانہ پتھری کورس
الرجی، نزلہ، کیرا کورس
خرابی حیض، لیکوریا کورس

حکیم غضنفر مہدی کی شہرہ آفاق کتب

طب آلِ محمدؐ اور امراض جسمانی (حصہ اول) ہدیہ 190 روپے
طب آلِ محمدؐ اور امراض جسمانی (حصہ دوم) ہدیہ 120 روپے
امراضِ نسواں (خواتین کے تمام تر پیچیدہ امراض اور انکا علاج) 120 روپے

اوقات مطب: صبح 11 تا 1 بجے = شام 5 تا 10 بجے رات

مطب رضا حیدر روڈ بالمقابل شیعہ جامع مسجد اسلام پورہ (کرشن نگر) لاہور
042-7159348 موبائل 0333-4356949, 0312-5129214

سیّد قمر حسین نقوی
70/A علیہ اہلبیتؑ محلہ بیلے والی، لیہ، پنجاب
فون: 0333-4376657,0302-7846655

نومولود کے اسلامی نام

قارئین امامیہ جنتری: السلام علیکم! ایک طویل عرصہ بعد ایک مرتبہ پھر آپ کی خدمت میں حاضر ہوں۔ خداوند متعال آپ سب کو اپنی حفظ و امان میں رکھے۔ قارئین کرام بچے کا نام رکھنے سے پہلے اس کا زائچہ ضرور بنوالیں نام کا مطلب تلاش کرنے میں خاص احتیاط سے کام لیا ہے کسی بھی غلطی کا احتمال ممکن ہے آپ کے بہتر مشورہ کے منتظر ہیں۔ اپنی دعاؤں میں ہمارے مرحومین آغا نثار احمد (بانی امامیہ جنتری) اور میرے والدین کے لئے دُعا کریں۔

لڑکوں کے اسلامی نام

نام	مطلب	اعداد	مفرد عدد	عنصر
اذعان علی	اطاعت یقین	30	3	آتشی
فصیح عباس	بے پایاں علم	42	6	آتشی
جرار عباس	بہادر	24	6	آبی
ربط علی	واسطہ	24	6	خاکی
انصار حسین	مددگار	38	2	آتشی
نہال حیدر	خوشی۔ مسرت	29	2	بادی
جاگیر حسین	زمین۔ جگہ	29	2	آبی
جاذب حسین	بھانے والا	33	6	آبی
مستجاب حسین	قبول۔ مقبول	40	4	آبی
افہام حیدر	فہم و فراست	34	7	آتشی
علی شجران	سایہ دار درخت	25	7	خاکی
وصی عباس	جانشین	33	6	بادی
زریاب حیدر	دولت مند	28	1	آبی
مقرب حسین	مرتبہ۔ عزت	27	9	آتشی
عطرت عباس	عزت والا	38	2	خاکی
ثمر عباس	پھل	27	9	آبی
غیور عباس	غیرت مند	25	7	خاکی
اسد اللہ علی	اللہ کا شیر علی	31	4	آتشی
باسط علی	اللہ کا نام	30	3	بادی
انس علی	محبت، صحابی رسولؐ	24	6	آتشی
شاھیان حیدر	جائز روادار	31	4	آتشی
حباب حسین	صحابی حسینؑ	33	6	خاکی
زعیم حیدر	ذمہ دار	34	7	آبی
موقر علی	محترم، معزز	24	6	آتشی
غماز حسن	نمائندہ	32	5	خاکی
اوطان حیدر	سرزمین وطن	37	2	آتشی
رمیث حسین	زیور، صحابی حسین	32	5	خاکی
مطاع حیدر	صحابی حسین	36	9	آتشی
ممنون حسین	احسان	39	3	آتشی
اوصاف حیدر	وصف کی جمع	40	4	آتشی
وہب حیدر	صحابی حسینؑ	28	1	بادی
مشکور حسین	شکر کرنے والا	37	1	آتشی
افتخار حیدر	فخر، قابلِ فخر	39	3	آتشی
زیرک حسین	عقل مند	28	1	آبی
یسال حیدر	پھولوں کا تاج	26	8	بادی
اجلال حیدر	قوی، بزرگ	26	8	آتشی
مرتاض علی	ریاضت کرنے والا	31	6	آتشی
سائد حیدر	سردار، پیشوا	33	6	آبی
معتال حیدر	اونچا، بلند	34	7	آتشی
بیدل حسین	عاشق	30	3	بادی
بہلول علی	ہنس مکھ، سردار	30	3	بادی
نقاش علی	نقش	21	3	بادی
محمد وجیہ الحسن	چہرہ	58	4	آتشی
شباہت علی	ہو بہو	26	8	آتشی
سفیر حسین	قاصد، نمائندہ	37	1	آبی
محمد اشہد مہدی	گواہی دینے والا	51	6	آتشی
محمد عابس مہدی	صحابی حسینؑ	54	9	آتشی
عابدین رضا	عبادت کرنے والا	31	4	خاکی
عشف عباس	چاہنے والا	34	7	خاکی
سائل رضا	مانگنے والا	28	1	آبی
تصور حسین	خیال	37	1	بادی

ناذعلی	پکارنا	21	3	بادی
محمد تقی	تقویٰ والا	30	3	آتشی
حسنین علی	نواسۂ رسولؐ	36	9	خاکی
قارب حسین	عزت والا	26	8	آبی
انشال عباس	اللہ کی مرضی	29	2	آتشی
راغب علی	رغبت والا	24	6	خاکی
ارباط حیدر	ربط، رابطہ	27	9	آتشی
ودود علی	اللہ کا نام	31	4	بادی
معیز حیدر	اللہ کا نام	32	5	آتشی
مقدم حسین	عزت والا	33	6	آتشی
ہادی رضا	امام، پیشوا	18	9	آتشی
مصور مہدی	تصویر بنانے والا	35	8	آتشی
نصر عباس	مددگار	32	6	بادی
فاطر علی	فتح، نصرف	31	4	آتشی
انفال حیدر	قرآن پاک کی سورہ	33	6	آتشی
قلب حسین	دل	26	8	آبی
عترت حسین	عزت	37	1	خاکی
اذن عباس	اجازت	29	2	آتشی
عین رضا	آنکھ	25	7	خاکی
فہام علی	سمجھدار	29	2	آتشی
ایقان حیدر	یقین والا	24	6	آتشی
ابوتراب علی	مٹی کا باپ	29	2	آتشی
ارتسام حیدر	دعا کرنے والا	33	6	آتشی
نشاف حیدر	جاذب	32	5	بادی
موہب حیدر	بخشنے والا	32	5	آتشی
منصور علی	فتح مند	37	1	آتشی
مثوب حسین	ثواب	37	1	آتشی
ریان حیدر	جنت کا دروازہ	24	6	خاکی
حشم عباس	مال و دولت	31	6	خاکی
بطال علی	بہادر، دلیر	26	8	آبی
اعیان علی	آنکھیں	26	8	آتشی
علی گوہر	نایاب	26	8	خاکی
ہادی حسن	پیشوا	30	3	آتشی
ارمغان علی	اللہ کا نام	25	7	آتشی

لڑکیوں کے اسلامی نام

نام	مطلب	اعداد	مفرد عدد	عنصر
آیت زہرا	نشانی	21	3	آتشی
مسبح بتول	تسبیح کرنے والی	35	8	آتشی
مومن زہرا	امانت دار	35	8	آتشی
نائم زہرا	خوابیدہ	24	6	بادی
عباب زہرا	بڑی رو۔ بہت پانی	22	4	خاکی
فریط سکینہ	بالیاں	39	3	آتشی
بریقہ بتول	روشن چمکدار	26	8	بادی
ایمن زہرا	مبارک محفوظ	27	9	آتشی
انوشہ بتول	نوجوان خوبصورت	35	8	آتشی
اقتدا بتول	پیروی کرنا	26	8	آتشی
افراح بتول	خوش شاد	35	8	آتشی
اریکہ بتول	آراستہ تخت	26	8	آتشی
غوزہ بتول	بند کلی	34	7	خاکی
فارح بتول	فرحت خوشی	36	9	آتشی
غمامہ بتول	بادل، ابر	39	3	خاکی
عبق زہرا	خوشبو	25	7	خاکی
عبا بتول	لباس	25	7	خاکی
سماح بتول	سخاوت	34	7	آبی
سطر زہرا	تیز فہم	34	7	آبی
زاہیہ بتول	سجا ہوا	34	7	آبی
رطابہ بتول	تروتازہ	34	7	خاکی
حیا زہرا	شرم	25	7	خاکی
حدیقہ بتول	باغ، کیاری	33	6	خاکی
ثوبیہ بتول	رسول پاک کی رضائی	34	7	آبی
اوج زہرا	اونچائی	30	3	آتشی
انتساب زہرا	نسبت	36	9	آتشی
نیلم بتول	نایاب۔ قیمتی پتھر	28	1	بادی
عرشیہ بتول	آسمان، فلک	33	6	خاکی
انشرح بتول	قرآن پاک کی سورۃ	35	8	آتشی
عقبیٰ بتول	عاقبت	26	8	خاکی
منازل زہرا	منزل	35	8	آتشی

قناعت زہرا	تھوڑی پر راضی ہونا	36	9	آبی
امہ بتول	امت	20	2	آتشی
فصاحت	خوش بیانی	45	9	آتشی
کاشانہ بتول	باغ، چمن	31	4	خاکی
دامان بتول	رضا، دامن	30	3	آبی
زریں بتول	سنہری	30	3	آبی
پرنم زہرا	آنسو بھری آنکھ	28	1	بادی
زر بتول	دولت	25	7	آبی
عطیہ بتول	تحفہ	37	1	آبی
اطاعت زہرا	فرمانبرداری	37	1	آتشی
تسکین زہرا	سکون	33	6	بادی
زیست زہرا	زندگی	33	6	آتشی
زمزمہ بتول	آواز، ترانہ	42	6	آبی
کشش زہرا	رغبت	23	5	آبی
حب زہرا	محبت	25	7	آبی
جنت زہرا	نعمت	27	9	خاکی
روزانئہ بتول	پھول	46	1	آبی
امارہ بتول	حکم دینے والا	28	1	خاکی
عناب زہرا	انگور	30	3	خاکی
عرش بریں	آسمان	22	4	خاکی
نسبت زہرا	تعلق واسطہ	32	5	خاکی
رخشاں بتول	روشن، چمکتا ہوا	32	5	بادی
رخسار بتول	گال	32	5	خاکی
سحاب بتول	ابر، بادل	32	5	خاکی
طیبہ بتول	مدینہ، پاک	32	5	آبی
مارح بتول	مدح کرنے والی	32	5	آتشی
وشاح	ہار، گلوبند	18	9	خاکی
طہ بتول	پاکیزہ	24	6	آتشی
فاطمہ بتول	پاک، پاکیزہ	42	6	آتشی
زینب شہزادی	زیب و زینت	36	8	آبی
حجاب زہرا	پردہ	29	2	خاکی
دست زہرا	ہاتھ	29	2	خاکی
اجر زہرا	ثواب	21	3	آتشی
مائل زہرا	رغبت	30	3	آتشی

حرمت بتول	عزت	33	6	خاکی
ردا بتول	چادر	22	4	خاکی
مائدہ بتول	قرآن پاک کی سورۃ	36	9	آتشی
سویرا بتول	صبح صادق	31	4	آبی
عین زہرا	آنکھ	28	1	خاکی
نوخیز زہرا	نئی۔خوبصورت	40	4	بادی
صندل زہرا	خوشبودار	39	9	بادی
قلب زہرا	دل	21	3	آبی
درثمن بتول	قیمتی موتی	35	8	خاکی
سحر زہرا	روشن صبح	31	4	آبی
حضرٰی بتول	پاکیزہ	33	6	خاکی
نور فاطمہ	روشنی	40	4	بادی
ارم زہرا	باغ جنت	22	4	آتشی
طہ بتول	قران پاک کی سورہ	46	1	آتشی
انمول فاطمہ	نایاب	36	9	آتشی
زوارہ بتول	زیارت کرنے والا	36	9	آبی
سندس فاطمہ	خوبصورت	36	9	آبی
صالحہ بتول	پاکیزہ	36	9	بادی
کومل بتول	نرم و نازک	30	3	آبی
اسوہ بتول	راستہ	33	6	آتشی
نویرا بتول	نئی نویلی	30	3	بادی
دامن بتول	جھولی	29	2	خاکی
گوشہ بتول	پیارا حصہ	31	4	آبی
حسین زہرا	خوبصورت	26	8	خاکی
ثروت زہرا	دولت	32	5	آبی

تعویذ برائے نظر بد اگر کسی کو نظر لگ گئی ہے۔ تو یہ تعویذ لکھ کر اس کے گلے میں ڈالا جائے۔ نظر کا اثر دور اور طبیعت ٹھیک ہو جائے گی۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ہ

اَعُوۡذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ وَاَسۡمَآئِہِ الۡحُسۡنٰی کُلِّھَامِنۡ شَرِّ السَّآمَّۃِ وَالۡھَآمَّۃِ وَمِنۡ شَرِّ عَیۡنٍ لَّآ مَّۃٍ وَّمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَاحَسَدَ ہ

حضرت امام جعفر صادقؑ سے مروی ہے کہ نظر بد کے لئے تین مرتبہ کہے۔

مَاشَآءَ اللّٰہُ لَاحَوۡلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ

خواب

(معصومین علیہم السلام کے ارشادات کی روشنی میں)

پیغمبر اکرمؐ کا فرمان ہے اچھا خواب اللہ تعالیٰ کا عطیہ ہے بلکہ صالح انسان کا اچھا خواب نبوت کا چھیالیسواں (۴۶) واں حصہ ہے اگر اچھا خواب دیکھا ہو تو اپنے مخلص اور وفادار دوست سے ذکر کرو۔ اور اپنوں کے علاوہ اچھا خواب کسی کے سامنے بیان نہ کرو۔ بُرے اور فاسد خیالات رکھنے والے شخص کے سامنے اچھے خواب کا ذکر قطعاً نہ کرو۔ اگر تم نے ڈراؤنا اور بُرا خواب دیکھا ہے تو اسے قطعاً کسی کے سامنے بیان نہ کرو۔ امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں مومن کی رائے اور اس کا خواب نبوت کے ستر اجزاء میں سے ایک ہے اور کچھ مومن وہ ہیں جنہیں ایک تہائی عطا ہوتا ہے۔ آپ فرماتے ہیں خواب تین طرح کے ہوتے ہیں۔ ۱۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مومن کے لئے خوشخبری ہے۔ ۲۔ شیطان کی طرف سے خوفزدہ کرنا۔ ۳۔ پریشان اور بُرے خواب۔ رات کی دو تہائی گذر جانے کے بعد ملائکہ آسمان سے نازل ہو رہے ہوتے ہیں (یہ سحر سے پہلے ہوتا ہے) اس دوران دیکھے ہوئے خواب سچے ہوتے ہیں۔

امام محمد باقر علیہ السلام خواب کے بارے میں فرماتے ہیں جب انسان سوتا ہے تو اس کی روح آسمان کی طرف نکل جاتی ہے پھر روح جو کچھ آسمان میں دیکھتی ہے وہ حق ہوتا ہے۔ اور جو کچھ روح آسمان کی بجائے فضا میں دیکھتی ہے وہ بُرے خواب ہوتے ہیں۔ امام علی رضا علیہم السلام فرماتے ہیں ہمارے محب دوست اور مومن کا براڈراؤنا خواب اس کے گناہوں کا کفارہ ہوتا ہے۔ سونے سے پہلے تسبیح زہراؑ پڑھ لیا کریں آپ نے فرمایا محمدؐ و آل محمد علیہم السلام کے قاتلوں، دشمنوں پر لعنت کر کے سونے سے ڈراؤنے اور بُرے خواب نہیں آتے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں جب انسان گناہوں میں پڑ جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے بُرے خواب دکھا کر اپنی نافرمانی سے بچا لیتا ہے اور انسان خوفزدہ ہونے کی وجہ سے توبہ کی طرف رجوع کرتا ہے۔ امام حسن عسکریؑ فرماتے ہیں جو شخص زیادہ سوئے گا وہ پریشان بُرے اور ڈراؤنے خواب دیکھے گا۔ امیر المومنینؑ فرماتے ہیں سونے سے قبل **یَا هُوَ یَامَنْ لَاهُوَ اِلَّاهُوَ** پڑھو یہ اسم اعظم ہے۔ ساتھ میں فرمایا جو شخص سونے سے قبل 100 مرتبہ **اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ** پڑھے تو وہ برا خواب نہ دیکھے گا۔ جو شخص باوضو سوئے برا خواب نہ دیکھے۔ اگر کوئی بُرا خواب دیکھے تو نیند سے اٹھنے کے فوراً بعد سجدہ میں چلا جائے اور سجدہ میں اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرے پھر محمد و آل محمد علیہم السلام پر صلوات بھیجے اور اللہ تعالیٰ سے بُرے خواب کے اثرات کے رد کرنے کی دعا مانگے اللہ تعالیٰ غفور الرحیم ہے۔ وہ رحم کرتا ہے۔

اکرام عباس کاظمی۔۔۔ پلاٹ D-3 سٹریٹ نمبر اسیکٹر 1-10/3 اسلام آباد۔ موبائل: 0300-9491015

علم الاعداد کے ذریعہ خواب کی تعبیر معلوم کرنے کا طریقہ

خواب دیکھنے والے کا نام مع والدہ کے نام کے اعداد نکال کر ان میں اس دن کے اعداد شامل کریں جس رات خواب دیکھا ہے۔ کل مجموعہ کو 9 پر تقسیم کریں۔ جو عدد باقی بچے اس کی نقشہ ذیل سے تعبیر معلوم کریں انشاءاللہ تعبیر درست ہوگی۔

۱۔ خواب مبارک ہے۔ تعبیر بہت جلد منافع کی صورت میں ظاہر ہوگی۔ ۲۔ خواب دیکھنے والے کو عنقریب کاروبار یا کسی اور ذریعہ سے معقول فائدہ ہوگا۔ ۳۔ جاہ و مراتب میں ترقی ہوگی دلی مراد پوری ہوگی۔ ۴۔ عزت و مرتبہ بڑھے گا۔ ایک دو لوگوں سے احتیاط ضروری ہے۔ ۵۔ کوئی سفر کرنا پڑے، عیش و مسرت حاصل ہو۔ ۶۔ خواب اچھا نہیں حسب توفیق صدقہ یا خیرات دیں۔ ۷۔ کسی سے لڑائی جھگڑا ہونے کا اندیشہ ہے۔ غصہ کو قابو میں رکھیں۔ ۸۔ خواب کی تعبیر مبارک ہے کوئی خوشی کا کام دیکھو گے۔ ۹۔ واقعات میں ناکامی محرومی، کچھ عرصہ بعد مراد حاصل ہو۔ (واللہ العلم الغیب) اگر دن کے ۱۲ بجے سے قبل خواب کی تعبیر معلوم کریں تو ایام ہفتہ کے نمبر یہ ہیں۔ اتوار ۵، پیر ۵، منگل ۵، بدھ ۲، جمعرات ۳، جمعہ ۱، ہفتہ ۴، اگر ۱۲ بجے کے بعد خواب کی تعبیر معلوم کریں تو ان نمبروں کو شمار میں لائیں۔ اتوار ۴، پیر ۳، منگل ۵، بدھ ۹، جمعرات ۶، جمعہ ۶، ہفتہ ۲۔ مندرجہ ذیل تاریخوں میں سے کسی خواب کی تعبیر نہ لیں۔ جنوری: ۱، ۲، ۴، ۶، ۱۱، ۲۰۔ فروری: ۱، ۲، ۱۷، ۱۸۔ مارچ: ۱۳، ۱۸۔ اپریل: ۱۰، ۱۷، ۱۸۔ مئی: ۷، ۸۔ جون: ۱۷۔ جولائی: ۱۷۔ اگست: ۱۰، ۲۱۔ ستمبر: ۱، ۱۸۔ اکتوبر: ۶۔ نومبر: ۶، ۱۰۔ دسمبر: ۶، ۱۱، ۱۵۔ ان تاریخوں کے خواب اکثر سچے ہوتے ہیں۔ ۶، ۷، ۸، ۱۰، ۱۵، ۱۶، ۱۹، ۲۶، ۲۷۔ (واللہ العلم الغیب)

عامل سیّد ظہور حسین کاظمی (مرحوم)

آزمودہ نقوش شفاء

(علم جفر کی روشنی میں)

پروفیسر سید ظفر عباس پیرزادہ
ایم اے

امراض سر اور پاگل پن

سر کے بالوں سے گردن تک سب امراض یعنی بالوں کا گرنا، بال خورا، کمزوریٔ دماغ، بھولنا، گنج، کمزوریٔ حافظہ، دردِ سر، دردِ کان، دردِ دانت، امراض جسم، آواز کا بند ہونا، پاگل پن کے لئے ساعت زحل میں لکھ کر پلائیں اور گلے میں پہنائیں۔

اجب یا اسرائیل بحق الف

د	ج	ب	ا
ا	ب	ج	د
ج	د	ا	ب
ب	ا	د	ج

بحق فلاں بن فلاں

امراض بازو / فالج

داہنے ناخن سے لیکر سینے تک کسی قسم کا درد ہو افالج وغیرہ کے لئے ساعت مشتری میں لکھ کر بازو پر باندھ لیں اور پلیٹ پر لکھ کر پلائیں۔

اجب یا دردیائیل بحق ھا

ح	ز	و	ہ
ہ	و	ز	ح
ز	ح	ہ	و
و	ہ	ح	ز

بحق فلاں بن فلاں

امراض شکم

دردِ شکم، ناف کا ٹلنا، آنتوں کی ٹی بی، گردے، مثانے کی تکالیف، نقش ساعت زہرہ میں لکھ کر پیٹ پر باندھیں اور یہی نقش پلیٹ میں لکھ کر مریض کو پلائیں۔

اجب یا سرحائیل بحق تا

ر	ق	ص	ف
ف	ص	ق	ر
ق	ر	ف	ص
ص	ف	ر	ق

بحق فلاں بن فلاں

درد دل

ناف شانے سینے سے بائیں ہاتھ کی انگلی تک ہر مرض

بائیں ہاتھ کا فالج شانے کا درد، جوڑوں کے درد امراض، گھبراہٹ (ہارٹ اٹیک) یعنی دل کی تمام بیماریوں میں ساعت مریخ میں لکھ کر بائیں بازو پر باندھیں، نقش پلیٹ پر لکھ کر پلائیں۔

اجب یا اسمائیل بحق طا

ل	ک	ی	ط
ط	ی	ک	ل
ک	ل	ط	ی
ی	ط	ل	ک

بحق فلاں بن فلاں

امراض کمر

دردِ کمر، پھیپھڑوں کی تکلیف، دمہ، دق، رقت منی، احتلام وغیرہ ساعت شمس میں لکھ کر کمر پر باندھیں نقش پلیٹ پر لکھ کر پلائیں۔

اجب یا روپائیل بحق میم

ع	س	ن	م
م	ن	س	ع
س	ع	م	ن
ن	م	ع	س

بحق فلاں بن فلاں

امراض ٹانگ و درد لنگڑی

بائیں ران سے پاؤں کی انگلی تک ہر قسم کی تکلیف بائیں پاؤں میں رانگن کا درد، جوڑوں کا درد وغیرہ۔ ساعت قمر میں لکھ کر بائیں ران پر باندھیں۔ یہی پلیٹ میں لکھ کر پلائیں۔

اجب یا اسرائیل بحق ذال

غ	ط	ض	ذ
ذ	ض	ط	غ
ط	غ	ذ	ض
ض	ذ	غ	ط

بحق فلاں بن فلاں

مرسلہ: پروفیسر سیّد ظفر عباس پیرزادہ (پرنسپل انٹر سائنس کالج رجانہ)
عصیم پبلک لائبریری سمندری روڈ رجانہ تحصیل و ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ۔
فون: 0300-6560121, 0333-7333121

زائچہ سے بیماریوں کی تحقیق اور انکا علاج

تحریر و تحقیق
غلام رضا عسکری اعوان

فطرتاً اکثر منجمین چھٹے گھر کے حاکم ستارے کی موجودگی کو دیکھتے ہیں یا کہ چھٹے گھر میں کونسا ستارہ موجود ہے۔ یا چھٹے گھر کا حاکم ستارہ کس گھر میں زائچہ کے مقیم ہے دونوں صورتوں میں موجود ستارہ صاحب زائچہ کی بیماریوں کو زیادہ بہتر واضح کرتا ہے۔ سعد گھر کا حاکم ستارہ چھٹے گھر میں ہو تو یہ اچھی علامت نہیں ہے۔ نہ صرف زائچہ کے سعد گھروں کی منسوبات متاثر ہوتی ہیں بلکہ صحت یابی کی اُمیدیں بھی کم ہوسکتی ہیں، اور چھٹے گھر کا حاکم کسی سعد گھر میں مقیم ہو تو کم از کم صحت تو بہتر ہوتی ہے لیکن دوسری منسوبات پر منفی اثر ہوتا ہے۔ اگر نحس گھروں کا حاکم ستارہ چھٹے گھر میں قابض ہو تو یہ ایک اور بھیانک صورتحال کا مظہر ہے۔ آٹھویں یا بارہویں گھر کا حاکم ستارہ جو کہ خود نحس اثرات دینے کی قوت رکھتا ہے زائچہ ولادت یا وقتی زائچہ میں چھٹے ہو تو بھی ایک خطرناک صورتحال واضح ہوتی ہے۔ ستاروں کی کاسمک شعاعیں جس طرح قوائے انسانی وحواس خمسہ کے ساتھ نفسیات اور ذہنیت پر اثر انداز ہوتی ہیں اسی طرح انسان کی فزیکل باڈی یا جسم بھی براہ راست متاثر ہوتا ہے اور انسان کے اندر یا باہر بیماریاں وجود میں آتی ہیں۔ کچھ بیماریاں وقتی ہوتی ہیں۔ اور کچھ مستقل ہوتی ہیں۔ بیماری کا تعین یا صحت کی خرابی کا دارومدار زائچہ ولادت میں ثابت ہو تو بیماری کی طوالت کا اندازہ منسلکہ ستارے کی دشا اور ادوار سے لگایا جاسکتا ہے۔ مختلف ستاروں کی منسوبی بیماریاں ذیل میں لکھ رہا ہوں۔ ☆ **شمس**۔ دل، دائیں آنکھ، خون، پیٹ، سر، گلے، تھائرائیڈ، دماغ، رطوبتی غدودیں۔ جلد، ریڑھ کی ہڈی، حرام مغز، ذہنی استعداد، سوچ اور سمجھ ☆ **قمر**۔ نظام ہضم وتنفس، رسولیاں، گلٹیاں، قوت شامہ، ٹھنڈ لگنا، ناک کی ہڈی، دماغ کی کمزوری، یرقان، مثانہ و بچہ دانی، چھاتیاں، خون ہیضہ، اسہال، موٹاپا، یا سوکھڑا، خوف ہائیڈروفوبیا۔ ☆ **مریخ**۔ حادثات، خونی امراض، سوجن، آلات تناسل، خونی بواسیر، نسیں، ناک، گردن، ہڈیوں کا گودا، خون میں ہوا کا نظام، پٹھے، سرخ خلیات، تپ، فاؤل وچکن پاکس، فشار خون بلند۔ ☆ **عطارد**۔ نظام تنفس، دمہ، الرجی، لہن ودہن، گفتگو، اعصابی دردیں ونظام، متحرک دردریں، سینہ، جلد، ناک، ناف، لبلبہ، پتہ، دماغ، یادداشت، موچ جھٹکا، بادی تکالیف، جسم کا پھولنا، ☆ **مشتری**۔ گنٹھن، جگر، کولہے، رانیں، کان، دماغ، ریڑھ کی ہڈی کا اوپر کا حصہ، غیر فطری بڑھوتری یا کمی، شوگر، دائیں جانب کی دردیں، لبلبہ ومعدہ۔ ☆ **زھرہ**۔ جگر و گردے، بینائی، چہرہ، غدود، بال، خون کی کمی، غذا کا جزو بدن ہونا، السر، خناق، مادہ تولید، حلق گلے کے غدود، نشاط ومنشیات۔ ☆ **زحل**۔ ہڈیاں، جوڑ، مثانہ، دانت، ٹانگیں، جوڑوں میں پانی کی شکایات، ہڈیوں کی ٹی بی زہریلے اثرات، نمکیات کا تناسب، فضلہ و پیشاب کی بیماریاں کہنہ وپیچیدہ امراض۔ ☆ **راھو و کیتو**۔ پاؤں، گھٹنے، جذام کوڑھ، برص، ہڈیوں کا ٹیڑھا پن، دانتوں کی بیماریاں، پیٹ اور پیٹ کی خرابیاں قبض واجابت کا نظام، جبکہ راہو اور کیتو سحری وشیطانی قوتوں کے اثرات کی وجہ سے بیماریوں کو بھی ظاہر کرتے ہیں۔ چھٹے گھر کا حاکم ستارہ بیماریوں اور انکی نوعیت کو ظاہر کرتا ہے۔ اگر چھٹے کا حاکم آٹھویں ہو تو منسوب ستارے کی بیماریاں وجہ موت بن سکتی ہیں۔ آٹھواں گھر موت کا گھر جو کہ وجہ موت کو بھی ظاہر کرتا ہے اگر شمس آٹھویں ہو تو دل کی تکالیف، مریخ ہو تو خونی بواسیر، عطارد یا زہرہ ہو تو بادی بواسیر، زحل ہو تو زہر خورانی سے موت، مشتری ہو تو دماغی عوارض کے ساتھ جگر کے امراض، قمر ہو تو پاگل پن یا نسیان کا عارضہ، راہو یا کیتو ہو اور یہاں چھٹے کا حاکم آٹھویں گھر میں موجود ہو تو بھگندر یا ناسور، ظاہر ہوتا ہے جبکہ چھٹے کا حاکم اگر آٹھویں گھر میں موجود ہو تو یہ ایک خطرناک صورتحال کی عکاسی کرتا ہے۔ اگر سعد ستارہ چھٹے یا آٹھویں گھر کے حاکم کو سعد نظر سے دیکھتا ہو تو کافی حد تک بچاؤ اور صحت کی بہتری کے اسباب ظاہر ہوتے ہیں۔ صحت یابی کی اُمیدیں گیارہویں گھر سے معلوم کی جاتی ہیں گیارہویں کا ستارہ سعد ہو، اپنے گھر میں ہو، شرف یا اوج میں ہو، سعد ستارے کی نگاہ یا قران ہو، اور نحس ستاروں کی نظرات سے ساقط النظر ہو تو بیماریوں میں شفاء ہو جاتی ہے۔ اور اکثر ایسے افراد کو بیماریاں کم متاثر کرتی ہیں۔ سعد ستاروں کا نحس گھروں میں قیام اور اس کے ساتھ نحس ستاروں کی نحس نظرات بھی زائچہ میں موجود ہوں تو مولود دائمی مریض یا کسی نہ کسی مرض سے متاثر رہتا ہے۔ لیکن اگر نحس ستارے نحس گھر اور سعد ستارے سعد گھروں پر مقیم ہوں یا

سعد نظرات رکھتے ہوں تو مولود کی زندگی پیچیدہ امراض سے عاری ہوتی ہے۔ طالع بروج کے حساب سے چند ایک نظرات جو بیماریوں کو ظاہر کرتی ہیں وہ بروج کی ترتیب سے قارئین کی نظر کرتا ہوں۔

☆ **طالع برج حمل۔۔** عطارد چھٹے کا ستارہ پہلے گھر نحس ستارے کی نگاہ میں ہو تو مولود بینائی سے محروم ہو سکتا ہے۔ چوتھے کا حاکم قمر پہلے، تیسرے چھٹے آٹھویں نحس ستارے کے ساتھ، آٹھویں گھر میں مریخ کے ساتھ، زحل چوتھے ہو اور عطارد اور شمس نحس گھر یا نحس ستارہ کے ساتھ ہوں تو دل کی تکالیف سے متاثر ہو سکتے ہیں۔ شمس آٹھویں گھر ہو تو دل کا اٹیک، مریخ چوتھے اور زحل و قمر نحس ہوں تو جذام یا کوڑھ ہو سکتا ہے۔ ☆ **طالع برج ثور۔** زہرہ پہلے چھٹے کا ستارہ پہلے گھر ہو اور نحس ستارے کی نگاہ ہو تو مولود نابینا، شمس نحس سے زریوگ ہو اور چوتھے گھر نحس ستارہ ہو، چوتھے زحل اور زہرہ نحس ستارہ کی نگاہ میں ہو۔ چوتھے گھر زہرہ راہو کے ساتھ نحس ہو تو، دل کی تکالیف کا سامنا، قمر پہلے گھر کمزور درجات پر ہو تو مزمن امراض، آٹھویں گھر قمر ہو تو آسیبی اثرات۔

☆ **برج جوزا۔** عطارد نحس ستاروں کے ہمراہ ہو، عطارد آٹھویں گھر زحل کے ساتھ ہو، عطارد سرطان یا حوت میں شمس سے تحت الشعاع ہو دل کا عارضہ دیکھنے میں آتا ہے۔ عطارد زحل مریخ قران میں ہوں تو حادثاتی موت، قمر ہمراہ زحل کے آٹھویں گھر ہو تو آسیبی اثرات ہو سکتے ہیں۔

☆ **برج سرطان۔** ساتویں شمس آنکھوں کی تکالیف، چوتھے کا حاکم نحس ستاروں کے درمیان، چوتھے گھر نحس ستارہ مقیم ہو، شمس عقرب میں نحس ستاروں کے ساتھ ہو تو دل کا عارضہ۔ راس دوسرے اور کیتو ہمراہ زحل آٹھویں ہو تو بدروح یا آسیب سے تکالیف ہو سکتی ہیں۔ ☆ **برج اسد۔** شمس ساتویں، شمس قمر طالع میں مریخ کے ساتھ نحس ناظر ہو تو آنکھوں کی تکلیف۔ نحس ستارہ چوتھے پانچویں گھر مقیم ہو، مریخ راہو کیتو بارہویں ہوں تو دل کا عارضہ ہو سکتا ہے۔ جبکہ گیارہویں آٹھویں اور دوسرے گھر میں بھی نحس ستارہ مقیم ہو تو ٹینشن، زحل دوسرے مریخ آٹھویں راہو گیارہویں ہو تو آسیبی اثرات ہو سکتے ہیں۔ ☆ **برج سنبلہ۔** چوتھے کا ستارہ نحس ستاروں کے درمیان ہو، چوتھے آٹھویں کا ستارہ آٹھویں گھر ہو، چوتھے پانچویں گھر میں نحس ستارے مقیم ہوں تو دل کا دورہ ہو سکتا ہے۔ زہرہ زحل پہلے اور مشتری مریخ کے ساتھ نحس ناظر ہو تو مادہ تولید کی خرابیاں، اگر قمر عطارد مریخ، زحل و شمس میں سے کسی ایک کے ساتھ آٹھویں مقیم ہو تو بلڈ پریشر، راہو قمر کا چوتھے گھر زحل سے نحس ناظر ہونا ٹی بی کی علامات، زحل لگن اور راہو دوسرے ہوں تو ذیابیطس کا عارضہ ہو سکتا ہے۔ راہو دوسرے گھر مریخ یا زحل سے نحس ناظر ہو تو آسیبی و جناتی اثرات ہو سکتے ہیں۔ ☆ **برج میزان۔** چھٹے کا حاکم پہلے گھر ہو تو بلندی سے گرنا۔ چوتھے کا حاکم آٹھویں کے ساتھ آٹھویں گھر ہو، زحل چوتھے شمس پانچویں ہو تو دل کا عارضہ، حاکم زہرہ دو نحس ستاروں کے درمیان تو خودکشی، دوسرے کیتو آٹھویں زحل اور گیارہویں مریخ ہو تو آسیبی اثرات ہو سکتے ہیں۔ ☆ **برج عقرب۔** چوتھے گھر نحس ستارہ اور چوتھے کا حاکم نحس ستاروں کے درمیان ہو تو، چوتھے کا حاکم آٹھویں گھر اسکے حاکم کے ساتھ موجود ہو، راس چوتھے مریخ لگن میں کمزور ہو اور نحس ستارہ ناظر ہو تو دل کا عارضہ ہو سکتا ہے۔ مریخ چوتھے اور عطارد و زحل بارہویں گھر ہوں تو جذام یا کوڑھ کا مرض، پہلا گھر نحس ستارہ مقیم ہو تو دائمی مریض ہو سکتا ہے۔ زحل دوسرے ہمراہ راہو یا کیتو کے مریخ کی نحس نظر میں ہو تو آسیبی اثرات واضح ہوتے ہیں۔ ☆ **برج قوس۔** چھٹے کا حاکم نحس ستارے سے ناظر ہو تو آنکھوں کی تکلیف، چوتھے کا حاکم دوسرے گھر شمس کے ساتھ تحت الشعاع ہو، کمزور مشتری چوتھے راہو کے ساتھ ہوں تو دل کا عارضہ ہو سکتا ہے۔ قمر زہرہ نحس گھر مقیم ہوں اور مشتری کی نحس نظر ہو تو حادثاتی موت، زحل پانچویں راہو کے ساتھ ہو تو موروثی امراض، کمزور درجات پر قمر آٹھویں گھر زحل کے ساتھ مقیم ہو تو آسیبی اثرات ہو سکتے ہیں۔ ☆ **برج جدی۔** عطارد چھٹے کا حاکم پہلے گھر ہو تو بینائی کا خطرہ، آٹھویں کا حاکم آٹھویں ہو، چوتھے یا پانچویں گھر کسی نحس ستارے کا قیام ہو دل کا عارضہ ہو۔ زحل مریخ اور شمس نحس گھر میں واقع ہوں تو حادثاتی موت، چھٹے کا حاکم ساتویں یا دسویں مریخ سے نحس ناظر ہو تو دشمنی سے پریشان حتیٰ کہ موت واقع ہو سکتی ہے۔ راہو دوسرے گھر مریخ گیارہویں، اور زحل ساتویں گھر ہو تو آسیبی اثرات ہو سکتے ہیں۔ ☆ **برج دلو۔** چھٹے کا حاکم مریخ کے ساتھ نحس ناظر ہو تو ڈوبنے کا امکان، چوتھے اور آٹھویں کے حاکم آٹھویں گھر ہوں، زحل چوتھے اور شمس پہلے ہو تو دل کا عارضہ ممکن ہو سکتا ہے۔ شمس کمزور درجات پر لگن میں نحس ستارہ سے ناظر ہو تو خودکشی کر سکتا ہے۔ قمر کمزور درجات پر زحل کے ساتھ، راہو کیتو مریخ کے ساتھ یا نحس ناظر ہوں تو آسیبی اثرات ہوں۔ ☆ **برج حوت۔** چھٹے کا حاکم نحس ستارہ کے ساتھ ناظر ہو تو آنکھوں کی تکلیف، چھٹے کا

حاکم بارہویں آٹھویں گھر نحس ستارے سے ناظر ہو، چوتھے کا حاکم چھٹے ہو اور نحس ستاروں کے درمیان ہو تو دل کا عارضہ، آٹھویں کا حاکم پہلے اور پہلے کا آٹھویں ہو اور نحس ستارہ ناظر ہو تو مختلف الامراض میں مبتلا ہو سکتا ہے۔ چھٹے آٹھویں بارہویں کے حاکم ستارے کسی ایک نحس گھر میں ہوں اور نحس ستارے ناظر بھی ہوں تو غیر طبعی یا حادثاتی موت، راہو کیتو دوسرے آٹھویں مریخ کے ساتھ یا عطارد کے ساتھ نحس ہوں تو آسیبی علامات ہو سکتی ہیں۔ بے اولادی یا نامردی کی تشخیص زائچہ میں پانچویں گھر سے دیکھی جاتی ہے اگر پانچویں نحس ستارہ اور پانچویں کا حاکم نحس گھر میں مقیم ہو یا نحس ستارہ کی نظرات رکھتا ہو تو عورت یا مرد میں بانجھ پن کی کیفیات کا پتہ چلتا ہے جو کہ قابل علاج بھی ہے اور تشفی آمیز بھی ہے۔ اگر زائچہ سے آپکے مرض کی تشخیص ہو جاتی ہے تو آپ طبی علاج کے ساتھ روحانی علاج کو بھی ترجیح دیں۔ بعض افراد کے ساتھ کئی ایک امراض آسیبی یا جناتی تکالیف کی وجہ سے بھی ہوتے ہیں تشخیص کے بعد علاج آسیبی و جناتی تکالیف کا بھی ممکن ہے۔ علاج کے لئے گیارہویں گھر کے حاکم کی سعد نظرات میں درج ذیل نقش جو کہ سورۃ فاتحہ کا ہے اور اس نقش کے اطراف سات آیات شفاء بھی لکھی ہیں۔ بنائیں اور مریض کو پینے اور پہننے کے لئے استعمال کروائیں۔ نقش کو منسوب ستارے کے شرف اوج میں یا کسی سعد ستارے کے ساتھ سعد نظر میں بنائیں ورنہ شرف قمر میں بنانا بھی مناسب ہے جو کہ ہر ماہ آتا ہے۔ چال کے مطابق نقش بنائیں اور کم از کم گیارہ نقوش بنائیں جن پر ایک ہی نشست میں ۷۰ مرتبہ سورۃ فاتحہ اول و آخر گیارہ مرتبہ دُرود پاک کے ساتھ پڑھ کر دم کر دیں۔ اور ساتھ ہی تھوڑا سا پانی بھی دم کر لیں، ایک نقش کو چار روز تک استعمال کروائیں اور چالیس دنوں میں گیارہ نقوش پورے کر لیں۔ مزمن امراض میں دورانیہ بڑھایا بھی جا سکتا ہے۔ قارئین یاد رکھیں مشکل کیسی ہی کیوں نہ ہو صدقہ ایک بہترین علاج ہے۔ ستاروں کی نحوست ہو یا جادو آسیبی یا جناتی اثرات ہوں یا روحانی وکالاعلم صدقہ کسی بھی مشکل کا زور توڑنے کا ایک مجرب طریقہ ہے۔ فرمان معصوم مولا علیؑ مشکل کشاء ہے کہ جب مشکلات میں گھر جاؤ تو صدقہ کے ذریعہ سے اللہ سے تجارت کرو۔ آپ کو کیا چیز صدقہ میں دینی چاہیئے یوں تو صدقہ کسی بھی چیز کا ہو سکتا ہے لیکن اگر زائچہ کی تحقیق سے ستارے کے مطابق درست صدقہ صحیح وقت پر دیا جائے تو تیر بہدف کام کرتا ہے۔ امر بی کا کوئی توڑ نہیں لیکن اگر حیات ہے تو آپ یقین کامل کے ساتھ استعمال کریں۔ انشاء اللہ صحت کلی عطا ہوگی۔ آپکو ہم سب کو مولا حضرت امام مہدی عجل اللہ فرجہ کے توسل خدا اپنے سایہ رحمت و عافیت میں رکھے۔

(سورۃ توبہ آیت ۱۴، سورۃ یونس آیت ۵۷، سورۃ النحل آیت ۶۹، سورۃ بنی اسرائیل آیت ۸۲، سورۃ شعراء آیت ۸۰، سورۃ سجدہ آیت ۴۴، سورۃ مومنون آیت ۱۱۸) سات آیات شفاء جو نقش کے اطراف میں لکھنی ہیں۔

۷۸۶-۱۱۰

یااللہ ۔ وَاِذَامَرِضْتُ فَهُوَیَشْفِیْنِ ۔ یاشافی

۱۷۳۴۱	۱۹۵۷۹	۲۴۴۷۰
۱۷۱۳۴	حامل نقش کو صحت و شفا عطا ہو۔ صحت سلامتی عطا ہو بحق اللہ شافی اللہ کافی	۱۲۲۳۵
۴۸۹۴	۹۷۸۸	۱۴۶۸۵

قدجاءتکم موعظة من ربکم وشفاء لما فی الصدور ۃ یخرج من بطونها شراب مختلف الوانه فیه شفاء للناس لا وننزل من القرآن ماهو شفاء ورحمة للمومنین قل هو للذین امنوهدیٰ و شفاء ط

برائے شفایابی پانی پر سات مرتبہ یامقیت پڑھ کر پلائے۔

دُعاگو: غلام رضا عسکری اعوان

گھر نمبر 146/129 کیمپ نمبر 2 شہید بے نظیر آباد (نواب شاہ سندھ)

فون نمبر: 0333-2312323 0333-7014915

++++++++++++++++++++++++++++++

نسخہ خاص پنجتن پاک

یہ نسخہ دل، دماغ، نظر، گلا اور پھیپھڑوں کی بیماریوں کا شافی علاج ہے۔ دل کے لئے اکسیر ہے۔ علاج پانچ چیزوں پر مشتمل ہے۔

۱۔ اجوائن دیسی 50 گرام صاف کی ہوئی ۲۔ پودینہ سبز 50 گرام مع ٹہنیاں ۳۔ ادرک تازہ 50 گرام ۴۔ شہد ۵۔ پانی

ترکیب: اجوائن پودینہ اور ادرک کو باریک پیس لیں اور اس کے پانچ حصے کر لیں۔ صبح نماز فجر کے بعد روزانہ ایک حصہ ایک پاؤ پانی میں ڈال کر اچھی طرح اُبال لیں اس کے بعد اسے چھان کر دو چمچ شہد ملا کر گرم گرم پی لیں۔ اور دو گھنٹے بعد حسب معمول ناشتہ کر لیں۔ یہ علاج جمعۃ المبارک سے شروع کریں اور جمعرات کو ناغہ کریں۔

سید محبوب علی نوشہرہ درکاں۔ فون: 03034511007

القائم بک ڈپو اینڈ پرنٹنگ ایجنسی نزد امام بارگاہ بھون روڈ چکوال 0333-5784050

ایم افضل اینڈ برادرز چشمہ بازار حسینی چوک اسکردو۔

زحل اور دیگر سیّارگان کے اثرات سے بچاؤ کی تدبیر

دورد وسلام محمدؐ وآلِ محمدؐ پر اور بے حد وحساب حمد وثناء رب الارباب کی جس نے انسان کی فلاح کیلئے اس کو خُلقِ عظیم سے نوازا گذشتہ سالوں 9-2008 کے مضامین کے ذریعے آپکی خدمت میں یہ بات واضح کرنے کی کوشش کی گئی کہ پروردگار عالم نے کائنات کی کوئی بھی چیز بلاوجہ تخلیق نہیں فرمائی اور تمام خلقت کا بنی نوع انسان سے کسی نہ کسی طرح ربط ضرور موجود ہے سال 2008ء کی امامیہ جنتری میں یہ وضاحت کی گئی کہ ستارے انسانی زندگی پر اثر انداز ہوتے ہیں اور انکے اچھے اور بُرے اثرات کا انسانی زندگی میں اہم کردار ثابت ہے انہی اثرات کے مدِ نظر جنتری ہذا میں ہر برج سے متعلقہ لوگوں کے ایک سالہ متوقع حالات پیش کیے جاتے ہیں۔

قارئین کرام اُسی مضمون میں ستاروں کے نحس اثرات سے بچاؤ کی تدبیر بھی بتائی گئی جو کہ دُعائے ردِ نحوست سیارگان اور نقش برائے ردِ نحوستِ سیارگان پر مشتمل تھی یہ تدبیر اس قدر مجرب رہی کہ قارئین وعالمین کی فرمائش پر اسے دوبارہ مزید وضاحت کے ساتھ آپ کی خدمت میں پیش کیا جارہا ہے۔گذشتہ چند سالوں سے ستارہ زحل کے نحس اکبر ہونے کا چرچہ بڑے زور وشور سے جاری ہے یہاں تک کہ جنکی پیدائش کا عدد یا نام کا عدد آٹھ (۸) بنتا ہے اُنہیں بُری طرح سے ڈرایا جاتا ہے حد تو یہ ہے کہ کئی بچے بچیوں کے رشتے صرف اس لیے نہیں ہوسکے یا ٹوٹ چکے ہیں کہ اُنکا ستارہ زحل ہے یا کسی بھی طرح سے اُنکا تعلق عدد آٹھ سے بنتا ہے قارئین کرام یہ صرف ستارہ زحل ہی کا خاصہ نہیں بلکہ تمام سیارگان سعد ونحس اثرات رکھتے ہیں جنکی جدول ساتھ لکھ رہا ہوں تا کہ بات سمجھنے میں آپ کو مشکل پیش نہ آئے۔(زوار رضا جادا)

حالت	شمس	قمر	عطارد	زہرہ	مشتری	مریخ	زحل	حالت
شرف	حمل	ثور	سنبلہ	حوت	سرطان	جدی	میزان	درجہ کمال سعادت
ہبوط	میزان	عقرب	حوت	سنبلہ	جدی	سرطان	حمل	کمزوری، پریشانی
اوج	سرطان	سنبلہ	عقرب	جوزا	میزان	اسد	قوس	بلندی سرفرازی
حضیض	جدی	حوت	ثور	قوس	حمل	دلو	جوزا	پستی وگراوٹ
فرح	قوس	جوزا	حمل	اسد	دلو	سنبلہ	حوت	فرحت عیش خوشی، شادمانی
طرح	جوزا	قوس	میزان	دلو	اسد	حوت	سنبلہ	مصیبت، غم، امراض
ترفع	اسد	سرطان	جوزا	میزان	قوس	حمل	دلو	باعزت ترقی یافتہ مکرم
وبال	دلو	جدی	حوت	حمل	جوزا	میزان	اسد	تفکرات، غم، امراض، تنزلی

قارئین کرام درج بالا جدول سے یہ بات واضح ہے کہ تمام سیارگان جب آسمان پر گھومتے ہوئے مختلف بروج میں جاتے ہیں تو اچھی اور بُری حالت سے گزرتے ہوئے انسانی زندگی پر سعد ونحس اثرات مرتب کرتے ہیں جس کی ایک روشن مثال آئمہ طاہرینؑ کا قمر در عقرب سے مومنین کو متنبہ کرنا ہے۔اب اگر ستارہ زحل فقط نحس ہے تو جب یہ ستارہ شرف۔اوج۔فرح یا ترفع جیسی حالت میں ہوتا ہے تو کیسے اثرات مرتب کرتا ہے کیا وہی جو کہ یہ ہبوط، حضیض، طرح اور وبال میں مرتب کرتا ہے۔اگر یہ نہیں تو یہ کیوں نہیں بتایا جاتا کہ اس کے سعد اثرات آپ کی زندگی پر کیا اثرات مرتب کرتے ہیں! میرا ذاتی تجربہ ہے کہ زحل اگر کسی کے زائچہ پیدائش میں سعد ہو تو ایسے شخص کو دنیا کا خوش قسمت ترین انسان بناتا ہے اعلیٰ منصوبہ بندی، انتھک محنت، مستقل مزاجی، دور اندیشی، اصول پسندی جیسے اوصاف اُس شخص میں بدرجہ اُتم موجود ہوتے ہیں اور عزت دولت شہرت اُس شخص کے پاس فراواں ہوتی ہے اور اگر بوقت پیدائش ناقص ہو تو حالات اسکے بالکل اُلٹ ہوتے ہیں۔مگر یہ صرف ستارہ زحل سے ہی منسوب نہیں ہر ستارہ بالکل اسی طرح مختلف اوقات میں اچھے یا بُرے اثرات مرتب کرتا ہے۔اور اپنے منسوبات کے مطابق انسانی زندگی پر اثر انداز ہوتا ہے منسوبات کواکب چونکہ ایک بہت وسیع موضوع ہے اور جنتری کے صفحات اسکے متحمل نہیں ہوسکتے اسلئے اس پر پھر کبھی انشاء اللہ بات ہوگی۔بالکل اسی طرح زائچہ کا ہر گھر بھی علیحدہ علیحدہ منسوبات کا حامل ہوتا ہے جہاں ستارہ اپنے اور اُس گھر کے منسوبات کے مطابق اثر انداز ہوتا ہے۔

قارئین کرام آیئے اب ایک جائزہ ستارہ زحل کا آئمہؑ کرام کی نظر سے لیتے ہیں (تفسیر صافی صفحہ ۵۲۷ پر بحوالہ الخصال) منقول ہے کہ امام جعفر صادقؑ نے ایک یمنی شخص سے فرمایا کہ تمہارے نزدیک نجوم میں زحل ستارہ کیسا ہے؟ یمنی نے عرض کی کہ وہ تو منحوس ہے حضرت نے فرمایا کہ خبردار ایسا کبھی نہ کہنا وہ تو جناب امیر المومنینؑ کا ستارہ ہے اور تمام اوصیاء کا ستارہ ہے اور وہی (نجم الثاقب) ہے۔ جس کی نسبت اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ یمنی نے پوچھا یا ابن رسول اللہ ثاقب کے کیا معنی ہیں۔ آپؑ نے فرمایا اس کے طلوع ہونے کی جگہ تو ساتویں آسمان پر ہے مگر اس کی روشنی سب آسمانوں سے پار ہو کر آسمان دنیا پر چمکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اسی کو نجم الثاقب فرمایا ہے۔ (سورہ طارق آیت ۲) میں بے حد ممنون ہوں۔ کراچی کی محترمہ شائستہ فردوسی صاحبہ کا جن کے توسط سے یہ تحقیق گذشتہ سال مجھ تک پہنچی۔ آیئے اب آپ کو ان تمام سیارگان کے نحس اثرات سے محفوظ رہنے کی تدبیر بتاتا ہوں جو کہ گذشتہ کئی سال سے میرے تجربات میں شامل ہے۔ ہر سال امامیہ جنتری میں دعائے رد نحوست سیارگان پیش کی جاتی ہے جسکے کل اعداد قمری (۲۰۲۷۵) ہیں اس دعا کا نقش مربع آتشی چال سے خالص چاندی پر لکھیں لوح کے اردگرد آئمہ طاہرین کے اسمائے مبارکہ لکھیں اب لوح کو سامنے رکھ کر روزانہ بعد از نماز پنجگانہ ۹ مرتبہ دعائے رد نحوست سیارگان ورد کریں بمعہ اول و آخر 9-9 مرتبہ درود پاک۔ یہ عمل 90 یوم جاری رکھیں۔ بعد از 90 یوم یہی دعا روزانہ کسی بھی نماز کے بعد 9 مرتبہ ورد کرنا اپنا معمول رکھیں انشاءاللہ ستاروں کے ہر قسم کے نحس اثرات سے محفوظ رہیں گے۔ وہ افراد جنکے زائچہ پیدائش میں سیارگان منفی پوزیشن کے حامل ہوتے ہوئے نحس اثرات مرتب کر رہے ہیں اُنکے لئے بھی یہ نقش اور دعا انتہائی کارآمد ثابت ہوگی۔ (انشاءاللہ) لوح کسی بھی سعد ستارے کی سعد نظرات یا شرف و اوج وغیرہ کے اوقات میں لکھی جاسکتی ہے۔ بوقت تیاری جن ستاروں کی نظرات میں کام کریں اُن سے متعلقہ بخورات وصدقات ضرور استعمال کریں دعا کے اعداد قمری سے مرتب شدہ نقش آپکی سہولت کیلئے ہمراہ دے رہا ہوں۔

۷۸۶

محمدؐ　علیؑ　فاطمہؑ　حسنؑ　حسینؑ

8 ٥٠٦٨	11 ٥٠٧١	14 ٥٠٧٥	1 ٥٠٦١
13 ٥٠٧٤	2 ٥٠٦٢	7 ٥٠٦٧	12 ٥٠٧٢
3 ٥٠٦٣	16 ٥٠٧٧	9 ٥٠٦٩	6 ٥٠٦٦
10 ٥٠٧٠	5 ٥٠٦٥	4 ٥٠٦٤	15 ٥٠٧٦

شیخ زوار رضا جاوا۔ 0300,0321-9477284

سحر جادو اور اُس کا قرآنی علاج

یہ بات طے شدہ ہے کہ اس دنیا میں کسی بھی معاملے میں کوئی فارمولا اس وقت تک کارگر ثابت نہیں ہوتا جب تک مالک کون و مکان کی مرضی شامل حال نہ ہو۔ تعویذات ہوں یا وظائف دوا ہو یا دعا روایت میں ہے کہ دوا حلق سے اُترتے ہی اپنے رب سے کہتی ہے اس مریض کے مرض کو بڑھاؤں یا گھٹاؤں یا اسی حالت میں رہنے دوں پھر جو حق تعالیٰ کا حکم ہوتا ہے دوا وہی اثر دکھاتی ہے۔ دوا کبھی فائدہ پہنچاتی ہے کبھی نقصان لیکن علاج ہر نبی کی سنت رہا ہے۔ جسمانی ہو یا روحانی یہ ذات گرامی اگر کسی کو زندگی دینے کا فیصلہ کر چکی ہے تو زہر بھی اُسے نقصان نہیں پہنچا سکتا اور اگر موت دینے کا فیصلہ کر لیا تو اُسے تریاق بھی زندگی نہیں دے سکتی اس رنگ برنگی دنیا میں جہاں بے شمار حقائق پیدا کئے ہیں وہاں سحر جادو کی حقیقت کو بھی تسلیم کیا گیا ہے۔ جادو کا ذکر اللہ کی آخری کتاب میں بھی آیا ہے لہٰذا اس کا دفاع کرنا ضروری ہے۔ سحر آسیب جنات ہیں یا ستاروں کی نحوسات اپنے بُرے اعمال کی سزا ہے یا کوئی امتحان بدروحوں کا اثر ہے یا کوئی نفسیاتی اثر سفلی علم ہے یا کالا جادو مصری جادو ہے یا بابلی کلدانی جادو ہے یا برما آسام کا سحر بنگال و ہمالیہ ہے یا چین و جاپان۔ اس کی تشخیص کے مختلف طریقہ کار ہیں جو یہاں پر درج کریں تو مضمون طویل ہو جائے گا۔ لہٰذا اگر یہ علامات آپ دیکھیں تو فوراً روحانی علاج کی طرف متوجہ ہوں۔

روحانی علاج: سورہ فاتحہ مکمل، سورہ بقرہ (1 تا 5 اور 163) آیۃ الکرسی خالدون تک، سورہ آل عمران (18)، سورہ اعراف 84 (تا 86) سورہ بنی اسرائیل (110 تا 111) سورہ مومنون (115 تا 118)، سورہ صافات (1 تا 10) سورہ رحمٰن (33 تا 35)، سورہ حشر (21 تا 24) سورہ جن (1 تا 4) پڑھ کر اپنے اوپر یا سحرزدہ کے اوپر دم کریں۔ 7 روز تا 21 روز تک اور اس کے علاوہ نقش رد سحر آسیب نظر بد اور ستاروں کی نحوسات کے دفع کرنے کے لئے حصول شفاء جو مشک و زعفران سے تیار کئے جاتے ہیں۔ ادارہ روحانی و قرآنی فیض سے منگوا کر اپنے پاس رکھیں بہت ہی اکسیر اور مجرب ہے اور ساتھ ہی جادو شکن کیسٹ منگوا کر بہت سے فوائد حاصل کریں۔ اور بانی امامیہ جنتری کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

قاری منیر حسین محمدی (بانی و سربراہ) محمدیہ قرآن سنٹر و ادارہ روحانی و قرآنی فیض مکان نمبر 30 ڈوگر ہوٹل والی گلی، الحمد کالونی، نیلم بلاک علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

042-38433845 , 0300-4352315

Scanned with CamScanner

ہوجائے گا 6 جون تا 9 ستمبر مشتری کے برج حمل میں چلے جانے اور حالت حضیض میں ہونے سے آپکی شخصیت پر منفی اثرات مرتب ہونگے لین دین کے معاملات اور کاروباری یا جاب کے معاملات میں الزام لگنے یا تنزلی ہونے کا اندیشہ ہے اسی دوران 10 جولائی تا 7 اگست زہرہ ساتویں گھر ہبوطی کیفیت میں ہوگا عزیز واقارب اور ازدواجی تعلقات سے منسوبہ مسائل آپکے وقات کو مجروح کر سکتے ہیں۔

اولاد، انعامی بانڈ، لاٹری: آپکے بیت الاولاد کا حاکم ستارہ قمر ہر ماہ تمام بروج کا دورہ مکمل کرتے ہوئے سعد و نحس اثرات مرتب کرتا ہے اس طرح تمام سال آپکو ملے جلے حالات کا سامنا رہے گا گذشتہ سال اگست تا اکتوبر مریخ کے پانچویں گھر ہبوط نے آپکو کافی پریشان رکھا ہے۔ امسال حالات انشاءاللہ کافی بہتر رہیں گے امسال ہونے والے قمری گرہنوں کے اوقات میں اور قمر در عقرب کے اوقات میں صدقہ دے کر آپ متوقع مسائل سے بچ سکتے ہیں یہ تمام اوقات آپکو جنتری میں مل جائیں گے وہ حوت افراد جو اولاد کے خواہشمند ہیں اُنکے لئے یوں تو سارا سال موافق ہوگا مگر 21 جون تا 22 جولائی کا عرصہ خاص طور پر بہتر نظر آ رہا ہے آپکی دلی مراد انشاءاللہ بر آئے گی انعامی بانڈ کے شائق افراد کیلئے یہ سال ایک بہترین موقع ثابت ہوگا۔

شراکتی و ازدواجی معاملات: آپ زحل کی ساتویں گھر موجودگی کیوجہ سے اپنے شراکتی ازدواجی معاملات میں گذشتہ کئی سال سے پریشان رہے ہیں مگر گذشتہ نومبر سے صورتحال قطعی طور پر آپکے حق میں تبدیل ہو چکی ہے اب آپکی شادی نکاح کے راستے میں حائل سب سے بڑی رُکاوٹ دور ہو جانے سے منزل آسان ہو چکی ہے مگر صحیح وقت کا انتخاب ضروری ہوگا سال کی پہلی سہ ماہی میں نئی شراکت داریوں اور نکاح و رخصتی وغیرہ سے قطعی گریز کریں اس دوران کئے گئے شراکتی ازدواجی معاہدے دیرپا نہ ہونگے 7 اپریل کو زحل ایکبار رخصت ہوگا اور 27 جولائی تا 13 اکتوبر آپکے بیت الزوج کا حاکم شرفی گھر ہونے سے آپکے لئے نئی شراکت داریوں اور شادی بیاہ کی راہیں کھول رہا ہے یہ سال کا سب سے اچھا وقت ہوگا مگر عطارد کی رجعت کے ایام کو ضرور مدنظر رکھیں۔ 3 تا 20 اکتوبر ایسے کسی بھی اقدام سے گریز کریں سال کا دوسرا بہترین وقت 20 اکتوبر تا 8 نومبر ہوگا۔

تعلیمی کیریئر: حوت بچوں کو امسال 10 جولائی تا 7 اگست ابتدائی تعلیمات میں مشکلات پیش آ سکتی ہیں سال کا باقی عرصہ انشاءاللہ بہتر رہے گا اعلیٰ تعلیمات حاصل کرنے والے حوت افراد کو 11 مارچ تک بوجہ رجعت مریخ اور 30 جولائی تا 14 ستمبر مریخ کی وبال کے گھر موجودگی کیوجہ سے مشکلات کا سامنا ہوگا اور ابتدائے سال تا 6 جون اور بعد از 14 ستمبر تا آخر سال کا عرصہ ماسوائے رجعت کے ایام کے بہترین ثابت ہوگا۔

سفر: امسال بھی آپکو حسب سابق کئی ایک نزدیکی سفر اختیار کرنا پڑ سکتے ہیں 10 جولائی تا 7 اگست سفر سے گریز کریں اگر بوجہ مجبوری سفر اختیار کرنا پڑ جائے تو زہرہ سے منسوبہ صدقہ ضرور ادا کریں زیارات مقدسہ اور حج وعمرہ کے خواہشمند افراد امسال انشاءاللہ اس سعادت سے بہرہ مند ہو سکیں گے بیرون ملک سفر کے خواہشمند افراد کو امسال کئی ایک مواقع میسر آئیں گے ابتدائے سال تا 11 جنوری اور 30 جولائی تا 14 ستمبر بیرون ملک سفر اور ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کرنا بہتر ہوگا ورنہ ناکامی ہو سکتی ہے۔

منگنی وشادی: امسال حوت افراد کی منگنی وغیرہ کے قوی امکانات موجود ہیں بالخصوص 21 جون تا 22 جولائی کا عرصہ اس مقصد کیلئے بہترین وقت ہوگا البتہ قمر در عقرب اور قمری گرہن کے اوقات میں ایسی تقریبات سے گریز کریں۔ زحل کے اگلے گھر چلے جانے سے آپکی شادی وغیرہ کی راہ ہموار ہوگئی ہے جو کہ گذشتہ کئی سال سے مسدود چلی آ رہی تھی ابھی بھی آپکو صحیح وقت کا انتخاب کرنا ہوگا تاکہ معاہدہ شادی دیرپا اور مستحکم ہو سکے سال کے پہلے دو ماہ بالعموم اور یکم تا 17 مارچ ایسی تقریبات سے قطعی گریز کریں ورنہ حالات آپکی توقع کے قطعی برخلاف ہونگے اس کے علاوہ 3 تا 20 اکتوبر کا عرصہ بھی اس کام کیلئے مناسب نہ ہوگا البتہ 10 جون تا 25 جون 27 جولائی تا 13 اکتوبر اور 20 اکتوبر تا 8 نومبر کا عرصہ ایسی تقریبات کیلئے سال کے بہترین اوقات ہونگے اس دورانیے میں رجعتِ عطارد کے ایام تقریبات التوا میں پڑ سکتی ہیں۔

معیشت کیریئر روزگار: آپکے کیریئر کا حاکم ستارہ مشتری 18 جنوری سے بہترین پوزیشن کا حامل رہتے ہوئے آپکے کیریئر روزگار میں ترقی کا باعث ہوگا کاروبار سے وابسطہ افراد کو حسب خواہش کامیابی مل سکے گی 6 جون کو مشتری کے گیارہویں گھر چلے جانے سے معاملات آپکی خواہشات کے برخلاف ہو جائیں گے مشتری یہاں 9 ستمبر تک قیام کرے گا اس دورانیہ میں نئے کاروبار یا ملازمت کی تبدیلی سے گریز کریں گو کہ مشتری 9 ستمبر سے واپس آپکے کیریئر کے گھر آ چکا ہے مگر مشتری کی رجعت آپکے کاروبار کو تنزلی کی جانب دھکیل سکتی ہے مشتری کی رجعت 19 نومبر تک جاری رہے گی اس دورانیے میں منفی کاروباری سرگرمیوں سے گریز کریں کسی بھی قسم کی بے ضابطگی آپکیلئے مسائل کا باعث ہوگی سال کا باقی عرصہ آپکے موافق ہوگا مشتری کی مثبت پوزیشن مذہبی کتب، پارہ، ٹن، بنک، انشورنس کمپنیوں، ربڑ، گوشت اور خوردنی سپاری کا کام کرنے والے افراد کو متوقع طور پر خاصا مالی فائدہ پہنچا سکتی ہے اور منفی پوزیشن نقصان کا باعث ہوگی۔

خصوصی احکامات: آپ کا یہ سال کئی حوالوں سے گذشتہ سے بہتر نظر آ رہا ہے بالخصوص طالع اور کیریئر کے حاکم مشتری کی طالع میں بہترین پوزیشن آپکی شخصیت اور کاروبار پر انتہائی مثبت اثرات مرتب کر رہی ہے اس کے علاوہ دوسرے نادیں کا حاکم مریخ بھی سوائے 30 جولائی تا 14 ستمبر بہترین پوزیشن کا حامل رہتے ہوئے مذہبی معاملات بیرون ملک سفر اور معیشت سے متعلقہ امور میں بہتری کا باعث ہوگا گو کہ 11 مارچ تک مریخ کی رجعت ان معاملات میں تیزی اور کسی وقت مشکلات بھی لائے گی۔ مگر بہر حال صورتحال مجموعی طور پر آپکے حق میں ہی رہے گی 11 فروری تا 7 مارچ طالع میں زہرہ کی شرفی پوزیشن آپ میں ایک مقناطیسی کشش پیدا کر دے گی آپکے اور عزیز واقارب بالخصوص بہن

بھائیوں کے مابین تعلقات نئے سرے سے استوار ہورہے ہیں اسی دوران یکم تا 17 مارچ عطارد طالع میں ہبوطی کیفیت کا حامل ہوگا خانگی اور ازدواجی معاملات میں تحمل اور بُردباری کا مظاہرہ کرنا بہتر ہوگا والدہ یا گھر کی جانب سے پریشانی ہوسکتی ہے 20 مارچ تا 20 اپریل خانہ مال میں شمس کی موجودگی آپکے لئے کسی ایسی ملازمت کا پیغام ثابت ہوسکتی ہے جس سے آپکی مالی پوزیشن مستحکم ہوگی یا کوئی بہتر ملازم میسر آسکتا ہے 2 اپریل تا 10 جون چوتھے ساتویں کا حاکم عطارد تیسرے گھر حالت حنیفی میں ہونے سے ایکبار پھر خانگی ازدواجی مسائل یا پراپرٹی کا مسائل سے واسطہ پڑرہا ہے محتاط رہیں آپکا کوئی عزیز اسمیں خاصا منفی رول پلے کررہا ہے یہ ایسا وقت ہوگا جبکہ زحل رجعت پذیر ہوکر ایکبار پھر 7 اپریل تا 21 جولائی تک کا عرصہ آپکے بیت الزوج میں موجود رہے گا محتاط رہیں وگرنہ آپکے شراکتی ازدواجی معاملات آپکے قابو سے باہر ہونگے آپکے مابین علیحدگی ہوسکتی ہے 21 جون تا 22 جولائی پانچویں گھر شمس کی اوج یافتہ پوزیشن آپکو بچوں کی جانب سے ملنے والی خوشی کی مظہر ہے مگر اسی دوران 7 جولائی کو ہونے والا شمسی گرہن بچوں کے مالی معاملات اور آپکی صحت کو متاثر کررہا ہے 10 جولائی تا 7 اگست کا عرصہ ایکبار پھر آپکے شراکتی ازدواجی معاملات کیلئے ایک کڑا وقت ثابت ہوگا یاد رہے اس بار بھی آپکا کوئی قریبی عزیز اس معاملے کی خرابی کا باعث بن رہا ہے دوسری طرف 27 جولائی تا 3 اکتوبر عطارد بھی آپکے ساتویں گھر موجود رہے گا عطارد کی شرفی گھر موجودگی سے آپکے خاندان کا کوئی فرد آپکے شراکتی اور بالخصوص ازدواجی معاملات میں مخلصانہ کردار ادا کررہا ہے یہ کوششیں بارآور ثابت ہوسکتی ہیں 23 ستمبر تا 23 اکتوبر چھٹے کا حاکم شمس آٹھویں ہبوط پذیر ہونے سے آپکو شراکتی معاملات میں نقصان ہوسکتا ہے اسی دوران آپکو صحت کی جانب خصوصی توجہ دینا ہوگی وگرنہ صحت متاثر ہونے کا اندیشہ موجود ہے 20 اکتوبر تا 8 نومبر چوتھے ساتویں کا حاکم نادیں گھر رہتے ہوئے آپکے خانگی شراکتی ازدواجی معاملات میں بہتری کا باعث ہوگا آپ گھریلو ماحول سے کافی مطمئن نظر آرہے ہیں نئے شراکتی ازدواجی معاہدے پایہ تکمیل کو پہنچ رہے ہیں اور یہ بہترین وقت ہے امسال ہونے والے قمری گرہن بالخصوص آپکے بچوں کے معاملات آپ کی اضافی آمدن اور آپکے پرسنل افیئرز کو متاثر کررہے ہیں محتاط رہیں اور شمسی گرہن آپکی صحت کے علاوہ آپکی خواہشات اور دوستوں نے واسطہ معاملات کو متاثر کرنے کا باعث ہونگے ان ایام میں صدقہ اور نماز کسوف وخسوف ضرور ادا کریں تاکہ انکے نحس اثرات سے بچا جاسکے اس کے علاوہ اس سال کی اہم ترین بات گیارہویں بارہویں کے حاکم زحل کی شرف کے گھر موجودگی ہے زحل کی یہاں موجودگی جہاں آپکی وراثت ترکہ کے معاملات میں بہتری کا باعث ہوگی وہیں آپکی خواہشات کی تکمیل میں بھی معاون ہوگی مگر 7 اپریل تا 21 جولائی زحل ایکبار پھر برج سنبلہ میں رہے گا اب آپکی خواہشات کی تکمیل ممکن نہ ہوگی اور قانونی وراثتی معاملات بھی آپکے لئے پریشانی کا باعث ہونگے چونکہ زحل آپکے بارہویں کا حاکم ستارہ بھی ہے اس لئے جب جب زحل بہتر پوزیشن میں ہوگا آپکے خفیہ دشمن بھی مضبوط ہونگے محتاط رہیں۔

خصوصی ورد: روزانہ 300 مرتبہ ورد کریں مع اول وآخر 11-11 مرتبہ درود پاک

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ۔

صدقہ: 800 گرام کالے ماش کسی مستحق کو دیں یا قبرستان میں ڈالیں۔

سحر و جادو کا خاتمہ

جس شخص پر سحر کا اثر ہو اس مریض پر نیچے درج تمام سورتیں پڑھ کر دم کریں اور ایک بوتل میں پانی پر دوبارہ دم کر کے مریض کو پلائیں۔ بفضل تعالیٰ صحت یاب ہوگا۔ دم کئے ہوئے پانی کو 12 گھنٹے میں ایک ایک گھونٹ پلا کر ختم کریں۔ مریض پر پڑھ کر علیحدہ دم کیا جائے اور پانی پر دم کرنے کے لئے علیحدہ اتنی ہی تعداد میں پڑھا جائے گا۔ ہر سورۃ کو 7، 7 بار سات روز تک پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، سورة الفاتحه، آيت الكرسی، سورة الكافرون، سورة اخلاص، سورة الفلق، سورة الناس ۔صحت یابی کے بعد بانی امامیہ جنتری آغا نثار احمد مرحوم اور سید کاظم علی طباطبائی مرحوم کے درجات کی بلندی کے لئے دعا فرمادیں۔ برائے تعجیل ظہور امام صاحب الزمانؑ سورۃ النصر 4 مرتبہ اول و آخر درود شریف کی تلاوت کریں۔ 051-4433967

اپنا زائچہ بنوائیے

اپنی زندگی کے اہم ترین امور میں بہترین فیصلہ کرنے یا اپنے مسائل کی تشخیص اور حل کے لئے علم جفر وعلم نجوم سے مدد حاصل کیجئے۔ زندگی کے تمام امور میں بہترین مشاورت کیلئے رابطہ کریں۔ نیز نومولود بچوں کے نام زائچہ پیدائش کے مطابق رکھنے کے لئے فی سبیل اللہ رابطہ کرسکتے ہیں۔

اپنا نام، والدہ کا نام، تاریخ ومقام پیدائش ارسال کریں۔

شیخ زوار رضا جاوا

A-15 سبزہ زار، ملتان روڈ، لاہور

042-37496611,0300,0321-9477284

امامیہ جنتری (رجسٹرڈ) حکومت پاکستان کاپی رائٹ ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہے اور جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ ناشر: افتخار بک ڈپو (رجسٹرڈ) اسلام پورہ، لاہور۔